
محبت جان مانگتی ھے
حور بانو

# محبت جان مانگتی ہے

## حور بانو

موبائل کا الارم بار بار بج رہا تھا۔۔۔وہ بند کرنے ہی والی تھی کہ اُسے خیال آیا کہ آج اُسے جلدی میں کہیں جانا ہے۔۔۔۔۔۔

اوو۔۔۔۔نو آج تو کنسرٹ تھا۔۔۔حمزہ کا۔۔۔میں بھول کیسے سکتی ہوں۔۔۔۔آٹھ بجے مجھے وہاں پہنچنا ہے۔۔۔۔۔اور ساڑھے سات بج چکے ہیں۔۔۔فریال بھی آتی ہو گی۔۔۔۔یہ کہتے ہوئے اُس نے موبائل بیڈ پہ پھینکا۔۔۔۔

اور جلدی سے واشروم میں گھس گئ۔۔۔۔۔۔

_______________

میرا بیٹا تیار ہو گیا۔۔۔۔فوزیہ بیگم اپنے بیٹے حمزہ کو سیڑھیوں سے اُترتے دیکھ کر بولیں۔۔۔۔۔

جو گرے پینٹ پہنے۔۔۔بلیک شرٹ۔۔۔۔بالوں کو ماتھے پہ ڈالے۔۔۔۔ایک پُر وقار شخصیت کا مالک تھا۔۔۔۔۔۔۔

جی مما۔۔۔۔بس نکلوں گا۔۔۔کافی دیر ہو گئی ہے۔۔۔۔۔فریال کہاں ہے۔۔۔۔حمزہ اپنی چھوٹی بہن کے بارے میں پوچھتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

وہ مہرو کو لینے گئی ہے۔۔آج تمہارا کنسرٹ ہے۔۔۔۔اسی لیے۔۔۔۔۔فوزیہ بیگم جوس پیتے ہوئے بولیں۔

ہاں میں نے ہی اُسے کہا تھا کہ مہر کو لے کر آئے۔۔۔میرے لیے آج بہت خاص دن ہے۔۔مہر کا ہونا تو ضروری تھا۔۔۔

ہاں بھئی۔کزن جو ہے تمہاری۔۔۔بچپن سے ساتھ پلے بڑھے ہو۔۔۔اور ویسے بھی تمہاری اٹیچمنٹ بھی تو بہت ہے اُس سے۔۔۔۔۔

اب میں چلتا ہوں ورنہ لیٹ ہو جاؤں گا۔۔۔حمزہ فوزیہ بیگم کا ہاتھ چومتا ہوا بولا۔۔۔

اوکے میرا بیٹا۔ اللہ حافظ۔۔۔ اللہ تمہیں اپنی حفظ و ایمان میں رکھے۔۔۔ آمین۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کراچی یونیورسٹی میں اس وقت سٹوڈنٹس ہال میں جمع ہونا شروع ہو گئے تھے۔۔۔۔

خاص طور پر لڑکیاں۔۔۔ تو حمزہ کی آواز سے زیادہ اُسے دیکھنے کے لیے پاگل ہو رہی تھیں۔۔۔

حمزہ۔۔۔ یار تو یہاں کھڑا ہے۔ کنسرٹ سٹارٹ ہونے والا ہے۔۔۔ حمزہ راجپوت۔۔۔۔ چوبیس سال کا خوبرو جوان۔۔۔۔ ہلکی ہلکی داڑھی۔۔۔۔ گھنی پلکیں۔۔۔ براؤن آنکھوں سے وہ جس لڑکی کے ساتھ جینے کے خواب دیکھتا تھا وہ تھی مہرو۔۔۔ حمزہ کی مہرو۔۔۔۔

مہر کا ویٹ کر رہا ہوں آئی نہیں اب تک۔۔۔۔ حمزہ گھڑی پہ ٹائم دیکھتا ہوا بولا۔۔

ایک تو تیری صبح اور شام مہر پہ ہی آکر ختم ہوتی ہے۔۔۔ موحب مسکرا کر بولا۔۔۔۔

ہاں تو بچپن سے اُسے ہی چاہا ہے۔۔۔وہ میرے دل میں نہیں میری روح میں بستی ہے۔۔۔۔اور روح کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔۔۔۔

فریال کو بھی کب سے کالز کر رہا ہوں۔۔۔پِک ہی نہیں کر رہی۔۔۔۔

حمزہ پریشان ہوتا ہوا بولا۔۔۔

وہ دیکھ آگئی تیری مہر۔۔۔۔موحب مہرو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔

مہرو۔۔بلیک کلر کے فراک میں جس کے پَلو پر گولڈن کڑھائی ہوئی تھی۔۔۔دوپٹہ کندھوں پہ ڈالے۔۔۔بالوں کو کُھلا چھوڑے ہوئے۔۔۔

حمزہ نے مہرو کو دیکھ کر آنکھیں بند کیں۔۔۔

سوری بھائی ٹریفک جام ہو گئی تھی۔۔۔اس لیے لیٹ ہو گۓ ہم لوگ۔۔۔اور میرے فون کی بیل آف تھی۔۔۔۔۔

فریال کی آواز پر وہ متوجہ ہوا۔۔۔

مہرو نے اب تک نظریں جھکائی ہوئی تھیں۔۔۔۔۔حمزہ کی محبت کا جواب وہ اکثر ایسے ہی دیتی تھی۔۔۔۔

حمزہ کا کنسرٹ سٹارٹ ہوا۔۔۔۔۔

ہاں میرے جیسا عشق میں پاگل

پھر ملے یا نہ مِلے کل

سوچنا کیا ہاتھ یہ دے دے

میرے ہاتھ میں

حمزہ اسٹیج سے اُترا۔۔۔لوگوں میں سے ہوتا ہوا۔۔۔مہرو کے پاس پہنچا۔۔۔۔

سارے ہال میں ہوٹنگ شروع ہوگئی۔۔۔۔۔

حمزہ نے مہرو کا ہاتھ پکڑا اور اُسے اسٹیج کی طرف لے گیا۔۔۔۔۔

آنکھ اُٹھی محبت نے انگڑائی لی۔۔

دل کا سودا ہوا چاندنی رات میں۔۔

او تیری نظروں نے کچھ ایسا جادو کیا۔۔۔

حمزہ کہتے ہوئے مہر کی طرف بڑھا۔۔۔۔

ہال میں موجود تمام لڑکیوں کے دل ٹوٹ گئے۔۔۔۔

لُٹ گ ئے ہم تو پہلی ملاقات میں۔۔۔۔۔

گانا ختم ہوا تو حمزہ نے مہرو کا ہاتھ پکڑ کر اُسے اپنے قریب کیا۔۔۔۔

یہ مہرو ہے۔۔ میری مہرو۔۔۔۔ میں حمزہ راجپوت اس سے بے تحاشہ محبت کرتا ہوں

۔۔۔۔۔

آج سے نہیں۔۔۔ بچپن سے۔۔۔

مہرو کا چہرہ شرم کے مارے لال ہو گیا۔۔۔۔ وہ اُس سے کئی بار محبت کا اظہار کر چکا تھا۔۔۔ پر اس طرح سب کے سامنے نہیں۔۔۔۔۔

کنسرٹ کے ختم ہونے کے بعد ہال آہستہ آہستہ کر کے خالی ہوتا گیا۔۔۔

واہ بھائی آج تو آپ نے کمال کر دیا۔۔۔۔۔ فریال خوشی سے بولی۔۔۔

مہر تم کچھ نہیں بولو گی۔۔۔فریال اُسے دیکھ کر بولی۔۔۔۔

ہاں اچھا تھا۔۔۔مہر نے مختصر سا جواب دیا۔۔

کیا ہوا مہر تمہاری طبیعت ٹھیک ہے۔۔حمزہ نے مہر کے ماتھے پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔

کیوں۔۔۔اچھی بھلی ہوں۔مجھے کیا ہونا ہے۔مہر آنکھیں گھوماتی ہوئی بولی۔۔

وہ تم نے ابھی تک یہ نہیں کہا کہ مجھے بھوک لگ رہی ہے۔۔۔حمزہ مسکرا کر بولا۔۔۔۔

بھائی میں گاڑی میں ویٹ کر رہی ہوں۔جلدی سے آجایئے گا۔۔۔فریال کو اپنا وہاں کھڑا ہونا بے معنی لگا۔۔۔۔۔

کیا ہوا میری روحِ جان پریشان کیوں ہے۔۔۔حمزہ نے مہر کے چہرے کو اپنے ہاتھ میں لیا۔۔۔۔

آپ کو کیا ضرورت تھی سب کے سامنے ایسے کرنے کی۔۔مہر رُک رُک کر بولی۔

ارے۔۔۔تو کچھ غلط تھوڑی نہ کیا میں نے۔۔۔۔اتنی لڑکیاں جو میرے آسرے پہ بیٹھی ہوئی ہیں۔۔۔اُن کو صرف جواب دیا میں نے۔

اچھا تمہیں اچھا نہیں لگا۔۔۔تو آئی ایم سوری۔۔۔۔حمزہ کان پکڑ تا ہوا بولا۔

اب زیادہ ایکٹنگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔مجھے بھوک لگ رہی ہے۔۔ناشتہ بھی نہیں کیا۔۔۔۔اور آپ کو پتا ہے میں بھوک کے معاملے میں کتنی کچی ہوں ۔۔۔۔۔۔مہرو شکل بناتی ہوئی بولی۔

مہرو حمزہ کا ہاتھ پکڑتی ہوئی اُسے باہر لے گئی۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ریسٹورنٹ میں بیٹھے تینوں لنچ کر رہے تھے۔۔۔کہ اچانک حمزہ کا فون رِنگ ہوا۔

زوہان بھائی کالنگ لکھا آرہا تھا۔۔۔۔

بھائی کال کر رہے ہیں۔۔۔وہ بھی ویڈیو کال

ہاں تو اُٹھاؤ حمزہ۔۔۔۔۔مہرو بولی۔

مہرو تم نہیں جانتی زوہان بھائی ہمیں اس طرح ریسٹورنٹ میں دیکھیں گے۔۔۔۔۔تو بہت غصہ کریں گے۔۔۔۔

نہیں کرتے۔۔مجھے دیں حمزہ میں بات کرتی ہوں۔۔۔۔مہر نے فون لیا۔۔۔۔

اسلام و علیکم زوہان بھائی۔۔۔۔مہر ادب سے بولی۔۔۔

حمزہ کہاں ہے۔۔۔۔۔میری بات کرواؤ۔۔۔۔اور یہ تم لوگ کیا ہر وقت باہر گھومتے رہتے ہو۔۔۔اور کوئی کام نہیں ہے۔۔۔۔۔

مہر نے فون حمزہ کو پکڑایا۔۔۔۔۔

بھائی ہم لوگ ایسے ہی آگ ئے تھے۔۔

بہت شوق ہے تمہیں میرے باپ کا پیسہ اُڑانے کا۔۔۔۔۔ایڈیٹ۔۔۔۔فوراً گھر پہنچو۔۔اور میری مما سے بات کرواؤ۔۔۔۔سمجھ آئی۔۔۔۔

جی۔۔۔۔۔۔حمزہ نے کہتے ہوئے فون بند کیا۔۔

زوہان بھائی ایسے کیوں ہیں۔۔۔۔مجھے تو بہت ڈر لگتا ہے ان سے۔۔۔۔۔مہر پانی پینے لگی۔

اچھا فون بھی تم نے اُٹھایا تھا۔۔۔۔حمزہ ہنستا ہوا بولا۔

وہ تو میں نے اس لیے اُٹھایا تھا کہ بار بار بج رہا تھا۔۔۔۔۔مہر و دوپٹہ سیٹ کرتی ہوئی بولی۔

-----------------------

زوہان اس وقت اپارٹمنٹ کی بالکونی میں کھڑا تھا۔۔لندن کی شامیں غروب ہونے کو تھیں۔۔۔۔

سگریٹ پہ کش لگاتے وہ کسی کا چہرہ اپنے ذہن میں نقش کر رہا تھا۔۔۔۔۔

مہرو۔۔۔۔تم میرے مخالف لوگوں کے ساتھ بیٹھی مجھے بلکل اچھی نہیں لگی۔۔۔

جلد ہی تمہیں اپنی ملکیت بناؤں گا۔۔۔۔اور ان سب سے تمہیں بہت دُور لے جاؤں گا۔۔۔۔۔

میرا تو اس دُنیا میں تمہارے علاوہ کوئی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

مہر۔۔۔۔۔۔۔۔

بابا مجھے چھوڑ کر چلے گئے۔۔۔ماما نے تو مجھے پیدا ہوتے ہی ملازموں کے حوالے کر دیا۔

اور خود اپنی عیاشیوں میں مصروف ہو گئیں۔۔۔۔۔

پھر بابا۔۔۔۔نے میری ماں کو طلاق دے کر کسی سڑک چھاپ بیوہ کو اُٹھا کر لے آیا۔۔۔اُن کے بچوں کو پڑھایا لکھایا۔۔۔ نفرت کرتا ہوں میں ان سب سے۔۔۔۔شدید نفرت

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خالہ۔۔۔مہر گھر میں داخل ہوتے ہی فوزیہ بیگم سے مِلی۔

میری بچی۔۔۔۔۔اتنے دنوں بعد چکر لگایا۔۔۔۔۔شازیہ کیسی ہے۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہیں مما بھی۔۔۔۔۔۔آپ نے بھی تو چکر نہیں لگایا۔۔۔۔۔

حمزہ اور فریال بھی سامنے صوفے پہ جا کر بیٹھے۔

مما آپ مہرو کے آتے ہی ہمیں بھول جاتی ہیں۔فریال مصنوعی غصہ دکھاتی ہوئی بولی۔

مہرو بھی تو میری بچی ہے۔۔ایک ہی ایک میری بہن کی بیٹی ہے۔۔۔۔

مہرو ذرا بات سُننا۔۔۔حمزہ کہتا ہوا اپنے کمرے کی جانب بڑھا۔

مہر بھی آہستہ آہستہ قدم اُٹھاتی حمزہ کے پیچھے چل پڑی۔اُس کا یہاں آنا روز کا معمول تھا۔

مما زوہان بھائی کی کال آئی تھی۔۔۔حمزہ بھائی کو ہمیشہ ڈانٹتے رہتے ہیں۔۔۔مجھے بلکل اچھے نہیں لگتا۔

کیا یہ گھر اُن کا ہے۔ہمیشہ وہ ہمیں اس بات کا طعنہ دیتے رہتے ہیں کہ یہ پیسہ اُن کے باپ کا ہے۔۔۔

کیا بابا ہمارے کچھ نہیں لگتے تھے۔۔فریال کی آنکھیں نم ہوئیں۔۔۔

نہیں بیٹا۔۔۔وہ بیچارہ تو بس ایسے ہی کہہ دیتا ہے۔باہر پردیس میں اکیلا ہوتا ہے۔۔اس لیے چرچڑا سا ہو گیا ہے۔۔

فوزیہ بیگم زوہان کی بے رُخی سے واقف تھیں۔۔انہوں نے ہمیشہ زوہان کو اپنا بچوں سے بڑھ کر پیار کیا۔۔۔

لیکن زوہان کبھی انہیں ماں کا درجہ نہیں دے سکا۔۔۔۔۔

---------

کیا ہے حمزہ۔۔۔مہر چیخ کر بولی۔

آہستہ بولو۔۔۔۔بیٹھو ادھر۔۔تمہیں کچھ دینا ہے۔۔حمزہ کہتا ہوا۔۔الماری کی طرف بڑھا۔۔۔

اور ایک باکس سے خوبصورت سالا کٹ نکالا۔۔۔

جوڑ کر لکھا گیا تھا۔۔۔۔ "M" اور "h" جس میں

حمزہ اکثر اُسے کوئی نہ کوئی گفٹ دیتا رہتا تھا۔۔۔۔

واؤ حمزہ یہ تو بہت پیارا ہے۔۔۔۔مہرو کہتی ہوئی ایکسائیٹڈ ہوئی۔

میں پہنا سکتا ہوں۔۔۔حمزہ کہتے ہوئے مہر کے قریب ہوا۔

ہاں۔۔مہر نے کہتے ہوئے سَر جھکایا۔۔۔

حمزہ نے مہر کی گردن پہ دلکش سالا کٹ پہنایا۔۔جو اُس کی سفید گردن پہ چمک رہا تھا

۔۔۔۔

مہر بس تمہارا بی_اے کمپلیٹ ہو جائے۔۔مما اور میں خود آئیں گے۔۔۔۔

حمزہ خالہ مان جائیں گی۔۔۔۔

ضرور۔۔۔کیوں نہیں۔۔۔میں ہوں نا۔۔۔تم فکر نہ کرو اور اپنی پڑھائی پہ فوکس کرو

شیخ۔۔۔۔شیخ محمد۔۔۔کب سے آوازیں لگا رہی ہوں۔۔۔۔۔

میں باہر جا رہی ہوں۔۔۔۔زوہان کا خیال رکھنا۔۔۔۔۔ایک تو اس کا باپ خود چلا

گیا۔۔۔دوسرے ملک عیاشی کے لیئے۔۔۔۔۔۔۔۔اور اس کو میرے سَر پہ چھوڑ گیا

۔۔۔کتنا کہہ تھا میں نے کہ ابھی کچھ سال مجھے زندگی انجوائے کرنے دو۔۔۔۔۔بعد میں بچے ہو جاتے۔۔۔۔۔عفت بیگ کندھے سے لٹکاتی ہوئی بولی۔۔۔۔

جی بی بی جی۔۔۔آپ جائیں۔۔۔۔میں زوہان بابا کا اچھے سے خیال رکھوں گا۔۔۔۔۔

مما۔۔۔۔۔مما۔۔زوہان سکول سے ابھی واپس آیا تھا۔۔۔۔۔سکول بیگ سائیڈ پہ رکھا۔۔۔۔اور اپنی ماں کو پکارنے لگا۔۔۔۔

زوہان بابا آپ کی مما چلی گئی ہیں۔۔۔۔شیخ کہتا ہوا زوہان کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔۔۔۔اور اُس کی ٹانگوں پہ ہاتھ پھیرنے لگا۔۔۔۔۔

ہاتھ پیچھے کرو۔۔۔۔کتنی بار کہا ہے میں نے مجھ ٹچ مت کیا کرو۔۔۔۔۔زوہان کہتا ہوا کھڑا ہوا۔۔۔۔۔

میں تو بہت پیار کرتا ہوں آپ سے۔۔۔۔ملازم نے کہتے ہوئے زوہان کا منہ دبوچا ۔۔۔۔۔۔

تم شیطان ہو۔۔۔۔میں ماما کو بتاؤں گا۔۔۔۔۔زوہان نے اپنا منہ چُھڑوایا۔۔۔۔۔اور بھاگتا ہوا کمرے میں گیا۔۔اور خود کو بند کر لیا۔۔۔۔۔

------------------

اُس شخص کا کچھ پتا چلا۔۔۔۔زوہان فون کان کے ساتھ لگاتا ہوا بولا۔

جی سَر۔۔۔وہ پاکستان میں ہی موجود ہے۔۔۔کراچی کے ایک چھوٹے علاقے میں اپنی فیملی کے ساتھ رہتا ہے۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔اُس کی فیملی کی کوئی تصویریں وغیرہ ہیں تو مجھے بھیجو۔۔۔زوہان نے کہتے ہوئے فون بند کیا۔۔۔۔۔

غلیظ انسان۔۔۔۔۔تجھے تو میں ایسی موت ماروں گا۔۔۔کہ تیری نسلیں یاد رکھیں گی۔۔۔۔۔

مشروب کا گلاس حلق سے اندر کرتے ہوئے۔۔۔۔۔۔وہ غصے سے چلایا۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں فون کی میسیج ٹون بجی۔۔۔زوہان نے فون آن کیا۔۔

یہ مہرو۔کی تصویر۔۔۔۔یہ تو مہر ہے۔۔۔زوہان کو حیرت ہوئی۔

اور یہ تو شازیہ آنٹی ہیں۔۔ان کا اس شخص سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔۔۔۔

زوہان نے اُس بندے کو کال کی جس کو اُس نے اُسے انفار میشن اکٹھی کرنے کو کہا تھا۔۔۔

یہ کس کی تصویریں بھیجی ہیں۔۔۔

سَر یہ شیخ محمد کی بیوی اور بیٹی ہیں۔۔۔۔۔

واٹ۔۔۔۔زوہان نے کہتے ہوئے فون دیوار پر مارا۔۔۔۔۔

مہرو اس حیوان کی بیٹی ہے۔۔۔۔

-----------------

مہر۔۔۔۔مہر۔۔شازیہ کچن میں کھڑی۔۔۔چائے بنارہی تھی۔۔۔۔۔۔

جی امی۔۔۔۔۔

یہ پکڑ اور اپنے باپ کو دے کر آ۔۔۔۔چائے کا کپ تھماتے ہوئے وہ بولیں۔

اَمی۔۔۔آپ بابا سے ایسا رویہ کیوں رکھتی ہیں۔۔۔مہرو چہرے پہ اُداسی لاتی ہوئی بولی۔۔۔۔

تیرا باپ بس نام کا ہی باپ ہے۔۔۔ تیرے پیدا ہوتے ہی وہ ہم دونوں کو بے آسرا چھوڑ کر چلا گیا۔۔۔۔۔

اور اب جب وہ اپنی ٹانگوں سے معذور ہو چکا ہے۔۔تو ہمارے سَر پہ آ کر بیٹھ گیا۔۔۔۔

فوزیہ آپا نے جو اس گھر کا اور تیری پڑھائی کا خرچہ پورا کر رہی ہیں۔۔وہی بہت ہے۔۔۔۔

اس کی دوائیوں کے پیسے میں کہاں سے لاؤں۔۔۔۔۔۔شازیہ بیگم بولتے ہوئے رو پڑیں۔۔۔۔۔

اچھا امی آپ روئیں تو نا۔۔۔مہرو نے اُن کے چہرے پہ پڑے ہوئے آنسوؤں کو صاف کیا۔۔۔۔

---------------

خالہ مہر کہاں ہے؟؟حمزہ نظریں ادھر اُدھر گھما کر بولا

بیٹا وہ کمرے میں ہے۔ تیار ہو رہی ہے۔۔۔ کہہ رہی تھی کہ فریال کے ساتھ کہیں جانا ہے۔۔۔

اچھا۔ آپ بلائیں اُسے۔۔۔ مجھے فریال نے ہی بھیجا ہے۔۔۔۔ مہر کو لینے کے لیے۔۔۔۔

مہر حمزہ آیا ہے۔۔۔۔ جلدی سے باہر آؤ۔۔

کچھ دیر میں مہرو۔۔۔ سفید رنگ کی قمیض شلوار پہنے۔۔۔ سَر پہ لال رنگ کا دوپٹہ اوڑھے۔۔۔ باہر آئی۔۔۔۔ گردن پہ حمزہ کا دیا ہوا لاکٹ جگمگا رہا تھا۔۔۔۔ کانوں میں جھمکے۔۔۔۔

فریال کیوں نہیں آی۔۔۔ مہر خفگی دکھاتی ہوئی بولی۔۔۔۔

آج مہر کی سالگرہ تھی۔۔۔ حمزہ نے اُسے وِش بھی نہیں کیا تھا۔۔۔۔

وہ کچھ بزی تھی۔۔۔ حمزہ نے کہتے ہوئے مہر کی نگاہوں میں چھپی ہوئی ناراضگی کو محسوس کیا۔۔

اب چلیں۔۔۔۔۔حمزہ کہتا ہوا شازیہ بیگم سے خدا حافظ کہہ کر نکل گیا۔۔۔

مہر بھی اُس کے پیچھے چل دی۔۔۔

-----------------

یہ کس کے ساتھ جوان بچی کو بھیج دیا۔۔ شیخ جو اندر کھڑکی سے یہ سارا منظر دیکھ رہا تھا۔۔۔اُسے واپس آئے ہوئے دو سال ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔آپا کا بیٹا ہے۔۔۔

بھانجا ہے میرا۔۔۔۔

اور آئندہ میری اور میری بیٹی کے معاملات میں مداخلت کرنے کی کوشش نہ کرنا سمجھے تم۔

----------------

مہر۔۔۔مہر۔۔۔یار بات کرو۔۔حمزہ گاڑی کی اسپیڈ سلو کرتا ہوا بولا۔۔۔۔

مجھے نہیں کرنی آپ سے بات۔۔۔

کیوں کیا ہوا۔۔۔حمزہ اپنی مسکراہٹ کو چھپاتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

کیا مطلب حمزہ۔۔۔آپ کو سچ میں یاد نہیں۔۔۔۔

مہرو۔۔۔میری روحِ جان۔۔۔۔۔مجھے یاد تھا کہ آج تمہاری برتھ ڈے ہے۔۔۔اور میں تمہیں اُسی سلسلے میں لے کر جارہا ہوں۔۔۔۔

مہرو۔۔۔۔شیخ محمد کی بیٹی ہے۔۔۔۔۔پر شازیہ آنٹی اتنی بار ہمارے گھر آئیں ۔۔اُنہوں نے کبھی زکر نہیں کیا۔۔۔۔

زوہان کا سَر درد سے پھٹ رہا تھا۔۔۔رات بھر یہی سوچتے سوچتے۔۔۔کب صبح ہوئی اُسے پتا ہی نہیں چلا۔۔۔۔۔

مہرو کو بھی حساب دینا ہو گا۔جیسے میری زندگی رنگوں سے خالی ہے۔۔۔میں اُس کی زندگی کو بھی بے رنگ کر دوں گا۔۔۔

لیکن زوہان وہ تیری محبت ہے۔۔۔۔۔تو پاگلوں کی طرح چاہتا ہے اُسے۔۔۔۔تو اُس کو تکلیف کیسے دے سکتا ہے۔۔۔دماغ اور دل کے درمیان جنگ جاری تھی۔۔۔۔۔

مماسے بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔جائیں اور جا کر مہر کی بات پکی کر کے آئیں میرے ساتھ۔۔۔۔۔زوہان نے کہتے ہوئے لینڈ لائن سے کال کی۔۔۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔فوزیہ بیگم نے ہی فون اُٹھایا۔۔۔

زوہان بات کر رہا ہوں۔۔۔آپ سے کچھ ضروری بات کرنی ہے۔۔۔۔۔

زوہان بیٹا آپ نے موبائل سے کال کیوں نہیں کی۔۔۔۔۔۔سب خیریت تو ہے۔۔۔۔۔

سب ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔یہ جھوٹی ہمدردیاں اپنے پاس رکھیں۔۔۔مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

شازیہ آنٹی کے گھر جائیں اور جا کر مہر کا ہاتھ مانگیں۔۔۔۔میرے لئے۔۔۔۔۔

زوہان بیٹا۔۔یہ ممکن نہیں ہے۔۔۔۔. حمزہ اور مہر وایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں ۔۔۔فوزیہ بیگم کو یہ بات فریال سے معلوم ہوئی۔۔۔۔وہ تو جلد حمزہ کو سرپرائز دینے والی تھیں۔۔

مجھے پتا تھا۔۔۔ آپ مجھے حمزہ پہ فوقیت دیں گی۔۔۔۔

اگر مہر سے میری شادی نہیں ہوئی۔۔۔۔ تو حمزہ کو میں جان سے مار دوں گا۔۔۔ سمجھی آپ۔۔۔۔۔

زوہان نے کہتے ہوئے فون بند کیا۔۔۔۔۔۔

-------------------

حمزہ مہر کو لے کر سی ویو پہنچا۔۔۔۔۔

فریال نے آگے تمام انتظامات مکمل کیے ہوئے تھے۔۔۔۔ مہر کا برتھ ڈے۔۔۔ حمزہ ہر سال ایسے ہی سیلیبریٹ کرتا تھا۔۔۔۔

حمزہ اتنا سب کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔۔۔۔ مہر نے جب انتظامات دیکھے تو دل ہی میں اپنی قسمت پہ رشک کیا۔۔۔۔۔۔۔

مہر۔۔۔۔۔ بہت چاہتا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔ یہ دل جو حمزہ راجپوت کے سینے میں دھڑک رہا ہے۔۔۔ یہ تمہارے نام پہ دھڑک رہا ہے۔۔۔۔۔

حمزہ نے مہرو کا ہاتھ پکڑا۔۔۔۔۔۔اور وینیو کی طرف لے کر گیا۔۔۔جہاں فریال ویٹ کر رہی تھی۔۔۔۔۔

کیک کاٹا گیا۔۔۔۔۔

سالگرہ بہت بہت مبارک ہو مسز حمزہ۔۔۔حمزہ مہر کو کیک کھلاتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

فریال حمزہ کی بات پر مسکرائی۔۔۔۔۔

اس کے بعد فریال نے دونوں کی تصویریں لیں۔۔۔

فریال بس کر دو یار۔۔۔کچھ پوز ہماری شادی کے لیے بھی رہنے دو۔۔۔حمزہ پوز بنا بنا کر تھک گیا۔۔۔۔۔۔

مہر تجھے تیرا گفٹ گھر پہ ملے گا۔۔۔اب میں چلتی ہوں۔۔یونیورسٹی کے لیئے دیر ہو رہی ہے۔۔۔۔۔۔

فریال کہتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔۔۔۔

حمزہ اور مہرو چلتے ہوئے سمندر کے پاس آئے۔۔۔۔۔۔

اور وہیں قریب ہی بیٹھ گئے۔۔۔۔۔

مہر نے حمزہ کے کندھے پہ سَر رکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہمممم بولو۔۔۔۔

اگر ہم ایک نہ ہو سکے تو۔۔۔۔۔

اللہ نہ کرے مہر کیسی باتیں کر رہی ہو۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہے۔۔۔۔۔ کبھی بھی کچھ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔۔۔

اگر تم مجھے نہ ملی۔۔۔۔۔ یہ سوچ کر ہی میرا سانس بند ہونے لگ جاتا ہے۔۔۔۔۔ میں

تو سچ میں مَر جاؤں گا۔۔۔۔۔۔۔

اور یہ میں صرف ڈائیلاگ نہیں مار رہا۔۔۔۔۔ یہ حقیقت ہے۔۔۔۔ تمہارے بغیر یہ

سانسیں چلنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

۔۔۔۔

تمہارے بغیر اس دل کے دھڑکنے کا کوئی فائدہ نہیں۔۔۔۔۔

مہر تم صبح کی وہ روشنی ہو۔۔۔۔ جسے دیکھنے کے لیے میں روز بیدار ہوتا ہوں۔۔۔۔۔۔

آئندہ یہ فضول باتیں سوچنا بھی مت۔۔۔۔۔۔ حمزہ نے مہر کے چہرے پہ پڑنے والی آوارہ لٹوں کو چھیڑا۔۔۔

حمزہ۔۔۔۔۔۔ ہمیشہ آپ ایسے ہی رہیں گے۔۔۔۔۔ بدل تو نہیں جائیں گے۔۔۔۔۔۔

بلکل بھی نہیں۔۔۔۔۔ میری یہ محبت۔۔۔۔۔ تب ختم ہو گی۔۔۔ جب میری روح نکل جائے گی۔۔۔ اس سے پہلے تمہیں فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے

۔۔۔۔۔۔

جس طرح میں نے چاہا ہے تجھے۔۔۔

کوئی اور چاہے تو بھول جانا مجھے۔۔۔

ساری دنیا کا ساتھ ہونا اپنی جگہ

تیرے ہونے کی بات اپنی ہے۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مہر فوزیہ بیگم کے گھر آئی۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم فون پر کسی سے بات کر رہی تھیں۔۔۔

مہر اور حمزہ جا کر بیٹھ گئے۔۔۔۔۔

میری بچی کیسی ہے۔۔۔۔۔سالگرہ مبارک ہو۔۔۔اللہ ہمیشہ خوش رکھے۔۔۔۔۔

آمین۔۔۔۔۔حمزہ مہر کی طرف دیکھ کر بولا۔

شکریہ خالہ۔۔۔۔۔میرا گفٹ۔۔۔۔۔۔

گفٹ میں کل گھر آکر دوں گی آپ کو۔۔۔۔۔۔

حمزہ کو بات سمجھ آگئی۔۔۔۔۔۔

فریال بھی یونیورسٹی سے آچکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں فوزیہ بیگم نے ملازمہ سے کہہ کر کھانا لگوایا۔۔۔۔۔۔

پھر مہر کو ڈرائیور کے ساتھ گھر بھیج دیا گیا۔۔۔

فریال کی بچی۔۔۔بات سنو زرا۔۔۔۔۔

فریال جو روم کی طرف جا رہی تھی۔۔۔۔حمزہ کی آواز پہ چونک گئ۔

بھائی کیا کرتے ہیں آپ ڈرا دیا آپ نے تو۔۔۔۔۔

یہ مما کو تم نے بتایا ہے۔میرے اور مہر کے بارے میں؟؟

مما کل خالہ کے گھر جانے کی بات کر رہی تھیں۔۔۔

ہاں میں نے ہی بتایا۔۔پتا ہے مما کی بھی یہی خواہش ہے۔۔۔مہر اس گھر میں آپ کی دلہن بن کر آئے۔۔اسی سلسلے میں وہ کل خالہ کی طرف جا رہی ہیں۔۔۔۔۔

سچ۔۔فریال تم نے تو میری سب سے بڑی ٹینشن دور کر دی۔۔۔۔۔حمزہ کی خوشی ساتویں آسمان کو چھو رہی تھی۔

-----------------

مہر اور حمزہ ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔۔۔۔

کلب میں وہ ایک کونے پر بیٹھا۔۔۔۔ اپنے غصے کو کنٹرول کر رہا تھا۔۔۔۔۔ شراب کے گلاس پہ گلاس پیتے ہوئے وہ اس بات کو بُھلانے کی کوشش کر رہا تھا۔

فوزیہ بیگم کی یہ بات اُس کے ذہن میں گھوم رہی تھی۔۔۔۔۔

نہیں۔۔ ایسا نہیں ہو سکتا۔۔ مہر میرے علاوہ کسی اور کے بارے میں کیسے سوچ سکتی ہے۔۔۔۔۔

لڑکھڑاتے قدموں کے ساتھ وہاں سے اُٹھا۔۔۔۔۔

گاڑی میں بیٹھا۔۔۔۔۔۔

گاڑی گھر کے سامنے رُکی۔۔۔۔۔

مشکل سے قدم بڑھاتے بڑھاتے وہ اپنے کمرے میں پہنچا۔۔۔۔۔

لیپ ٹاپ آن کیا۔۔۔۔۔۔ اور کال ملائی۔۔۔۔۔

فریال مما کہاں ہیں۔۔ مجھے اُن سے بات کرنی ہے۔۔۔۔۔

جی بھائی۔۔میں کرواتی ہوں بات۔۔۔۔۔فریال کو زوہان کی حالت کچھ عجیب لگی۔۔۔۔

فریال موبائل دے کر چلی گئی۔۔۔۔

تو پھر کیا سوچا آپ نے۔۔۔۔۔۔مسز راجپوت۔۔۔

زوہان میرے بیٹے میری بات سمجھنے کی کوشش کرو۔۔۔۔۔میں تمہیں مہرو سے اچھی لڑکی لا کر دوں گی۔۔۔۔۔۔

تو مطلب آپ نہیں مانیں۔۔۔۔۔ظاہر سی بات ہے میں سوتیلا ہوں۔۔۔حمزہ آپ کا سَگا بیٹا ہے۔۔۔۔۔

زوہان نے کہتے ہوئے سائیڈ پہ پڑی ہوئی گَن اُٹھای۔۔۔۔

اور اپنے سَر پہ تان لی۔۔۔۔

زوہان یہ کیا کر رہے ہو۔۔۔بیٹا یہ چل جائے گی۔۔۔فوزیہ بیگم چیخیں۔

مہرو سے میری شادی ہو گی کہ نہیں۔۔۔۔زوہان گَن پہ گرفت مضبوط کرتا ہوا بولا۔۔۔۔

ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔ٹھیک ہے۔۔۔میں تمہاری شادی مہرو سے کرواؤں گی۔۔۔اس کو نیچے رکھو۔۔۔فوزیہ بیگم کپکپاتے ہاتھوں سے اشارہ کرتی ہوئی بولیں۔۔

زوہان نے گَن پھینکی۔۔۔۔جلد ہی آپ سے پاکستان میں ملاقات ہو گی۔۔۔اور لیپ ٹاپ بند کر دیا۔۔۔

---------------

فوزیہ بیگم ساری رات پریشانی سے ٹہلتی رہیں۔۔۔کل تو وہ اپنے حمزہ کے لئیے مہرو کو مانگنے جا رہی تھیں۔۔۔وہ کیسے اپنے بیٹے کی محبت کو چھین سکتی تھیں۔۔۔۔

پھر زوہان کا خیال کہ وہ کہیں اپنے آپ کو نقصان نہ پہنچا دے۔

---------------

حمزہ کی آنکھ کُھلی۔۔۔۔تو مہرو کے خیال سے وہ مُسکرایا۔۔۔۔۔

مہرو آج تم ہمیشہ کے لیے میری ہو جاؤ گی۔۔۔۔حمزہ موبائل پہ مہر کی تصویر دیکھ کر بولا۔۔۔

تب دروازہ ناک ہوا۔۔

کون ہے؟؟حمزہ نے فون سائیڈ پہ رکھا۔۔اور دروازے کی طرف بڑھا۔۔

فوزیہ بیگم اندر داخل ہوئیں۔۔

مما۔آپ خیریت تو ہے۔۔حمزہ نے اپنی ماں کے ماتھے کو چوما۔

ہاں میرا بچہ خیریت ہے۔۔

بیٹھو۔۔فوزیہ بیگم اُسے صوفے کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولیں۔۔

فریال نے بتایا کہ تم مہرو کو اپنی شریکِ حیات بنانا چاہتے ہو۔۔۔۔۔

جی مما۔۔۔میں اور مہرو ایک دوسرے سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔۔میں تو بس مہرو کی تعلیم مکمل ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔حمزہ فوزیہ بیگم کے قدموں میں بیٹھ گیا۔

ٹھیک تو آج میں جاتی ہوں۔۔۔۔میں اکیلی جاؤں گی۔۔۔۔

پر مما۔۔میں بھی جانا چاہتا تھا۔۔۔

آج کے دن تو صبر کر لو۔۔۔۔پھر تو آنا جانا لگا رہے گا۔۔۔۔

اوکے۔۔مما جیسے آپ کی مرضی۔۔۔۔

میں اب چلتی ہوں تم بھی جلدی سے آجاؤ۔۔۔ناشتہ کر لو۔۔ورنہ یونیورسٹی سے دیر ہو جاؤ گے۔۔

فوزیہ بیگم کہتی ہوئی وہاں سے نکل گئیں۔۔

حمزہ بالوں میں ہاتھ پھیرتا۔۔۔واشروم میں چلا گیا۔

---------------

بسم اللہ آپا۔۔۔اتنے دنوں بعد۔۔۔شازیہ بیگم اور فوزیہ بیگم ایک دوسرے سے ملیں۔

بس شازیہ۔۔وقت ہی نہیں ملا۔۔تم بتاؤ کیسی ہو۔۔۔اور وہ تمہارا بے غیرت شوہر ۔۔زندہ ہے یا مَر گیا۔

فوزیہ بیگم شیخ محمد سے سخت نفرت کرتی تھیں۔۔۔کیونکہ اُن کی بہن کی زندگی اُس شخص نے برباد کر دی۔۔اور وہ ہر قدم پہ اپنی بہن کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں۔۔

بس آپا۔۔سارادن مفت کی روٹیاں تور تارہتا ہے۔۔۔اور مجھ پہ چیختارہتا ہے ۔۔۔

مہر۔۔کہاں ہے۔۔۔۔

مہر۔۔۔۔کمرے میں ہے اُسکے امتحان ہونے والے ہیں۔تواُسی کی تیاری میں لگی رہتی ہے۔۔۔

آج تم سے کچھ مانگنے آئی ہوں۔۔۔فوزیہ بیگم نے شازیہ بیگم کے ہاتھ پہ ہاتھ رکھا۔۔

آپامیرے پاس تو میری مہر کے علاوہ کچھ نہیں ہے جو میں آپ کو دے سکوں۔

میں مہر کی ہی بات کر رہی ہوں۔۔شازیہ۔۔میں مہر کو اپنے بیٹے زوہان کے لیے مانگنے آئی ہوں۔۔۔

آپا۔۔زوہان۔۔۔میں نے ہمیشہ سے مہرو کے لیے حمزہ کو سوچا ہوا تھا۔۔

شازیہ میں اس وقت اور کوئی بات نہیں کہنا چاہتی۔۔

تم بتاؤ۔ تمہیں کوئی اعتراض ہے۔مجھے اس وقت تمہارا ساتھ چاہیئے۔

نہیں آپا۔ لیکن مہرو۔ وہ تو۔

مہرو سے میں خود بات کرلوں گی۔۔۔ تم بس بھروسہ رکھو مجھ پہ۔ مہرو مجھے فریال سے زیادہ عزیز ہے۔۔

فوزیہ بیگم کہتی ہوئی مہرو کے روم کی جانب بڑھیں۔

خالہ!! آپ کب آئیں۔۔ مہر فوزیہ بیگم کو اچانک دیکھ کر بولی۔۔۔

بس سوچا اپنی بیٹی سے تھوڑی بات چیت کرلوں۔۔۔۔

پڑھائی کیسی جا رہی ہے۔۔۔۔۔فوزیہ بیگم مہر کے ساتھ بیٹھ کر بولیں۔

اچھی۔۔بس امتحان ہونے والے ہیں تو تھوڑی ٹینشن ہے۔۔۔۔ مہر کتابیں سائیڈ پہ رکھتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔ مہر پرائیویٹ بی_اے کر رہی تھی۔

حمزہ سے محبت کرتی ہو؟؟

ج۔۔۔ج۔۔جی۔۔۔خالہ وہ۔۔۔۔فوزیہ بیگم کے سوال پہ مہر گھبرا گئی۔

گھبرا کیوں رہی ہو۔۔۔مہرو۔۔۔۔حمزہ نے بتایا مجھے۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم نے مہر کے چہرے کو اوپر کیا۔۔۔۔۔

آج تمہاری خالہ تم سے کچھ مانگنے آئی ہیں۔۔۔دو گی ؟؟

جی خالہ۔آپ کے لیے تو میری جان بھی حاضر ہے۔

اپنی محبت کو قربان کر دو۔۔۔۔میرے لیے۔۔۔۔۔فوزیہ بیگم التجائی انداز میں بولیں۔

میں سمجھی نہیں۔۔۔۔

میں نے تمہارا اور زوہان کا رشتہ پکا کر دیا ہے۔شازیہ کو بھی اس رشتے سے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

کیا؟؟؟لیکن خالہ میں اور حمزہ ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتے ہیں۔۔۔اور زوہان بھائی کہاں سے آگ ئے ہمارے درمیان؟؟مہر کی آنکھوں سے آنسو موتیوں کی طرح اُس کے گال پہ گرے۔۔۔۔

یہ میرے جُڑے ہوئے ہاتھ دیکھ لو۔۔۔مہرو۔۔۔ہاں کر دو۔۔۔اگر تم نہیں مانی تو زوہان حمزہ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔۔۔فوزیہ بیگم بھی رو پڑیں۔۔۔۔

خالہ مت کریں یہ۔۔۔نہ کریں یہ ظلم۔۔۔میں اور حمزہ نہیں جی پائیں گے۔۔۔۔۔۔مہرو فوزیہ بیگم کے پیر پکڑتی ہوئی بولی۔آج اُس کی پاک محبت کو بازار میں نیلام کیا جا رہا تھا۔۔۔۔

آپا آپ بے فکر رہیں۔۔مہرو کی شادی زوہان سے ہی ہو گی۔۔۔۔آپ کے اتنے احسانات ہیں ہم پر۔۔۔۔شازیہ بیگم جو کب سے کھڑیں سب دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔

امی۔۔۔۔

بس مہرو۔۔۔اب اگر تم نے ایک لفظ بھی منہ سے نکالا۔۔تو میں ابھی خود پہ تیزاب ڈال کر آگ لگا دوں گی۔۔۔۔۔

تجھے میری قسم ہے مہر۔۔ جیسا آپا کہہ رہی ہیں ویسا کر۔۔۔۔۔۔

خالہ۔۔۔ آپ جس سے چاہیں گی۔۔ میں اُس سے شادی کرنے کے لیے تیار ہوں ۔۔۔۔۔

حمزہ بھائی آج آپ بڑی جلدی یونیورسٹی سے آگ ئے۔۔ فریال جو آج گھر ہی تھی ۔۔۔ حمزہ کے اچانک گھر آنے پہ بولی۔۔۔۔۔

وہ ایسی ہی آج کوئی کلاس لینے کا موڈ نہیں ہو رہا تھا۔۔۔ تو گھر آگیا۔۔۔ مما نہیں آئیں ابھی تک۔۔

نہیں۔۔۔ لیکن آپ فکر کیوں کر رہے ہیں۔۔۔ فیصلہ تو آپ کے ہی حق میں آئے گا۔۔۔

اچھا میں فریش ہو کر آتا ہوں۔۔۔ تب تک تم نوری سے کہو۔۔ کہ میرے کمرے میں ایک کپ کافی کا دے جائے۔۔۔ حمزہ کہتا ہوا۔۔۔ اپنے کمرے میں چلا گیا۔

فوزیہ بیگم گھر کے لئے روانہ ہو گئیں۔۔۔۔راستے میں اُن کا فون بجا۔۔۔سکرین پر زوہان کا نام جگمگا رہا تھا۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم بیٹا کیسے ہو۔فوزیہ بیگم نے اپنے آنسو صاف کی ئے۔۔۔۔

میرا کام ہوا کہ نہیں۔۔۔۔۔

ہاں بیٹا ہو گیا ہے۔۔آج تمہاری خاطر میں نے اپنے حمزہ کی خوشیوں کو برباد کر دیا ہے۔۔۔۔

یہ ایموشنل ڈرامہ کسی اور کو دکھای ئے گا۔۔۔۔۔اس ہفتے صبح کی فلائٹ سے میں پاکستان آرہا ہوں۔۔۔۔۔۔

زوہان کہہ کر فون بند کیا۔۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم گھر میں داخل ہوئیں تو۔۔۔۔۔حمزہ لان میں ہی ٹہل رہا تھا۔۔۔۔

مما۔۔۔۔کر آئیں آپ بات پکی۔۔۔۔حمزہ مسکراتا ہوا بولا۔۔۔

ہاں بیٹا کر آئی ہوں۔۔۔۔مہر اور زوہان کا رشتہ پکا۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم نظریں جھکاتی ہوئی بولیں۔

مما۔۔زوہان بھائی کہاں سے آگئے۔۔۔۔میں اپنی اور مہر کی بات کر رہا ہوں

۔۔۔۔

بیٹا۔۔۔۔۔شازیہ چاہتی ہے کہ مہر کی شادی زوہان سے ہو تم سے نہیں۔

اور مہر۔۔۔اُس سے نہیں پوچھا آپ نے وہ کیا چاہتی ہے؟؟حمزہ کی آنکھیں انگارہ ہو چکی تھیں۔

وہ بھی یہی چاہتی ہے۔۔کہ وہ زوہان کی دُلہن بنے۔۔۔۔

جھوٹ!!میں نہیں مانتا اس بات کو۔جب تک مہر میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر نہ کہے۔۔۔۔

کہ وہ مجھ سے نہیں زوہان بھائی سے شادی کرنا چاہتی ہے۔۔۔۔

مہر مجھ سے محبت کرتی ہے۔۔وہ ایسا نہیں کر سکتی۔۔۔

حمزہ کہتا ہوا گاڑی کی طرف بڑھا۔

رحمان بابا گیٹ کھولیں۔۔ گاڑی میں بیٹھا۔۔اب وہ مہر کے گھر جانے کا ارادہ رکھتا تھا۔۔

فوزیہ بیگم اپنے کمرے میں چلی گئیں۔

مہر۔۔۔خالہ مہر کہاں ہے۔۔ حمزہ سیدھا اندر ہی آ گیا۔۔۔کیونکہ دروازہ کُھلا ہوا تھا۔۔

حمزہ بیٹا تم۔۔۔۔بیٹھو تو سہی۔۔۔میں مہرو کو بُلا لاتی ہوں۔۔۔۔

کمرے میں ہے مہر۔۔۔مجھے اُس سے بات کرنی ہے اور آپ سے بھی لیکن پہلے مہر سے بات کرنا چاہوں گا۔۔۔۔

جا سکتا ہوں اُس کے روم میں؟؟

ہاں بیٹا۔۔۔تم جاؤ تب تک میں چائے بنا کر لاتی ہوں۔۔۔

مہر۔۔ حمزہ روم میں داخل ہوا۔۔۔۔۔

مہرو۔۔۔بیڈ پہ بیٹھی رو رہی تھی۔۔ جلدی سے آنسو صاف کیئے۔۔۔۔۔

اب یہ آنسو کس کے لیئے بہا رہی ہو۔۔۔۔ہاں۔۔ بولو۔۔۔۔ تم تو زوہان بھائی سے شادی کرنا چاہتی ہو۔۔۔۔۔

حمزہ نے مہر کو بازُو سے پکڑ کر بیڈ سے اُٹھایا۔۔۔اور اپنے سامنے لا کھڑا کیا۔

اس کی وجہ جاننے کا حق ہے مجھے کہ نہیں؟؟؟

مہرو نظریں نیچے کیئے کھڑی تھی۔

ادھر دیکھو مہرو۔۔۔جواب دو۔۔۔۔۔مجھے۔۔ مرضی شامل ہے اس میں تمہاری۔۔۔۔ حمزہ نے مہرو کے چہرے کو اوپر کیا۔۔۔۔

حمزہ میں نے خالہ کو قسم دی ہے۔۔۔۔۔ جو میں توڑ نہیں سکتی۔۔۔۔۔

بھاڑ میں گئ تمہاری قسم۔۔۔۔۔ سمجھی۔۔۔۔ ابھی چلو میرے ساتھ ہم سادگی سے نکاح کر لیتے ہیں۔۔۔۔

حمزہ مہر کا بازو کھینچتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

حمزہ ہاتھ چھوڑیں میرا۔۔۔۔۔میں خالہ سے اور اپنی ماں سے وعدہ کر چکی ہوں

۔۔۔۔۔

ہماری محبت کا کیا۔۔؟مارنا چاہتی ہو مجھے۔۔۔تو ایسا کرو مجھے اپنے ہاتھوں سے مار

دو۔۔۔۔۔۔اُف تک نہیں کہوں گا۔۔۔۔۔

پر یہ نہ کرو مہر۔۔۔۔تم صرف میری مہر تھی۔۔۔میری۔۔۔۔

میں مما کو سمجھاؤں گا۔۔۔وہ زہنی دباؤ میں آکر یہ فیصلہ کر رہی ہیں۔۔۔

میں تباہ ہوں تیرے پیار میں۔

تجھے دوسروں کا خیال ہے

کچھ میرے مسئلے پر غور کر

میری زندگی کا سوال ہے۔

حمزہ بیٹا یہ فیصلہ آپا کا ہے۔۔اور مہر کو اور نہ ہی مجھے اس سے کوئی اعتراض ہے۔شازیہ بیگم جو حمزہ کو چائے دینے آئی تھیں۔۔۔۔

حمزہ بغیر کوئی جواب دیئے وہاں سے چلا گیا۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

تمہارے لیے مٹ جانے کا ارادہ رکھتے تھے

❤ تم خود ہی مٹا دو گے سوچا نہ تھا

امی۔۔حمزہ کو روکیں۔۔۔میں اُسے کی مہر وہوں میں کسی اور کی نہیں ہو سکتی۔۔آپ خالہ کو سمجھائیں۔۔۔

میری سانس اٹک رہی ہے امی میں مر جاؤں گی۔۔۔۔

مہر نے دونوں ہاتھ سَر پہ رکھے۔۔۔اور چکرا کر گِر گئی۔۔۔۔

مہر۔۔مہر آنکھیں کھولو۔۔۔شازیہ بیگم مہر کے گال تھتھپاتی ہوئی بولیں

❦❦❦❦❦❦❦

حمزہ گاڑی کو ہوا میں دوڑاتے ہوئے گھر پہنچا۔ذہن میں مہر کی باتیں گھوم رہی تھیں

۔۔۔۔

دھڑام کی آواز سے فوزیہ بیگم کے روم کا دروازہ کھولا۔۔۔

کیوں کر رہی ہیں آپ یہ سب۔۔۔میرے ساتھ۔۔۔

ماں ہیں آپ میری۔۔۔۔حمزہ کی حالت دیکھ کر فوزیہ بیگم کی آنکھوں سے آنسو چھلک آئے۔

آپ جانتی تھیں مہر میری زندگی ہے۔۔۔آپ کے بیٹے کے زندہ رہنا کا سبب ہے مہرو۔۔۔

پھر کیوں جُدا کر رہی ہیں ہمیں۔۔۔۔زوہان بھائی کے لیے صرف مہر وہ رہ گئی تھی۔۔۔دُنیا کی باقی لڑکیاں مَر گئی تھیں کیا؟؟حمزہ پاگلوں کی طرح چیخ رہا تھا۔

حمزہ بیٹا میری بات سُنو۔۔۔۔زوہان بھی میرا بیٹا ہے۔اُس نے پہلی بار مجھ سے کچھ مانگا تھا۔۔میں انکار نہیں کر سکتی تھی۔۔۔۔

واہ۔۔بہت اچھا انصاف کر رہی ہیں آپ۔۔مجھے لگ رہا کہ میں آپ کا سوتیلا بیٹا ہوں ۔اور وہ آپ کا سَگا۔۔۔

آپ کو جو کرنا ہے وہ کریں۔۔۔۔میری موت کا سامان تو ویسے بھی آپ تیار کر چکی ہیں۔۔دیکھتے ہیں میرے کفن کا انتظام کب تک کرتی ہیں آپ۔

حمزہ سیڑھیاں چڑھتے ہوئے اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔

مہر تم صرف میری ہو۔۔۔کسی اور کا ہونے سے پہلے تمہیں میری چلتی ہوئی سانسوں کو روکنا ہوگا۔۔۔۔

آپ دُکھا تو رہے ہیں میرا دل مگر

خیال کیجیۓ گا، خُدا کو پتا نہ چلے

مہر کو کچھ دیر میں ہوش آ گیا تھا۔۔شازیہ بیگم بھی اُس کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں۔

مہر بیٹا۔۔کچھ ایسا مت کرنا جس سے میرا سَر میری آپا کے سامنے جُھک جائے،

آپا نے کچھ سوچ کر ہی تمہاری شادی کا فیصلہ زوہان سے کیا ہوگا۔۔

جو ہو رہا ہے ہونے دو۔۔۔

مہرو بے جان وجود کی طرح اوپر پنکھے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

مما آپ ایسا کیسے کر سکتی ہیں۔۔ حمزہ بھائی مہر کو پسند کرتے ہیں اور آپ زوہان بھائی سے اُن کی شادی کروانا چاہتی ہیں۔۔۔۔

کیوں؟؟ وجہ جان سکتی ہوں۔ فریال فوزیہ بیگم کے ساتھ بیٹھتی ہوئی بولی۔

فریال میں نے جو بھی کیا ہے۔۔۔اُس میں مہر کی بھی بھلائی ہے اور حمزہ کی بھی۔۔۔۔

بس کر دیں۔۔۔۔ مما۔۔۔ آپ کی وجہ سے حمزہ بھائی شام سے اپنے کمرے میں بند ہیں۔۔۔۔

تکلیف میں ہیں وہ۔۔ اور آپ کو ابھی بھی اپنا فیصلہ درست لگ رہا ہے۔

فریال تم جا سکتی ہو۔۔۔مجھے اب اس موضوع پر مزید کو بات نہیں کرنی۔۔۔مہرو کی شادی زوہان سے ہی ہو گی۔۔۔۔یہ میرا آخری فیصلہ ہے۔۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

زوہان بابا۔۔۔اگر آپ نے بیگم صاحبہ کو کچھ بتایا۔۔۔تو میں اس چھڑی سے آپ کی گردن کو کاٹ دوں گا۔۔

شیخ محمد جو زوہان کو اپنی درندگی کا نشانہ بنانے کے بعد ڈرا رہا تھا۔۔

ن۔۔۔نہیں بتاؤں گا۔۔۔۔اس کو پیچھے کرو۔۔۔۔پسینے کی بوندیں زوہان کے چہرے سے ٹپک رہی تھیں۔۔۔

اچھی بات ہے۔۔۔خاموش رہو گے۔۔۔تو فائدہ میں رہو گے۔۔۔شیخ محمد نے دھکا دے کر اُسے زمین پہ گرایا۔۔۔۔

زوہان بھاگ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

چھوڑو مجھے۔۔۔۔میرے قریب مت آنا۔۔۔میں کہہ رہا ہوں۔۔۔میرے پاس مت آنا۔۔۔۔۔

کانپتے ہوئے اُس کی آنکھ کُھلی۔۔۔۔۔

زوہان نے لمبے لمبے سانس خارج کرتے ہوئے۔۔۔پاس پڑی پانی کی بوتل کو منہ سے لگایا۔۔۔ماتھے پہ آیا ہوا پسینہ صاف کیا۔۔۔۔۔۔

شیخ۔۔تیری زندگی کو دوزخ سے بدتر نہ بنایا تو میرا نام بھی زوہان نہیں۔۔۔۔

مہر تو تمہاری بیٹی ہے نا۔۔۔۔وہ سزا بُھگتے گی تمہارے کئے ہوئے گناہوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ کی آنکھ کُھلی۔۔۔۔تو صبح کے دس بج رہے تھے۔۔۔

رات بھر آنسو بہاتے بہاتے کب وہ نیند کی وادی میں اُتر گیا۔پتا ہی نہیں چلا۔۔۔۔

آنکھیں زیادہ رونے کی وجہ سے سوجھی ہوئی تھیں۔

ڈریسنگ ٹیبل کی ساری چیزیں زمین پہ بکھری ہوئی پڑی تھیں۔۔۔۔

حمزہ نے موبائل اُٹھایا۔۔۔اور مہر کا نمبر ملانے لگا۔۔۔۔۔

بیل مسلسل جارہی تھی۔۔۔۔۔

جب کسی نے فون نہ اُٹھایا تو۔۔حمزہ نے بھی فون بند کر کے بیڈ پہ اُچھالا۔۔

اور فریش ہونے چلا گیا۔

ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ

ناشتے کی میز پہ فوزیہ بیگم حمزہ کا انتظار کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

فریال بھی ناراضگی کی وجہ سے۔۔ صبح یونیورسٹی کے لیے جلدی نکل گئی تھی۔۔

فوزیہ بیگم نے چائے پی اور اُٹھ کر لان کی طرف جانے لگیں۔۔

تو حمزہ سیڑھیوں سے اُترتا ہوا دکھائی دیا۔۔۔۔

کہاں جارہے ہو۔۔؟؟

مہر سے نکاح کرنے۔۔۔سُرخ لال انگارہ ہوتی ہوئی آنکھیں جن سے فوزیہ بیگم کو وحشت ہوئی۔

حمزہ پاگل مت بنو۔۔مہر دنیا کی آخری لڑکی نہیں ہے۔۔۔جو تم مجنوں بنے پھر رہے ہو۔

میرے لیئے وہ آخری ہی تھی۔۔۔کہتا ہوا وہ وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

فوزیہ بیگم سَر پکڑ کر بیٹھ گئیں۔۔

مہر صحن میں ٹہل رہی تھی۔۔۔۔۔کہ دروازے پر بیل ہوئی۔۔۔

مہر نے سَر پہ دوپٹہ اوڑھا اور جا کر دروازہ کھولا۔

حمزہ کو دیکھ کر نظریں گھمائیں۔

حمزہ اندر آیا۔۔اور دروازہ بند کیا۔۔

مہر کو باژو سے پکڑ کر زبردستی اندر کمرے میں لے گیا۔۔۔

فون کیوں نہیں اُٹھا رہی تھی میرا۔۔۔۔ مہرو کو دیوار کے ساتھ لگایا۔۔ دونوں بازُو اُس کے ارد گرد حائل کی ئے۔۔۔ اور اُس کے قریب ہوا،

ادھر دیکھو میری طرف۔۔۔۔ حمزہ نے مہرو کے چہرے کا رُخ اپنی طرف کیا۔۔۔۔

مہر کی نظر حمزہ کی آنکھوں پر پڑی جہاں۔۔۔ درد صاف دکھائی دے رہا تھا۔۔۔

اتنی نفرت کرنے لگی ہو۔۔ کہ دیکھنا تک گوارہ نہیں ہے تمہیں۔۔۔۔ حمزہ کے گالوں پر آنسوؤں نے اپنی چادر اوڑھی۔۔۔

نہیں حمزہ۔۔۔ مہر مَر تو سکتی ہے پر آپ سے نفرت نہیں کر سکتی۔۔۔

تو پھر کیوں آگ میں سُلگا رہی ہو مجھے؟

ان دھڑکنوں کو غور سے سُنو۔۔۔۔ مہر۔۔۔۔ یہ صرف تمہارے لی ئے دھڑک رہی ہیں۔۔۔۔ حمزہ نے مہرو کا ہاتھ اپنے سینے پہ رکھا۔۔

مہرو کی اپنی دھڑکن بے ترتیب ہوئیں۔۔

مہر ہم نکاح کر لیتے ہیں۔۔ مما بھی مان جائیں گی۔۔۔۔۔

نہیں حمزہ میں امی کی مرضی کے خلاف کچھ نہیں کر سکتی۔۔

مہر۔۔ تمہیں ہماری محبت کا واسطہ۔۔ مت کرو یہ ظُلم خود پر بھی اور مجھ پر بھی

۔۔۔۔۔

حمزہ مہر کے قدموں میں بیٹھ گیا۔۔۔

کچھ تو بولو۔۔ مہر۔۔۔ تمہاری خاموشی مار دے گی مجھے۔۔

مہر و نے چہرے کا رُخ بدلا،

حمزہ آپ یہاں سے چلے جائیں۔۔۔۔ اگر آپ چاہتے ہیں ہماری شادی ہو تو پہلے خالہ کو منائیں۔۔۔۔۔

مہر کی بات سُن کر حمزہ اُٹھا اور آہستہ آہستہ قدم اُٹھاتا وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

حمزہ مجھے معاف کر دیں۔۔ میں آپ کی محبت کے قابل نہیں ہوں۔۔۔۔۔

حمزہ رَش ڈرائیونگ کرتا ہوا۔۔۔۔مہر۔۔۔کی باتیں۔۔۔فوزیہ بیگم کی باتیں اُس کے ذہن میں گردش کرنے لگیں۔۔۔

بچتا بچاتا وہ سمندر پہنچا۔۔۔۔

وہ سفر جو تیرے نام تھا

وہ نبھانا مجھ پہ فرض تھا

تیری یاد ہے کہ اک سزا۔

یا کوئی لاعلاج مرض ہے۔

کچھ ستم کیۓ کچھ جتن کیۓ۔

سب تیرے سنگ دفن کیۓ۔

نا ہوں موت سے اب آشنا۔

نہ زندگی سے کوئی غرض ہے۔

یہ ہے وقت کی لکھی سزا۔

نہ مجھ پہ ہو گی کبھی قضا۔

🌹 میرے دل میں تیرا درد ہے۔

میری روح پہ تیرا قرض ہے۔

مہر یہ زندگی میں نے تمہارے نام لکھی تھی۔ہمیشہ تمہارے ہی نام رہے گی۔۔۔

تم مجھے نہیں ملی تو کیا ہوا یہ دھڑکنیں تمہارے ہی نام رہیں گی۔۔۔۔۔

حمزہ گھر واپس آیا اور اپنا سامان پیک کیا۔۔اور اپنے دوست کے اپارٹمنٹ میں چلا گیا۔۔۔

فریال اپنی ماں سے سخت ناراض تھی۔۔۔۔

زوہان کراچی ائرپورٹ پر موجود تھا۔۔۔

فوزیہ بیگم نے ڈرائیور بھجوا دیا تھا۔۔۔زوہان کو پِک کرنے کے لیے۔۔۔

گاڑی راجپوت مینشن میں آ کر رُکی۔۔۔

زوہان گاڑی سے اُترا۔۔۔۔ سَن گلاسز اُتار کر ہاتھ میں رکھیں۔۔۔ اور گھر کو غور سے دیکھنے لگا۔۔۔

اتنے سالوں بعد وہ یہاں آیا تھا۔۔۔۔ بابا آج آپ کے گھر پہ فقیر قبضہ جما کر بیٹھے ہیں۔۔۔ کاش آپ نے ماما کی جگہ کسی کو نہ دی ہوتی۔۔

وہ جیسی بھی تھیں میری ماں تھیں۔۔۔

سب کو نکال کر باہر پھینکوں گا۔۔۔ زوہان نے کہتے ہوئے قدم بڑھائے اور گھر کے اندر داخل ہوا۔۔۔

جہاں فوزیہ بیگم خوشدلی سے اُس کا استقبال کرنے کے لیے کھڑی تھیں۔۔

زوہان کا موڈ سخت بگڑا۔۔۔

میرا روم سیٹ کروا دیا تھا آپ نے۔۔۔۔

ہاں بیٹا۔۔ مل تو لو، سوتیلی ہی سہی تمہاری ماں تو ہوں۔۔۔ میں تو کبھی تمہیں خود سے دُور نہ کرتی۔ یہ تو تمہاری اپنی ضد تھی۔۔۔ کہ تمہیں باہر جانا ہے۔۔۔

او پلیز!!بس کریں۔۔مجھے آپ کا کوئی بھاشن نہیں سُننا۔۔۔ سمجھیں آپ۔۔۔

اور ہاں اگلے جمعے کو میری اور مہرو کے نکاح کی تقریب ہے۔ آپ اُس کے گھر والوں کو بتا دیجئے گا۔۔۔۔

سادگی سے سب کچھ ہو گا۔۔۔۔۔زوہان کہتا ہوا اپنے روم کی طرف بڑھا۔۔

کانپتے ہوئے ہاتھوں سے اُس نے دروازہ کھولا۔۔۔۔

نہیں تم بُرے ہو۔۔۔۔بیڈ چ کرتے ہو مجھے۔۔۔۔ چھوڑو۔۔۔۔

زوہان کو وہ چیخیں اور آوازیں سنائی دینے لگیں۔۔

چُپ ہو جاؤ۔۔

خاموش۔۔۔۔۔خاموش۔۔۔زوہان نے ان آوازوں کو بند کرنے کے لیے۔۔زور زور سے چلانا شروع کر دیا۔۔۔

میری بچپن کو جیسے تم نے اپنی حوس کے لی ئے برباد کیا ہے۔

اسی طرح میں مہر کی خوشیوں کو اپنے انتقام کے لی ئے برباد کر دوں گا۔۔۔۔

محبت تھی وہ میری لیکن افسوس۔۔۔۔

تمہاری بیٹی بھی تو ہے وہ۔۔۔۔۔اس کا حساب تو تم بھی دو گے اور تمہاری بیٹی بھی۔۔۔۔۔

حمزہ یار کب تک تو ایسے اپنا گھر چھوڑ کر بیٹھا رہے گا، موحب حمزہ کے پاس آ کر بیٹھا۔

تجھے میرا یہاں آنا بُرا لگا ہے۔۔ٹھیک ہے میں کہیں اور رہ لوں گا۔۔۔۔

حمزہ یہ بات نہیں ہے یار۔۔۔۔۔۔۔میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ گھر چھوڑنا اس مسئلے کا حل نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

تو کیا کروں میں۔۔ہاں بول۔۔۔۔۔میری اپنی سگی ماں مجھے نہیں سمجھ رہی تو۔۔۔تم کیا خاک سمجھو گے۔۔۔۔

حمزہ نے پاس ٹیبل پر پڑی ہوئی سگریٹ کی ڈبی اُٹھائی اور کھڑکی میں آ کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔۔

حمزہ اس طرح خود کو برباد کرنے سے مہرو تمہیں مل جائے گی۔۔۔ موحب چلتا ہوا حمزہ کے پاس آیا اور اُس کے کندھے پہ اپنا ہاتھ رکھا۔۔۔۔۔۔

نہ ملے لیکن یہ بے چین اور تباہ کن دل تو سکون میں آجائے گا۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ اس دُنیا میں لاکھوں لوگ ایسے ہیں جو محبت کسی اور سے کرتے ہیں اور شادی اُن کی کہیں اور ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔

تو انوکھا نہیں ہے۔۔ جسے اُس کی محبت نہیں ملی۔۔۔ چل حلیہ درست کر۔۔ کہیں باہر کھانے کے لیئے چلتے ہیں۔۔۔۔

موحب تمہیں یہ سب نارمل لگ رہا ہے۔۔۔ میرا یہاں دماغ کام نہیں کر رہا ہے۔۔۔۔ مہر کو میں نے بچپن سے چاہا ہے۔۔۔ دیوانوں کی طرح، پاگلوں کی طرح اُس کو چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ کا فون رِنگ ہوا۔۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم!! فریال کا نمبر دیکھ کر حمزہ نے فون پِک کیا۔۔۔۔

بھائی کہاں ہیں آپ۔۔ فریال روتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔۔

فریال کیَا ہوا تم رو کیوں رہی ہو۔۔۔۔۔

بھائی وہ مما ہسپتال میں ہیں۔۔۔۔اچانک بے ہوش ہو گئ تھیں۔۔۔ آپ جلدی سے آجائیں۔۔۔۔

فریال نے ہسپتال کا پتا بتایا۔۔۔۔۔پھر حمزہ ہسپتال کے لی ئے روانہ ہو گیا،

حمزہ ہسپتال پہنچا۔۔۔۔۔۔تو فوزیہ بیگم کو ہوش آچکا تھا۔۔۔۔۔مہر اور شازیہ بیگم بھی وہاں موجود تھیں۔

مہر نے حمزہ کی مجنون والی حالت دیکھی۔۔۔۔۔تو دل ٹوٹ کر کِرچی کِرچی ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔حمزہ کی لال آنکھیں مہر کے چہرے پہ پڑیں۔۔۔۔مہر نے شرمندگی سے نظریں جھکائیں۔۔۔۔حمزہ نے فوراً چہرے کا رُخ بدلا۔۔۔۔

مہر پانی پینے کا بہانہ بنا کر باہر نکل گئ۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ میرے بچے۔۔کہاں چلے گئے تھے۔۔۔۔اپنی ماں سے کوئی ایسے ناراض ہوتا ہے۔فوزیہ بیگم روتی ہوئی بولیں۔۔۔۔۔۔

نہیں مما میں ناراض نہیں ہوں۔۔۔۔حمزہ نے اپنی ماں کے ہاتھ چُومے۔۔۔۔

گھر واپس آجاؤحمزہ۔۔۔۔یہ اپنی ماں کے جُڑے ہوئے ہاتھ دیکھ لو۔۔۔۔۔

مما کیا کررہی ہیں آپ۔۔۔۔۔۔آجاؤں گا میں گھر۔۔۔آپ روئیں نہیں پلیز۔۔۔۔۔۔۔حمزہ نے فوزیہ بیگم کے چہرے سے آنسو پونچھے۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر نے کچھ دیر میں ہی فوزیہ بیگم کو ڈسچارج کر دیا۔۔حمزہ بھی اپنی ماں کو یوں اکیلا نہیں چھوڑ سکتا تھا۔۔اس لیۓ وہ اُن کے ساتھ ہی گھر آگیا۔۔۔۔۔

مہر اور شازیہ بیگم رکشے میں گھر آگئیں۔۔

زوہان جو ابھی ہی سُو کر اُٹھا تھا۔۔۔۔فریش ہو کر روم سے باہر آیا۔۔۔۔۔

فون کان کے ساتھ لگائے سیڑھیاں اُتر رہا تھا کہ سامنے سے حمزہ کو آتا دیکھ کر اُس کے ماتھے پہ بَل پڑے۔

کہاں سے آرہے ہیں آپ لوگ؟؟

بھائی وہ مما کی طبیعت خراب ہو گئی تھی۔ تو اُنہیں ہسپتال لے کر گئے تھے۔ فریال بولی

زرا سی طبیعت خراب ہو گئی۔۔۔۔ تو ہسپتال لے کر چلے گئے تم لوگ انہیں۔۔۔۔

مفت کا مال سمجھا ہوا ہے کیا۔۔۔۔ ویسے بھی اس عمر میں یہ سب تو چلتا رہتا ہے۔۔۔۔

تمیز سے بات کریں بھائی۔۔۔۔۔۔ حمزہ غصہ ضبط کرتے ہوئے بولا۔

تمیز۔۔۔۔ میں تمیز سے بات کروں۔۔۔۔۔

چٹاخ۔ زوہان نے ایک زوردار تھپڑ حمزہ کے چہرے پہ مارا۔۔

آیندہ مجھ سے اس لہجے میں بات کیا۔۔۔۔ تو اچھا نہیں ہو گا۔۔۔۔

فریال جاؤتم مما کو اندر کمرے میں لے کر جاؤ۔۔۔ حمزہ کہتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔

مہرو اور زوہان کے نکاح کی تاریخ جمعہ کو مقرر کر دی گئی تھی۔

حمزہ زیادہ تر گھر سے باہر رہتا تھا، تاکہ اُس کا سامنا زوہان سے نہ ہو۔

مہرو مہرو۔شازیہ بیگم مہر کو آواز لگاتے لگاتے اُس کے کمرے میں گئیں۔

یہ دیکھو آپا نے نکاح کا جوڑا بھجوایا ہے۔۔۔۔۔

امی مجھے نہیں دیکھنا۔۔ آپ اسے سائیڈ پہ رکھ دیں۔۔۔

مہر بیڈ پہ لیٹی ہوئی تھی۔۔تکیے میں سَر دیئے۔۔۔جب سے اُس نے حمزہ کو ہسپتال میں دیکھا تھا۔۔۔اُس کی حالت دیکھ کر مہرو۔۔۔کے دل میں احساس ندامت بڑھتا جا رہا تھا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔پر پہن کے دیکھ لینا۔۔۔فِٹنگ وغیرہ۔۔کا مسئلہ نہ ہو۔۔۔شازیہ بیگم کہتی ہوئی باہر نکل گئیں۔۔

حمزہ تم تو جان چھڑکتے تھے مجھ پہ۔۔۔میں نے تمہاری وفاؤں کا یہ صلہ دیا۔مہرو کا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ چکا تھا۔

میں نے کیسے بیچ راستے میں تمہارا ہاتھ چھوڑ دیا۔۔۔۔

حمزہ مجھے معاف کر دینا۔۔۔۔۔اپنی مہر کو معاف کر دینا۔۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

زوہان شیشے کے سامنے کھڑا تیار ہو رہا تھا۔۔۔۔دل میں مہر کے ساتھ جینے کے خواب۔پر دماغ میں انتقام کے شعلے بھڑک رہے تھے۔

دل اور دماغ کی اس جنگ میں۔۔۔وہ اُلجھ سا گیا تھا۔۔

آج مہرو اُس کی زندگی میں شامل ہونے جا رہی تھی۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

مہر ڈریس چینج کر کے باہر آئی۔۔۔۔فریال بیوٹیشن کو لیے کھڑی تھی۔۔۔

یہ مہر ہے۔۔۔آپ نے اسے تیار کرنا ہے۔۔۔فریال بتاتے ہوئے چیئر پہ بیٹھ گئی۔۔

زوہان نے مہر کے پارلر جانے پہ اعتراض کیا تھا۔۔ جس کی وجہ سے فوزیہ بیگم نے گھر میں ہی بیوٹیشن بھیج دی تھی۔۔

میرون کلر کی فراک میں مہر بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔ میرون رنگ کا فراک جس میں گولڈن ایمبرویڈری کا عمدہ کام ہوا تھا۔۔۔

شازیہ بیگم پہلے ہی ہال جانے کے لیے نکل گئی تھیں۔۔ شیخ محمد کا وہاں آنا فوزیہ بیگم نے سختی سے منع کیا ہوا تھا۔۔

شازیہ بیگم نے اُسے کھانا دیا اور جس کمرے میں وہ موجود تھا۔۔۔اُس دروازے کو باہر سے لاک لگا دیا۔۔

بیوٹیشن نے میک اپ کرنا شروع کیا۔مہر نے آنکھیں بند کیں۔۔

حمزہ ہماری شادی پہ آپ کون سے رنگ کا ڈریس پہنو گے۔۔۔؟؟؟

مہر حمزہ کے ساتھ ریسٹورنٹ میں موجود تھی۔۔

ہمم۔بہت ہی مشکل سوال ہے۔۔ حمزہ دونوں ہاتھ ٹھوری سے اٹکا کر بولا۔۔

ظاہر سی بات ہے۔۔۔۔ جیسے سب پہنتے ہیں شیر وانی ٹائپ کا ڈریس۔۔

ہاں وہ تو پتا ہے مجھے۔۔ میں نے کلر پوچھا ہے آپ سے۔۔۔ مہر دونوں ہاتھ سَر پہ رکھتی ہوئی بولی۔

کلر؟؟ سفید۔۔ ہی پہنوں گا۔۔۔ میرا فیورٹ جو ہے۔

جی نہیں۔۔ آپ بلیک کلر پہنو گے۔۔۔۔۔ اُس میں آپ بہت حسین لگتے ہیں۔۔

کیا۔۔ تمہیں معلوم ہے مہر۔۔ کہ اس رنگ سے مجھے شدید چِڑ ہے۔۔ تمہارے کہنے پہ میں نے ایک بار پہنا تھا۔

میرے لیے اتنا بھی نہیں کر سکتے۔۔ آپ۔۔

اچھا بھئی ٹھیک ہے۔۔ پر میری ایک شرط ہے۔۔۔

کیا؟؟ مہر حمزہ کی گہری آنکھوں کو اپنی نظروں میں قید کرتی ہوئی بولی،

تمہیں بھی بلیک ہی پہننا پڑے گا۔۔۔

حمزہ میں اپنی شادی والے دن بلیک رنگ پہنوں گی۔۔۔

بلکل بھی نہیں۔۔۔لگتا ہے خالہ نے بچپن میں بادام نہیں کھلائے۔جو آپ پاگلوں والی باتیں کر رہے ہیں،

میں تو میرون رنگ پہنوں گی۔۔مجھے بھی پسند ہے۔۔اور آپ بھی تو کہتے ہیں کہ جب میں یہ رنگ پہنتی ہوں تو آپ دل ہی دل میں میری نظر اُتار لیتے ہیں۔

مہر کی آنکھیں بھر آئیں۔۔۔۔

حمزہ میں نے آج میرون رنگ کا ڈریس پہنا ہے۔پر میری نظر اُتارنے والا کوئی نہیں ہے۔مہر کا دل کر رہا تھا کہ وہ زور زور سے چیخ چلائے۔۔سب کو بتائے کہ آج اُس کی محبت کا جنازہ نکل رہا ہے کوئی تو اُس سے افسوس کرے۔۔۔۔

فریال مہر کو لے کر ہوٹل پہنچی۔مہر کو برائیڈل روم میں لا کر بٹھا دیا گیا۔۔۔

فوزیہ بیگم اور شازیہ بیگم بھی مہر کے پاس آکر بیٹھیں۔

قاضی صاحب آئے نکاح پڑھانے لگے۔

مہرو ولد شیخ محمد آپ کا نکاح زوہان ولد غلام راجپوت سے دس لاکھ حق مہر میں تہہ پایا ہے۔۔ آپ کو قبول ہے۔۔

مہرو کی آنکھیں بھیگیں۔۔۔۔ سامنے بیٹھی فوزیہ بیگم نے چہرے کا رُخ بدلا۔۔

مما ایسا مت کریں۔۔ حمزہ بھائی مَر جائیں گے۔۔۔ فریال مہرو کے پاس سے اُٹھی اور فوزیہ بیگم کی طرف بڑھی۔۔۔

مہرو بولو۔۔۔۔ کہ تمہیں قبول ہے۔۔۔ مہرو کے کپکپاتے جسم کو دیکھ کر شازیہ بیگم نے اُس کے کان میں کہا۔۔۔۔

امی وہ شخص مجھ سے نفرت کرتا ہے۔۔۔۔ آپ کی مہرو وہاں کبھی خوش نہیں رہے گی۔۔۔۔

مہر نے حمزہ کی محبت کو دل میں دفن کیا۔۔

قبول ہے!

قبول ہے!

قبول ہے!

نکاح نامے پر دستخط ہوئے۔۔مہر۔۔۔مہر و شیخ سے مہر وزوہان راجپوت بن گئ

۔۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

حمزہ صبح سے گھر سے نکلا ہوا تھا۔۔۔سڑکوں کی خاک چھاننے کے بعد اُس نے گاڑی سمندر کے راستے پر روانہ کی۔۔۔۔

اے اللہ میں زندہ کیسے ہوں۔میری روح تو پرواز کر کے کہیں اور چلی گئی ہے۔۔۔۔

گاڑی کی سپیڈ کو مزید تیز کرتے ہوئے۔۔وہ دھاڑیں مار مار کر رو رہا تھا۔۔۔۔

کہ سامنے سے آتے ہوئے ٹرک کے ساتھ گاڑی کا ٹکراؤ ہوا۔۔۔۔

تصادم سے آنے والی آوازرات کی تاریکی کو مزید خوفناک بنا رہی تھی۔

❦❦❦❦❦❦❦

مہر کو زوہان کے روم میں لا کر بٹھایا گیا۔۔۔

فریال نے اُسے زبردستی جوس پلایا۔۔۔۔

تھوڑی دیر میں زوہان کمرے میں آیا۔۔ تو مہر بیڈ سے ٹیک لگائے۔۔۔ آنکھیں بند کی ئے لیٹی تھی۔۔

اُس کے حُسن کو دیکھ کر زوہان کا دل کیا کہ وہ مہر کی تعریف کرے۔۔۔

خیالات کو جھٹکتے ہوئے۔۔۔۔ وہ مہر کی طرف بڑھا۔۔

اے لڑکی۔۔۔۔۔ اتنی نیند آرہی ہے تو اپنے گندے وجود کو اُٹھاؤ اور سامنے صوفے پہ جا کر لیٹو۔۔

زوہان کی آواز سے مہر ڈر کے کانپی۔۔ وہ جاگ رہی تھی، لیکن اُسے زوہان کے آنے کا اندازہ نہیں ہوا۔

زوہان کو دیکھ کر اپنا دوپٹہ ٹھیک کیا۔۔ اور اُسے دیکھنے لگی۔

کیا۔۔ بہری ہو گیا۔۔۔۔ یا آرام سے بات سمجھ نہیں آتی تمہیں۔۔۔ زوہان نے مہر کو بازُو سے پکڑ کر اُٹھایا اور صوفے پہ پھینکا۔۔۔۔

تب ہی دروازہ کھٹکا۔۔۔۔زوہان نے جا کر دروازہ کھولا،

فریال روتی ہوئی اندر آئی۔

کیا ہوا۔۔۔؟؟

بھائی وہ حمزہ بھائی کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔۔۔۔بہت بُری کنڈیشن ہے اُن کی آپ جلدی سے ہمارے ساتھ ہاسپٹل چلیں۔۔

ابھی زندہ ہے وہ مرا نہیں ہے جو میں جاؤں، اور تم اس وقت مجھے یہ شکل دکھانے اس لیے آئی ہو۔۔۔

زوہان حمزہ ہاسپٹل میں ہے۔۔۔ ہمیں جانا چاہیے، مہر آنسوؤں کو ضبط کرتی ہوئی بولی،

فریال تم جا سکتی ہو۔۔زوہان نے فریال کو کمرے سے باہر نکالا اور مہر کی جانب بڑھا،

بہت دل کر رہا ہو گا تمہارا اپنے عاشق کے آخری دیدار کا۔۔۔۔

ن۔۔نہیں ایسی بات نہیں ہے۔۔۔۔ آپ کا بھائی ہے وہ۔۔سوتیلا ہی سہی۔۔۔۔مہر سسکیاں لیتے ہوئے بول رہی تھی

تمہیں جانا ہے۔۔۔۔زوہان مہر کے چہرے پہ نظریں گاڑتا ہوا بولا۔

ہاں میں جانا چاہتی ہوں۔۔ لیکن آپ کے ساتھ۔مہر ہمت کر کے بولی۔

لیکن میں نہیں جانا چاہ رہا۔۔ چلو آؤ تمہیں چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔۔زوہان نے مہر کو بازو سے پکڑا اور نیچے لے کر جانے لگا۔۔۔۔۔

زوہان آپ مجھے کہاں لے کر جا رہے ہیں۔زوہان پلیز چھوڑیں مجھے۔مہر اپنا بازُو چھڑواتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔

پر زوہان کی گرفت اتنی مضبوط تھی کہ مہر کچھ نہ کر سکی۔

زوہان نے سٹور روم کا دروازہ کھولا۔۔۔۔

مہر کو دھکا دیتے ہوئے پھینکا۔

یہاں رہ کر اُس کی یاد میں ٹسویں بہاتی رہو۔۔۔۔مَر گئی تو آسانی سے اُس کے پاس پہنچ جاؤ گی۔۔زوہان نے کہتے ہوئے دروازہ لاک کیا اور خود اپنے کمرے میں چلا گیا۔

زوہان۔مجھے ایسے چھوڑ کر مت جائیں۔۔۔زوہان۔۔۔مہر چیخی۔

❦❦❦❦❦❦❦

مما رونا بند کریں۔ حمزہ بھائی بلکل ٹھیک ہو جائیں گے۔۔۔۔ میں نے کہا تھا آپ کو نہ ظلم کریں اُن پر نہیں سہہ سکیں گے۔۔۔۔

بیٹا میں کیا کرتی۔۔ یہ گھر یہ بزنس جو زوہان چلا رہا ہے۔۔ ہمارے لیئے تو تمہارے بابا کچھ نہیں چھوڑ کر گئے۔۔۔۔ سب زوہان کے نام ہے۔۔ منع کر دیتی تو میں تم لوگوں کو لے کر کہاں بھٹکتی رہتی۔۔۔

مما ہم رہ لیتے کہیں نا کہیں۔ کم از کم مہر اور حمزہ بھائی کی زندگی تو برباد نہ ہوتی۔۔۔۔۔

تب ڈاکٹر آپریشن تھیٹر سے باہر آتا ہوا دکھائی دیا۔۔۔۔

ڈاکٹر۔ میرا بھائی کیسا ہے۔۔ فریال تیز قدم اُٹھاتی ہوئی ڈاکٹر کی طرف بڑھی۔

ابھی ہم کچھ کہہ نہیں سکتے۔۔ بس آپ دُعا کریں۔۔۔ اگلے چوبیس گھنٹے بہت اہم ہیں اُن کے لیئے۔۔۔۔ ڈاکٹر کہتا ہوا چلا گیا۔۔

فریال وہیں بیٹھ گئی۔۔۔۔

❦❦❦❦❦❦❦

نکاح میں میرے ہے۔۔اور دل و دماغ صرف میں صرف اُس حمزہ کے بارے میں سوچتی ہے۔۔۔۔زوہان کب سے سونے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔پر نیند آنکھوں سے کوسوں دُور تھی۔۔

کہیں دُور سے فجر کی اذانوں کی آوازیں ہلکی ہلکی سنائی دے رہی تھیں۔

بیڈ سے اُٹھا اور فریش کر کچھ دیر میں باہر آیا۔۔۔

نیچے سٹور روم کی طرف جانے لگا۔۔۔

دروازہ کھولا۔۔۔

مہر۔۔مہر باہر آؤ۔۔۔دروازے کے پاس کھڑے ہو کر ہی آواز دینے لگا۔

جب مہر نے کوئی جواب نہ دیا۔۔۔

اندر کمرے کے اندھیرے کو دیکھ کر زوہان کا دل بھی بے چین ہوا۔ کیونکہ اُسے بھی تو ایسے ہی اندھیرے کمروں میں بند کیا جاتا تھا۔۔ جب اُس کی ماں اُسے اکیلے چھوڑ جاتی تھی۔

رات کو جب لائیٹ چلی جاتی تھی۔۔ تو وہ کتنی بار اپنی ماں اور بابا کو بلاتا تھا۔۔ چیختا تھا، روتا تھا۔۔۔ لیکن جب کوئی اُمید نہیں ملتی تو خود ہی رو رو کر سو جاتا۔۔۔

مہر کو دیکھ کر اُسے ترس آیا،

زوہان نے مہر کو اُٹھایا۔ اور کمرے میں لے کر جانے لگا۔۔

چہرے پہ پسینہ اور کانپتا ہوا جسم اس بات کی گواہی دے رہا تھا۔ کہ وہ کتنا ڈر چکی ہے۔

کمرے میں پہنچا۔۔۔۔ اور مہر کو بیڈ پہ لٹایا۔۔۔۔

حمزہ۔ حمزہ۔۔۔ مہر بے ہوشی میں حمزہ کو پکار رہی تھی

زوہان کے اندر جیسے آگ سی لگ گئی۔

پاس پڑے پانی کے جگ کو مہر کے چہرے پہ ڈالا۔ جس سے وہ چیختی ہوئی اُٹھی۔

اب یہیں بیٹھ کر حمزہ کے نام کی تسبیح پڑھتی رہو گی۔۔۔ جاؤ اپنا حلیہ درست کرو۔۔۔۔زوہان کہتا ہوا سگریٹ سلگا کر سامنے صوفے پہ بیٹھ گیا۔۔

اور مہر کو دیکھنے لگا۔

مہر زوہان کی نظروں سے گھبرا ای۔۔۔۔۔فورا بیڈ سے اُٹھی۔۔۔۔

اور الماری سے ایک سادہ سوٹ نکالا۔۔اور فریش ہونے چلی گئی۔۔۔۔۔

واپس آکر شیشے کے سامنے کھڑی ہوئی۔۔۔۔سُوجھی ہوئی آنکھیں۔۔۔۔چہرے پہ ویرانی۔۔۔۔لیے وہ ٹاول سے اپنے بال خشک کرنے لگی۔۔۔۔

زوہان ابھی بھی اُسی انداز میں بیٹھا اُسے دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔

مہر نے ٹاول سایڈ پہ رکھا اور بالوں کو سُلجھانے لگی۔۔۔۔۔

زوہان جو کب سے خود کو کنٹرول کر رہا تھا۔۔۔۔

آہستہ آہستہ قدم بڑھاتا مہر کے پاس گیا۔۔۔۔۔

اُس کے گرد بازُو حایل کی ئے۔۔۔۔۔۔اور اُس کی گردن پہ اپنے ہونٹ رکھے۔۔

مہر نے زوہان کو ہاتھوں کو ہٹایا۔۔۔۔

وہ ناشتہ بنانا ہے مجھے آپ کے لی ئے۔۔۔۔۔۔

تم مجھے یعنی زوہان راجپوت کو اگنور کر رہی ہو۔۔۔

لائک سیریسلی۔۔۔اوقات دیکھی ہے تم نے اپنی۔۔۔زوہان نے مہر کے بازُو کو سختی سے پکڑا۔۔۔۔۔۔

حمزہ بھی تو ٹچ کرتا ہو گا تمہیں۔پاس آتا ہو گا۔۔۔اُس کا قریب آنا بُرا نہیں لگتا۔اور اپنے شوہر کے قریب آنے سے یہ سڑی ہوئ شکل بنالی تم نے۔۔۔زوہان کی گرفت مضبوط ہوئ۔

مہر کی آنکھیں بھیگ گئیں۔۔۔

جب آپ کو سب معلوم تھا تو کیوں نکاح کیا مجھ سے۔۔۔کیوں میرے اور حمزہ کے درمیان آئے آپ۔۔۔۔۔

ہاں اب بھی محبت کرتی ہوں میں حمزہ سے۔۔اور شاید ساری زندگی کرتی رہوں گی۔۔۔۔مہر بھیگتی آنکھوں سے بولی۔۔۔۔

زوہان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوا۔۔۔اور اُس نے تھپڑ مہر کے چہرے پہ مارا۔۔۔

شرم نہیں آتی تمہیں۔۔اپنے شوہر کے سامنے کھڑی ہو کر اقرارِ محبت کرتے ہوئے۔۔۔۔جلد ہی تمہیں پتا چل جائے گا میں تمہارے اور حمزہ کے درمیان کیوں آیا۔۔۔۔۔۔

خبردار اس کمرے سے قدم بھی باہر نکالا۔۔۔۔تمہیں بھی جان سے ماردوں گا۔۔اور اُس حمزہ کو بھی۔۔۔۔

زوہان کہتا ہوا وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

مہر وہیں صوفے کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔۔۔۔

روؤں گی نہیں میں۔۔۔۔مہر نے اپنے آنسو صاف کیے۔۔

اور کمرے سے باہر نکل گئی۔

ڈرائیور مجھے ہسپتال جانا ہے جہاں حمزہ زیر علاج ہے وہاں۔۔

مہر کہتی ہوئی گاڑی میں بیٹھی۔۔۔۔۔

ہسپتال کے سامنے گاڑی رُکی۔۔۔ مہر جلدی سے گاڑی سے باہر آئی۔۔

اور ہسپتال کی طرف بھاگی۔

ریسیپشن سے معلومات لینے کے بعد۔۔۔وہ تیزی سے سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ہسپتال کے دوسرے فلور پر پہنچی۔۔۔۔۔

جہاں سامنے فریال نظر آئی۔۔

مہر تم یہاں کیسے۔۔۔۔زوہان بھائی کو معلوم ہے۔۔۔۔ فریال یوں اچانک مہر و کو دیکھ کر بولی۔

نہیں فریال میں بتا کر نہیں آئی۔۔ حمزہ کیسا ہے اب۔۔۔ مہر فریال کے گلے لگ کر بولی۔

بھائی کو روم میں شفٹ کر دیا ہے۔۔۔ لیکن ہوش میں نہیں آئے اب تک۔۔۔۔۔

خالہ کہاں ہیں؟؟مہر نے اپنے آنسو گال سے صاف کیئے۔۔۔۔۔۔۔

وہ اندر نفل پڑھ رہی ہیں۔۔۔۔فریال مہر کو روم کے باہر لے کر گئ۔جہاں حمزہ زخموں سے چُور ہوا پڑا تھا۔۔۔۔

فریال سب میری وجہ سے ہو رہا ہے۔۔۔مجھے حمزہ کا ساتھ دینا چاہیے تھا۔۔۔۔۔مہر دانتوں تلے انگلی رکھ کر بولی۔۔۔

مہر جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔۔۔۔۔اس میں کسی کا کوئی قصور نہیں ہے۔۔۔۔۔۔یہ قسمتوں کے فیصلے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔ان فیصلوں میں ہم انسانوں کی مرضی نہیں چلتی

۔۔۔۔۔۔۔

زوہان کچھ دیر میں گھر واپس آیا۔۔۔۔۔۔

ملازمہ سے ناشتے کا کہہ کر وہ اپنے کمرے میں جا رہا تھا۔۔۔کہ ملازمہ نے آواز لگائی

۔۔۔

.اور بتایا کہ مہر گھر پہ نہیں ہے۔۔۔وہ ہسپتال گئ ہے۔۔۔

زوہان وہیں سے اُلٹے پاؤں گاڑی میں بیٹھ کر ہسپتال کے لیے روانہ ہو گیا۔۔۔

مہر حمزہ کے پاس بیٹھی تسبیح پڑھ رہی تھی۔۔۔۔فریال بھی وہیں سائیڈ پہ کھڑی تھی ۔۔۔۔فوزیہ بیگم اپنے بیٹے کی یہ حالت نہیں دیکھ سکتی تھیں۔۔اس لیے وہ روم کے باہر کرسی پر بیٹھی تھیں۔

تب زوہان کو آتا دیکھ کر فوزیہ بیگم خوش ہو گئیں۔۔۔۔

زوہان بیٹا وہ حمزہ کو ہوش نہیں آیا ابھی تک۔۔۔فوزیہ بیگم کو بھی رونے کے لیے کسی کے کندھے کی ضرورت تھی۔۔

تو کیا کروں میں۔؟؟؟اور یہ ڈرامہ کرنا بند کریں۔۔۔۔۔مہر کہاں ہے۔۔۔زوہان چہرے کا رُخ پھیرتا ہوا بولا۔۔۔۔۔۔

بیٹا۔۔ایسا مت کہو۔۔۔چھوٹا بھائی ہے تمہارا۔۔۔۔میں نے تو کبھی تم دونوں میں فرق نہیں کیا۔۔۔فوزیہ بیگم کی آنکھوں سے آنسو چھلکے۔۔۔۔

میرا مہر کے علاوہ اس گھر میں کسی سے کوئی رشتہ نہیں ہے۔۔۔۔سمجھیں آپ۔۔۔۔۔



https://winapster.com/urdu-novels/ https://www.facebook.com/winapster.novels

مہر کو باہر بُلائیں۔۔۔۔۔زوہان گلاسز اُتارتا ہوا بولا۔

فوزیہ بیگم نے مہر کو باہر بُلایا۔۔۔۔۔

زوہان حمزہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ ہمیں یہاں رُکنا چاہیے۔مہر زوہان کو دیکھ کر بولی۔

حمزہ۔۔۔مائے فُٹ۔۔۔

زوہان نے مہر کا ہاتھ پکڑا۔۔۔۔اور اُسے زبردستی لے جانے لگا۔۔

سیڑھیوں سے لے جاتے جاتے مہر کا پاوں پھسلا اور وہ گر گئ۔

لیکن زوہان کو کوئی فکر نہیں تھی وہ بس اُسے کھینچتا ہوا لے کر جارہا تھا۔۔۔۔

سب لوگ اُنہے ہی دیکھے جارہے تھے۔۔۔زوہان ہاسپٹل سے باہر نکلا۔

اور گاڑی کا دروازہ کھول کر مہر کو اندر بٹھایا۔۔۔اور خود ڈرائیونگ سیٹ پہ بیٹھ گیا۔۔۔

کس سے پوچھ کر یہاں آئی۔۔۔۔؟؟؟زوہان غصے سے دھاڑا۔۔۔۔

کچھ پوچھ رہا ہوں جواب دو۔۔۔۔۔گاڑی کی سپیڈ بڑھاتے ہوئے وہ مہر پہ چیخا۔۔۔

گاڑی حادثے سے بال بال بچی۔۔

زوہان پلیز آہستہ چلائیں۔۔۔۔۔

زوہان گاڑی کو ویران علاقے کی طرف لے گیا۔۔۔۔۔

اردگرد جنگلات کا بسیرا تھا۔۔۔۔۔

زوہان نے گاڑی روکی۔۔۔۔۔

مہر کو گاڑی سے نکال کر باہر پھینکا۔۔۔۔

میں گاڑی کو آہستہ آہستہ لے کر جاؤں گا۔تم نے پیدل اس کے پیچھے آنا ہے۔۔۔زوہان نے مہر کو بازَو سے پکڑ کر اُٹھایا۔

زوہان خود گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔۔اور گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔

مہر مشکل سے پیر کو گھسیٹ گھسیٹ کر چل رہی تھی۔۔۔۔

زوہان کبھی گاڑی کی سپیڈ سلو کرتا۔تو کبھی تیز۔۔۔۔۔

چل چل کر مہر کے جوتے پھٹ گ ئے۔۔۔۔مہر نے زوہان کو کافی آوازیں لگائیں ۔۔۔لیکن زوہان سُننے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔

ویران علاقے سے گاڑی نکل کر مین روڈ پہ آئی۔تو زوہان نے گاڑی روکی۔

مہر بغیر کوئی بات کی ئے گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

اب آیندہ اگر تم مجھے بتائے بغیر کہیں بھی گئی۔تو اس سے بڑی سزا دوں گا۔

زوہان ڈرائیونگ سیٹ پہ بیٹھ کر بولا۔۔۔۔۔

مہر آنکھیں موندیں۔گاڑی کی سیٹ کے ساتھ ٹیک لگائے۔بیٹھی تھی۔۔پسینے سے شرابور چہرہ۔۔۔

زوہان آپ انسان نہیں ہیں۔۔۔جانور ہیں۔۔۔جانور۔۔۔

مہر روتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

تمہیں کس نے کہہ دیا کہ میں انسان ہوں۔میرے سے انسانوں والی کوئی اُمید نہ رکھنا۔۔۔۔۔زوہان ہنستا ہوا بولا۔۔۔۔۔

زوہان نفرت ہے مجھے آپ سے۔۔۔ نفرت۔ آپ کے ساتھ ایسی زندگی گزارنے سے بہتر ہے میں مَر جاؤں۔۔

مہر چیخ کر بولی،

بکواس بند کرو اپنی۔۔۔اب اگر تم نے زبان سے ایک لفظ بھی نکالا۔۔تو چلتی گاڑی سے دھکا دے دوں گا۔۔۔زوہان غصے سے بولا۔۔

گاڑی گھر کے سامنے رُکی۔۔۔۔

زوہان خود اندر چلا گیا۔۔

مہر وہیں گاڑی میں بیٹھی رہی۔۔۔کوئی اُس کی مدد کو نہ آیا۔

تو خود ہی لنگراتے لنگڑاتے گھر میں داخل ہوئی۔۔۔۔پھٹے ہوئے جوتے ہاتھ میں اُٹھائے۔۔۔

وہ سیڑھیاں چڑھ کر کمرے میں گئی۔

زوہان بالکونی میں کھڑا تھا۔۔۔فون پر کسی سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔

مہر صوفے پہ بیٹھ گئی۔۔۔

درد سے کراہتے ہوئے پاؤں اوپر کی ئے۔۔۔۔پاؤں کی ہتھیلی سے خون نکل رہا تھا۔۔۔

زوہان نے فون بند کیا اور اندر آیا۔۔۔

مہر کو روتے ہوئے دیکھ کر اُس نے الماری کے دراز سے فرسٹ ایڈ باکس نکالا۔۔اور مہر کی طرف بڑھا۔

زمین پہ بیٹھ کر زوہان نے مہرو کے پاؤں اپنی گود میں رکھے۔۔۔۔

زوہان مجھے آپ کی کوئی مدد نہیں چاہیے۔۔۔بہتر ہے کہ آپ مجھ سے دُور رہیں ۔۔۔مہر اُٹھ کر جانے لگی۔۔۔

زوہان نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے بیٹھنے کو کہا۔۔

پتا ہے مہر۔۔۔ بچپن میں میرے پاؤں پہ بھی ایسے ہی چوٹ لگ گئی تھی۔۔۔۔ ماما گھر پہ نہیں تھیں۔۔۔ پھر میں نے پٹی بھی خود ہی کی اپنی۔۔۔۔ تب تو مجھے کرنی بھی نہیں آتی تھی۔۔۔۔۔

زوہان نے مہر کے پاؤں سے خون صاف کیا۔۔۔۔ اور دوائی لگا کر پٹی کر دی۔۔۔۔

آئندہ میری بات نہ مانی یا مجھ سے پوچھے بغیر کہیں بھی گئی۔ تو اچھا نہیں ہو گا۔۔۔

کیا کریں گے آپ۔۔۔ ماریں گے مجھے مجھے پھر سے سٹور میں بند کر دیں گے۔۔۔ اس کے علاوہ آپ کر بھی کیا سکتے ہیں۔۔۔۔ مہر غصے سے چلائی۔

نہیں میں یہ نہیں کروں گا۔۔۔۔۔ زوہان نے فرسٹ ایڈ باکس سائیڈ پہ رکھا اور مہر کے ساتھ آ کر صوفے پہ بیٹھ گیا۔۔۔۔

مہر کے قریب ہوا اور اُس کی کالی سُرمئی آنکھوں کو نرمی سے چھوا۔۔۔۔

چلو تمہیں بیڈ تک چھوڑ دوں۔ زوہان مہر کی طرف دیکھ کر بولا۔

مجھے آپ کے اس رویے کی سمجھ نہیں آ رہی۔ کبھی آپ اتنے اچھے بن جاتے ہیں اور کبھی اتنے بُرے۔۔۔۔کیوں؟؟؟؟ہیں آپ ایسے۔۔۔

مجھے تمہارا حمزہ کے لیے یوں پریشان ہونا بلکل اچھا نہیں لگتا۔۔۔۔زوہان کی نظر مہر کی گردن پر پڑی جہاں ایک خوبصورت لاکٹ جگمگا رہا تھا۔۔۔

زوہان مجھے کچھ وقت لگے گا۔۔۔حمزہ کو میں اتنی جلدی نہیں بھول سکتی۔۔۔مہر نظریں چُراتی ہوئی بولی۔۔۔۔

یہ لاکٹ کس نے دیا ہے۔۔؟؟؟تمہیں۔

اگر حمزہ نے دیا ہے تو فوراً اُتار دو اسے۔۔۔۔زوہان نے لاکٹ اُتار کر پھینکا۔۔۔۔۔

مہر حمزہ کو جتنی جلدی بھول جاؤ۔۔۔۔اچھا ہے۔۔۔۔۔

زوہان کہتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا۔

مہر نے لاکٹ اُٹھایا۔۔۔اور اُسے اپنے ہونٹوں سے چوما

حمزہ۔۔۔ کتنی محبت کرتے تھے تم مجھ سے۔۔۔ میں نے اچھا نہیں کیا۔۔۔ مہر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔۔۔۔۔۔

فریال حمزہ کے پاس بیٹھی تھی

شازیہ بیگم اور فوزیہ بیگم باہر بیٹھی سپارہ پڑھ رہی تھیں۔۔

حمزہ نے آہستہ سے ہاتھ ہلایا۔۔۔۔

م۔۔۔۔مہ۔۔۔۔۔مہر۔۔۔۔حمزہ کی ہلکی سی آواز پر فریال تیزی سے حمزہ کی طرف بڑھی۔۔۔۔

بھائی۔۔۔ آپ کو ہوش آگیا۔۔۔ میں ڈاکٹر کو بُلا کر لاتی ہوں۔۔۔ فریال چہرے پہ خوشی لاتی ہوئی بولی،

فریال نے ڈاکٹر کو بلایا۔۔

فوزیہ بیگم کی جان میں جان آئی۔۔۔۔۔

طبیعت بہتر ہے اب ان کی۔۔۔۔۔ڈاکٹر نے باہر آ کر بتایا۔۔۔۔۔

ڈاکٹر میں اپنے بچے سے مل سکتی ہوں۔۔ فوزیہ بیگم التجا کرتی ہوئی بولیں۔

جی !!ٹھیک ہے۔۔ لیکن دھیان رہے۔ کوئی ایسی بات نہیں کرنی جس سے اُن کے ذہن پہ کوئی زور پڑے۔۔۔۔۔

جی ڈاکٹر !!فوزیہ بیگم کہتی ہوئی اندر گئیں۔۔شازیہ بیگم اور فریال باہر ہی بیٹھی تھیں، فریال نے شازیہ بیگم کو نہیں بتایا تھا کہ مہر یہاں آئی تھی۔۔اور زوہان اُسے کیسے لے کر گیا تھا۔۔۔۔

فریال بیٹا میں شکرانے کے نفل ادا کر کے آتی ہوں۔۔۔ تم زرا آپا کا دھیان رکھنا۔۔۔۔

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

کیسا ہے میرا بچہ۔۔۔۔فوزیہ بیگم حمزہ کے پاس چیئر پہ بیٹھتی ہوئی بولیں۔۔۔

کیسا نظر آرہا ہوں آپ کو۔۔۔۔۔حمزہ کی آنکھیں بھیگیں۔۔۔۔۔۔

حمزہ بیٹا اپنی ماں کو معاف کر دو۔۔۔

مما آپ کی معافی سے مہرو مجھے مل جائے گی۔۔۔۔ نہیں۔۔ نہیں ملے گی وہ مجھے۔۔۔

آپ نے میری جسم سے روح نکال کر کسی اور کے اندر ڈال دی ہے۔۔۔۔اب آپ کا بیٹا ایک زندہ لاش بن چکا ہے۔۔۔

مجھے کسی سے کوئی بات نہیں کرنی۔۔۔۔ آپ بھی چلی جائیں۔۔ حمزہ چہرے کا رُخ پھیرتا ہوا بولا۔

فوزیہ بیگم بُجھے بُجھے قدم اُٹھاتی باہر آ گئیں۔۔

مہر بیڈ پہ لیٹی تھی۔۔۔دوپٹہ سایڈ پہ پڑا ہوا تھا۔۔۔۔۔اچانک اُس کا فون رِنگ ہوا۔۔

مہر نے فون اُٹھایا۔۔۔۔تو دوسری طرف سے فریال کی آواز مہر کی سماعت سے ٹکرائی۔

مہر حمزہ بھائی کو ہوش آ گیا ہے۔۔۔

کیا سچ۔۔ فریال۔۔۔!!! حمزہ کو ہوش آ گیا ہے۔۔۔۔ کیسا ہے وہ اب۔۔۔۔۔

کمرے کا دروازہ کُھلا۔۔ ملاَزمہ کھانے سے بھری ٹرے اُٹھائے اندر داخل ہوئی۔۔۔۔۔ اور اُس کے پیچھے زوہان۔۔۔۔

اب جائیں آپ یہاں سے۔۔۔۔۔ زوہان ملازمہ کو دیکھ کر بولا۔۔۔۔۔

جو ٹرے میز پہ رکھ کر چلی گئی۔۔۔۔۔

مہر کے الفاظ گلے میں ہی اٹک گ ئے۔۔۔۔۔۔ زوہان اُس کی طرف بڑھ رہا تھا۔

اچھا فریال میں تھوڑی دیر میں کال کرتی ہوں۔۔۔ مہر نے کہتے ہوئے فون کاٹا۔۔۔۔۔

کیا کہہ رہی تھی فریال؟؟ حمزہ بچ گیا کیا؟؟ بہت ہی ڈھیٹ ہے۔۔۔۔ زوہان کا قہقہہ کمرے میں بلند آواز میں گونجا۔

مہر کو شدید غصہ آیا۔۔۔۔

اچھا آؤ مل کر کھانا کھاتے ہیں۔۔۔۔مجھے تو بہت بھوک لگ رہی ہے۔۔۔زوہان نے کہتے ہوئے مہر کو اپنی گود میں اُٹھایا۔۔۔۔

زوہان مجھے بھوک نہیں ہے۔۔پلیز مجھے نیچے اُتاریں۔۔۔۔۔چونچ بند رکھو اپنی ۔۔۔تم سے کسی نے پوچھا۔۔کہ تمہیں بھوک ہے کہ نہیں۔۔۔۔۔زوہان نے مہر کو صوفے پہ بٹھایا۔۔۔

آپ ہر کام میں زبردستی کیوں کرتے ہیں؟؟جب میں کہہ رہی ہوں کہ مجھے بھوک نہیں ہے۔تو نہیں ہے۔۔۔۔مہر بالوں کو باندھتے ہوئے بولی۔۔

کیونکہ تم ٹیڑھی کھوپری کی مالک ہو۔۔۔سائیکو ٹائپ۔۔۔۔جس کو ایک بات ہزار بار سمجھانی پڑتی ہے۔۔۔زوہان نے بریانی پلیٹ میں ڈالی اور چمچ سے مہر کو کھلانے لگا۔۔

منہ کھولو۔۔۔اپنا۔۔۔ورنہ مجھے اور بھی طریقے آتے ہیں۔

مہر نے بحث کیئے بغیر اپنا منہ کھولا۔۔۔۔۔

آپ بہت گندے ہیں۔۔۔۔ایک دن میں آپ نے مجھے ہزار بار ڈانٹا ہے۔۔اتنا تو کبھی بابا نے بھی نہیں ڈانٹا۔۔۔مہر روتے ہوئے بولی۔۔۔۔

ویسے تمہارا باپ شادی میں نہیں آیا۔۔۔۔۔حیرت ہے؟؟؟

زوہان نے پانی کا گلاس مہر کو پکڑایا۔۔۔۔

وہ بابا معذور ہیں۔۔۔۔دو سال پہلے اُن کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔چل نہیں سکتے وہ۔۔۔۔

اچھا چھوڑو یہ سب باتیں۔۔۔پاؤں کا درد کیسا ہے اب۔۔۔۔آرام ہے یا ڈاکٹر کے لے کر چلوں۔۔۔۔زوہان نے مہر کے پاؤں پہ نرمی سے ہاتھ پھیرا۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔۔آپ کھانا نہیں کھائیں گے۔۔۔۔۔؟

ہاں کیوں نہیں اگر تم اپنے ہاتھوں سے کھلاؤ گی۔تو ضرور کھالوں گا۔۔۔۔

مہر غصہ ہو مجھ سے۔۔۔ہونا بھی چاہیے۔۔۔۔میرا رویہ ٹھیک نہیں تھا تمہارے ساتھ۔۔اُس کے لیے میں معافی مانگتا ہوں۔۔۔۔

بس مجھے تمہارا حمزہ کے لیے رونا اور فکر مند ہونا اچھا نہیں لگا۔۔۔ پھر تم مجھ سے پوچھے بغیر ہاسپٹل چلی گئی۔۔۔۔۔۔ مجھے اور زیادہ غصہ آگیا۔۔۔۔۔

مہر نے پلیٹ میں کھانا ڈالا اور زوہان کو کھلانے لگی۔۔۔۔۔

زوہان کی بات کا اُس نے کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔۔۔۔

حمزہ کی طبیعت اب کافی بہتر تھی۔۔۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم گھر آگئیں تھیں۔۔۔۔ آرام کرنے۔۔۔۔

فریال ابھی بھی ہسپتال میں ہی تھی۔۔۔۔۔۔

فریال مہر کو کال ملاتے ہوئے سیڑھیاں چڑھ رہی تھی۔۔ کہ کسی سے اُس کا ٹکراؤ ہوا۔۔۔۔۔

اور اُس کا فون گر گیا۔۔۔۔

اندھے ہیں آپ دکھائی نہیں دیتا۔۔۔۔۔ فریال فون اُٹھاتے ہوئے بولی۔۔۔۔

سوری مس۔۔۔نام کیا ہے آپ کا۔۔؟؟

جو بھی نام ہے میرا۔۔ آپ کو کیا۔۔۔۔ فریال غصے سے بولی۔۔۔۔

ویسے میرا نام احسن ہے۔۔۔۔اور میں پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہوں۔۔۔۔۔

اس وقت مجھے آپ کسی فلم کے تھرڈ کلاس موالی لگ رہے ہیں۔۔اگر سچ میں آپ ڈاکٹر ہیں تو اپنے پیشے کا ہی لحاظ کر لیں۔۔۔۔۔فریال کہتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔

لڑکی تھی کہ آگ کا گولہ۔۔۔۔اُف۔۔اللہ معاف ہی کرے۔۔۔اللہ تو نے کس خلائی مخلوق کو میری بیوی بننے کا شرف بخشا۔۔۔احسن کانوں کو ہاتھ لگاتا سیڑھیوں سے نیچے اُتر گیا۔

زوہان میں کہہ رہی تھی کہ آپ کو بھی جانا چاہیے۔مہر نماز پڑھ کر فارغ ہوئی تو دبے دبے لفظوں میں بولی۔

کہاں؟ جانا چاہیے مجھے مہر۔۔زوہان بیڈ پہ بیٹھا لیپ ٹاپ پر کام کر رہا تھا۔

حمزہ سے ملنے۔ہسپتال۔۔مہر آہستہ سے بولی۔

واٹ!!میں اور اُس حمزہ سے ملنے جاؤں۔۔اتنا خوش تھا میں کہ حمزہ اب بچنے والا نہیں ہے۔۔لیکن قسمت اچھی تھی اُس کی۔زوہان حمزہ کا نام سُن کر طیش میں آگیا۔لیپ ٹاپ کو دُور پٹختا ہوا وہ مہر کی طرف بڑھا۔

کہیں تمہارا دل تو نہیں کر رہا حمزہ کو دیکھنے کا۔۔۔زوہان مہر کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا۔

ن۔ن۔نہیں زوہان۔۔۔میں تو اس لیے کہہ رہی تھی کہ حمزہ تین دن سے ہسپتال میں ہے۔۔اور فریال اور خالہ بھی آج گھر ہیں۔۔۔تو وہ اکیلا ہو گا۔۔۔۔مہر نظریں جھکا کر بولی۔

تو میں کیا کروں۔۔اکیلا ہے وہ تو۔۔تمہارا دل کر رہا اُسے کمپنی دینے کا۔۔۔تو یو موسٹ ویلکم۔۔تم جا سکتی ہے۔۔آخر بچپن کی محبت اتنی جلدی تھوڑی نا ختم ہوتی ہے۔۔۔زوہان چیخ کر بولا۔

زوہان ہو کیا جاتا ہے آپ کو میں صرف اتنا کہہ رہی ہوں کہ بھائی ہے وہ آپ کا۔۔سگا ہو یا سوتیلا۔۔۔

میں نے کبھی حمزہ کے منہ سے آپ کی کوئی بُرائی نہیں سُنی۔۔۔۔ہمیشہ اُس نے آپ کی عزت کی ہے۔۔۔۔

بس !! تنگ آگیا ہوں میں حمزہ کا نام سُن سُن کر۔۔۔ نفرت ہے مجھے حمزہ سے اور اُس کے ساتھ ہمدردی کرنے والوں سے۔۔زوہان نے مہر کا بازو پکڑا اور اُسے بیڈ پہ دھکیلا۔

کتنی بار کہا ہے میں نے۔میرے سامنے اُس کا نام مت لیا کرو۔۔۔کہا ہے کہ نہیں ۔۔۔زوہان کے کمرے سے چِلانے کی آوازیں سُن کر فریال اور فوزیہ بیگم زوہان کے کمرے کی جانب بڑھیں۔

زوہان بیٹا۔دروازہ کھولو۔فوزیہ بیگم دروازہ بجاتے ہوئے بولیں۔

نہیں تمہیں ایسے میری بات نہیں مانو گی۔۔۔زوہان نے کانچ کا گلاس اُٹھایا اور فرش پہ زُور سے پھینکا۔۔

مہر ڈر کے مارے ہیچھے ہوئی۔۔

زوہان نے کانچ کا ایک بڑا ٹکڑا اُٹھایا اور اپنی دونوں کلائیوں کو کاٹ دیا۔۔خون کے قطرے فرش پہ گرے۔

اب لو گی اُس کا نام بولو۔۔۔بولو مہر۔۔۔زوہان نے کانچ کا ٹکڑا اپنی گردن کے قریب رکھا۔۔۔اور چیختا ہوا بولا۔

زوہان پلیز۔۔میں نہیں لوں گی حمزہ کا نام۔۔۔آپ پھینک دیں اسے پلیز۔۔۔مہر روتی ہوئی زوہان کے قریب گئی۔

زوہان کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھایا۔۔اور وہ فرش پر گر گیا۔۔۔۔۔

فرش پہ خون دیکھ کر مہر زور زور سے چیخنے لگی۔۔۔

زوہان۔۔زوہان۔آنکھیں کھولیں۔۔۔۔

فوزیہ بیگم نے کمرے کی چابی منگوائی۔اور دروازہ کھلوایا۔۔۔

سامنے کا منظر دیکھ کر وہ بے حواس ہو گئیں۔۔

ایک بیٹا ہاسپٹل میں اور دوسرے کو ایسے دیکھ کر وہ فرش پہ ڈھیر ہو گئیں، فریال نے انہیں سنبھالا۔ اور ڈاکٹر کو کال کی۔۔۔۔

حمزہ کے کانوں میں ازان کی آواز پڑی۔۔

بھیگی آنکھیں آرام آرام سے کھولتا ہوا وہ کمرے کو دیکھنے لگا۔

سائیڈ ٹیبل سے اُس نے آہستہ سے فون اُٹھایا جو شاید فوزیہ بیگم چھوڑ گئ تھیں۔

فون کی گیلری کھول کر سب سے پہلی تصویر زوہان اور مہر کی جگمگا رہی تھی۔

ماشاءاللہ!! حمزہ نے کہتے ہوئے آنکھیں بند کیں۔

بلکل ویسے ہی سجی سنوری ہو تم مہر۔۔ جیسے میں نے سوچا تھا۔

پر میرے لیئے نہیں۔۔ کسی اور کے لیے۔۔۔

آخر کیوں محبت کرنے والے ہمیشہ ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اللہ۔

کیوں انہیں اُن کی منزل نہیں ملتی۔۔۔کیوں جدائی اُن کے مقدر میں لکھ دی جاتی ہے۔۔

میں نے تو سوچا بھی نہیں تھا کہ مہر مجھ سے دُور ہو جائے گی۔۔۔مہر تو صرف حمزہ کی مہر تھی۔۔

اے اللہ۔۔میری زندگی تو چھین ہی لی ہے آپ نے۔تو کیوں بچایا مجھے۔۔

حمزہ کی سسکیاں کمرے کی ویرانی کو بڑھانے لگیں

زوہان کی جان بچ گئی تھی۔۔دوائیوں کے زیرِ اثر وہ سُو رہا تھا۔بیڈ پہ بے ہوش پڑے ہوئے زوہان کو دیکھ کر فوزیہ بیگم نے اپنے آنسو پونچھے۔

اور زوہان کے پاس جا کر بیٹھ گئیں۔

زوہان کے زرد چہرے پہ ہاتھ پھیرنے لگیں۔۔

میرا بیٹا۔۔۔کیوں کیا تم نے ایسا۔۔اپنی ماں کا زرا احساس نہیں ہے تم دونوں کو۔۔۔

اب میرے اندر اتنی طاقت نہیں رہی کہ تم دونوں کو اس حالت میں دیکھ سکوں۔۔

تب دروازہ کُھلا۔۔۔مہر اندر آئی۔

خالہ زوہان ٹھیک ہیں۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔مہر فوزیہ بیگم کے کندھے پہ ہاتھ رکھتی ہوئی بولی۔۔۔

بیٹا اس کا خیال رکھو۔۔یہ دل کا بُرا نہیں ہے۔۔۔بس کم عمری میں ہی اس نے بہت دکھ دیکھے ہیں اس لیۓ ایسا ہے۔۔۔۔تمہارے پیار اور خلوص کی اسے ضرورت ہے۔فوزیہ بیگم زوہان کی طرف دیکھ کر بولیں۔

جی خالہ۔۔آپ آرام کریں۔فریال کو میں نے ہسپتال بھیج دیا ہے۔۔۔۔مہر فوزیہ بیگم کی طرف دیکھ کر بولی۔

فوزیہ بیگم سَر ہلاتی ہوئی باہر نکل گئیں۔

زوہان بابا!! کھانا کھالیں۔۔۔ شیخ محمد زوہان کو آوازیں لگا رہا تھا۔

زوہان جولان میں فٹبال کھیل رہا تھا۔۔۔۔

نہیں مجھے نہیں کھانا۔۔ میں مما کے ساتھ ہی کھانا کھاؤں گا۔۔زوہان غصے سے شیخ کی طرف دیکھ کر بولا۔

ارے جب میں ہوں تو بیگم صاحبہ کی کیا ضرورت۔ شیخ ہنستا ہوا بولا۔

اُس نے زوہان کو بازُو سے پکڑا اور اندر لے کر جانے لگا۔۔

چھوڑو مجھے۔۔۔ چھوڑو۔۔۔زوہان اپنا ہاتھ چُھڑوانے کی ناکام کوشش کرنے لگا۔۔۔۔۔

شیخ نے گھسیٹتے ہوئے۔۔۔زوہان کو کمرے میں لے گیا۔۔۔۔

گھر چیخ وپکار کی آوازوں سے لرزنے لگا۔۔۔۔۔۔

ن۔۔ نہیں چھوڑو مجھے۔۔۔ چھوڑ دو۔۔ میں مما کو سب بتادوں گا۔۔۔۔ پسینے سے شرابور جسم۔۔۔ کانپتے وجود کے ساتھ وہ چیخا۔۔

زوہان کی چیخ سُن کر مہر گھبراتی ہوئی زوہان کی طرف بھاگی۔جو صوفے پہ لیٹی ہوئی تھی۔۔

زوہان آپ ٹھیک ہیں۔۔۔مہر نے زوہان کو اپنی آغوش میں لیا۔

مہر۔۔مجھے چھوڑ کر مت جانا۔۔زوہان نے اپنا سَر مہر کی گود میں رکھا۔۔

زوہان میں یہیں ہوں آپ کے پاس۔آپ سُو جائیں۔۔مہر زوہان کے بالوں میں ہاتھ پھیرتی ہوئی بولی۔۔۔

فریال حمزہ کے پاس ہی بیٹھی تھی۔۔۔

حمزہ کی طبیعت اب کافی بہتر تھی۔۔۔۔

مہر وکیسی ہے۔۔۔۔خوش ہے وہ زوہان بھائی کے ساتھ۔۔

جی بھائی وہ خوش ہے۔۔۔اب آپ بھی سب بُھلا کر آگے بڑھیں۔

اچھا۔۔یہ بات تم میری طرف دیکھ کر بولو۔۔۔کیونکہ مجھے معلوم ہے وہ خوش نہیں ہے۔۔۔۔

بھائی بس کر دیں کتنی تکلیف دیں گے آپ خود کو ہمیں اور مہر و کو۔۔۔آپ کی وجہ سے وہ مشکل میں پڑ سکتی ہے،اسی لیئے کہہ رہی ہوں۔بھول جائیں سب۔

نہیں بھول سکتا میں۔۔۔۔کبھی نہیں۔۔۔

میرا عشق اوروں سا نہیں ہے۔۔

تنہا رہوں گا پر تیرا ہی رہوں گا۔

زوہان کی آنکھ کُھلی۔۔۔تو مہر کو دیکھ کر کل کا سارا واقعہ ذہن میں گھوما۔۔

اُٹھ کر بیٹھا۔۔۔مہر جو ٹیک لگائے۔۔۔سُو رہی تھی۔۔۔۔

چہرے پہ پڑتی ہوئی آوارہ لٹیں۔کہیں اُس کی نیند میں خلل نہ پیدا کر دیں۔۔

زوہان نے قریب ہو کر اُس کے بالوں کو پیچھے کیا۔۔۔۔

مہر بھی اچانک نیند سے بیدار ہوئی تو زوہان کو اپنے اتنے قریب دیکھ کر وہ اُٹھ کر سائیڈ پہ ہو گئی۔۔۔۔

کیا ہوا؟؟ میری قربت سے گھبرا کیوں جاتی ہو تم۔۔۔ چاہوں تو زبردستی کر سکتا ہوں۔۔ لیکن نہیں۔۔ میں چاہتا ہوں کہ تم دل سے اس رشتے کو قبول کرو۔۔۔۔۔

اب کھڑی میرا منہ کیا دیکھ رہی ہو جاؤ۔۔ کافی لے کر آؤ۔۔۔۔۔

مہر نے چہرے سے پسینہ صاف کیا اور کمرے سے باہر نکل گئی۔

واپس آئی تو۔۔۔ زوہان بیڈ پہ بیٹھا سگریٹ پھونک رہا تھا۔۔

آپ کی طبیعت کیسی ہے اب۔ مہر کافی کا مگ سائیڈ ٹیبل پہ رکھتی ہوئی بولی۔۔۔

زندہ ہوں۔ ویسے تم تو خوش ہو گئی ہو گی۔۔ پر افسوس میں بچ گیا۔۔۔

زوہان کیسی باتیں کر رہے ہیں آپ۔۔۔

مجھے تم سے کوئی فضول بحث نہیں کرنی۔ کوشش کرو اپنی یہ شکل مجھے کم ہی دکھاؤ۔۔۔ زوہان نے کافی کا مگ زور سے دیوار پہ مارا۔۔۔۔

مہر چیختے ہوئے سائیڈ پہ ہوئی۔

فریال نے ملازم کو کال کر کے حمزہ کے لیے ناشتہ منگوایا۔۔۔۔

ڈاکٹر نے حمزہ کو چیک کیا۔۔۔اُسے آج شام کو ڈسچارج کیا جا رہا تھا۔۔

فریال نے یہ بات بتانے کے لئے فوزیہ بیگم کو کال ملائی۔

کہ اچانک اُس کا ٹکراؤ ہوا۔

تم۔۔۔اندھے کہیں کے۔ تمہیں میں ہی ملتی ہوں ٹکرانے کے لیے۔ فریال احسن کو دیکھ کر بولی۔

زہے نصیب آج صبح صبح آپ کا دیدار ہو گیا۔ مطلب کہ میری خیر نہیں۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی اور اپنا راستہ ناپو۔۔۔لو فر موالی انسان۔۔۔

ہائے کتنے اچھے لگ رہے ہیں یہ الفاظ آپ کی میٹھی زبان سے۔۔۔احسن دل پہ ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔

دو تھپڑ پڑیں گے نا تو یہ سستی عاشقی یہیں ختم ہو جائے گی۔۔ فریال کہتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔۔۔

اُف۔ یہ ادائیں۔۔ کہیں پاگل ہی نہ کر دیں مجھے۔۔۔ وہ کیا کہتے ہیں ہم تو دل دے چُکے صنم۔

حمزہ کو ڈسچارج کر دیا گیا تھا۔ فوزیہ بیگم اور فریال حمزہ کو لے کر گھر آ رہی تھیں۔

زَوہان آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔۔ کہاں جا رہے ہیں آپ۔ مہر زوہان کو سیڑھیوں سے اُترتے دیکھ کر بولی۔

تمہارا مسئلہ نہیں ہے۔ اور تم کس حق سے مجھے روک رہی ہو۔۔ زوہان مہر کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔

تب ہی سامنے سے فریال حمزہ کو سہارا دے کر اندر لا رہی تھی۔۔

اسلام و علیکم زوہان بھائی کیسے ہیں آپ؟ حمزہ نظریں جھکا کر بولا۔

مہر تم کمرے میں جاؤ۔۔ زوہان حمزہ کی بات کا جواب دیئے بغیر مہر سے مخاطب ہوا۔

اور خبر دار میرے آنے تک تم روم سے باہر نکلی۔

مہر بھی کوئی بحث کیۓ بغیر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

ہاں تو گھر آگۓ تم۔۔۔۔ویسے تمہارا گھر آنا بنتا نہیں تھا۔۔۔

زوہان حمزہ کی طرف بڑھا۔

بھائی آپ کہیں گے تو میں اس گھر سے چلا جاؤں گا۔۔۔

۔۔حمزہ تھکے تھکے الفاظ میں بولا۔۔

تم اس گھر سے جاؤ یا نہ جاؤ۔ لیکن اگر میری اور مہر کی زندگی میں دخل اندازی کرنے کی کوشش کی۔۔۔تو اس بار تو تم بچ گئے ہو، تب بچ نہیں پاؤ گے، زوہان قہر برساتی نظریں حمزہ پہ ڈالتا ہوا نکل گیا۔۔۔

فوزیہ بیگم جو کال کرنے میں مصروف تھیں۔۔۔کال ختم ہوئی تو اندر آئیں۔

یہ زوہان کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔اتنے غصے میں کیوں گیا ہے۔ فوزیہ بیگم فریال سے پوچھنے لگیں جو حمزہ کو اُس کے کمرے میں لے کر جا رہی تھی۔۔۔

کچھ نہیں مما۔۔۔۔میں بھائی کو کمرے میں چھوڑ کر آتی ہوں۔۔۔فریال رُکے بغیر بولی۔۔۔

رُکو میں بھی آتی ہوں۔۔فوزیہ بیگم بھی اُن دونوں کے پیچھے چل دیں۔

⚜⚜⚜⚜⚜⚜⚜

زوہان کی گاڑی راجپوت انڈسٹریز کے سامنے رُکی۔۔۔

غلام راجپوت نے اپنی ان تھک محنت سے یہ انڈسٹری بنائی۔پھر جب بزنس میں منافع ہوتا گیا تو راجپوت انڈسٹریز نے دوسرے ممالک میں بھی اپنا لوہا منوایا۔۔

زوہان بھی راجپوت صاحب کی وفات کے بعد باہر شفٹ ہو گیا۔۔۔اور سارا بزنس خود سنبھال رہا تھا۔

آفس میں جا کر۔۔بیٹھا۔۔۔۔

اور حمزہ کے بارے میں سوچنے لگا۔۔۔

مہر کو حمزہ سے دُور رکھنے کے لیئے مجھے کچھ کرنا پڑے گا۔۔۔

میں حمزہ کی نظریں مہر کے چہرے پر برداشت نہیں کر سکتا۔اُس کو دیکھنے کا حق صرف میرا ہے۔۔۔۔

مہر صرف میری ہے۔۔اُس کے لیئے میں کسی کی جان لے بھی سکتا ہوں اور اپنی جان دے بھی سکتا ہوں۔۔۔۔۔

مہر بالکونی میں کھڑی تھی۔۔۔حمزہ کی آنکھوں میں اپنے لیئے ویسی ہی چمک دیکھ کر اُس کا دل بے چین سا ہو گیا تھا۔۔۔

حمزہ اب تمہیں مجھ سے دُور رہنا پڑے گا۔۔۔میں اب زوہان کی شریک حیات ہوں ۔۔اُن کے ساتھ اپنی زندگی گزارنا چاہتی ہوں۔۔

زوہان کے دل سے ساری نفرتیں اور غلط فہمیاں دُور کر دوں گی۔۔

مہر سوچوں میں گُم کھڑی تھی۔۔۔۔تب فریال کمرے میں آئی۔

دو کافی کے کپ ہاتھ میں اُٹھائے۔۔۔۔

مہر۔۔کیسی ہو۔۔۔۔فریال کپ مہر کو پکڑاتی ہوئی بولی۔۔

اچھی ہوں۔۔۔فریال۔۔۔۔مہر چہرے پہ زبردستی کی مسکراہٹ لاتی ہوئی بولی۔

زوہان بھائی کی وجہ سے پریشان ہو۔۔۔۔؟؟

نہیں۔۔فریال۔۔۔زندگی نے اس موڑ پر لاکر کھڑا کر دیا ہے جہاں صرف اندھیرا ہے۔۔کہیں سے بھی روشنی نظر نہیں آرہی۔۔۔مہر کی آنکھیں نم ہوئیں،

مہر تمہیں ہمت کرنی ہوگی۔۔انشاءاللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔۔۔فریال نے مہر کے کندھے پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔

کافی پیو۔۔۔۔۔میرے ہاتھ کی کافی کسی کسی کو نصیب ہوتی ہے۔۔۔فریال مہر کے آنسو پونچھ کر بولی۔۔۔

شکریہ فریال۔۔۔مہر مُسکرا کر بولی۔۔۔۔

بھائی کہاں جا رہے ہیں۔۔۔فریال مہر کے کمرے سے نکل رہی تھی کہ حمزہ آرام آرام سے چلتا ہوا آ رہا تھا۔

مہر سے بات کرنی ہے مجھے۔۔۔

بھائی مہر کے لیئے مزید مشکلات کھڑی مت کریں۔۔۔فریال حمزہ کو روکتے ہوئے بولی۔۔

فریال بس دو منٹ بات کروں گا۔۔۔اس سے زیادہ نہیں۔۔پلیز مجھے مت روکو۔۔۔حمزہ دھیمے لہجے میں بولا۔۔۔

فریال کچھ کہے بغیر وہاں سے چلی گئی۔

مہر کمرے میں ٹہل رہی تھی۔۔۔۔کہ دروازہ کُھلا۔۔۔۔۔

حمزہ کی آنکھیں مہر کے چہرے کا طواف کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

حمزہ تم یہاں؟؟مہر کا حمزہ کو دیکھ کر سانس پھولنے لگا۔۔۔

مہر تم سے بات کرنی تھی۔۔۔حمزہ مہر کی طرف بڑھا۔

لیکن مجھے کوئی بات نہیں کرنی۔۔۔میرے اور تمہارے درمیان اب صرف احترام کا رشتہ ہے۔۔۔اس بات کو جتنی جلدی سمجھ لو بہتر ہو گا تمہارے لیے۔۔۔۔

مہر۔۔۔صرف اتنا پوچھنے آیا تھا، کہ تم خوش ہو۔۔مطمئن ہو۔۔حمزہ کا چہرہ آنسوؤں سے بھیگ چکا تھا۔۔۔

ہاں میں خوش ہوں بہت خوش ہوں۔۔۔زوہان بہت اچھے ہیں۔۔میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔۔۔مہر اپنے آپ کو مضبوط کرتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

اور تم کون ہوتے ہو مجھ سے یہ سوال کرنے والے۔۔۔حمزہ میں اپنی زندگی میں بہت خوش ہوں۔خالہ کا فیصلہ بہتر ثابت ہوا میرے لیئے۔۔۔۔مہر حمزہ کی طرف دیکھ کر بولی۔

صحیح۔۔۔ہمیشہ خوش رہو۔۔۔۔حمزہ کہتا ہوا وہاں سے نکل گیا۔۔۔۔

مہر اپنے منہ پہ ہاتھ رکھ کر زور زُور سے رونے لگی۔۔۔۔

حمزہ ابھی کمرے سے باہر نکلا ہی تھا کہ سامنے زوہان کو دیکھ کر اپنے قدم وہیں روک لیئے۔۔۔۔

مہر سے ملنے گ ئے تھے۔۔۔۔؟؟؟زوہان گلاسز اُتار کر ہاتھ میں رکھتا ہوا بولا۔۔۔۔

اُسے مبارکباد دینے گیا تھا۔۔شادی کی۔۔۔۔آپ کو بھی مبارک ہو۔۔۔۔حمزہ کہتا ہوا وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔

یہ کیا کر رہا تھا تمہارے کمرے میں؟؟۔مہر زوہان کو دیکھ کر جلدی سے بیڈ سے اُٹھی اور اپنے آنسو صاف کرنے لگی،

اچھا تو اتنے دنوں سے ہسپتال میں تھا۔تو وقت نہیں ملا ہو گا۔۔۔زوہان مہر کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔

نہیں زوہان ایسی بات نہیں ہے۔۔مہر گھبرا کر پیچھے ہوتی گئ۔۔۔

زوہان بھی اُس کی طرف بڑھتا گیا۔۔۔۔۔

آخرکار مہر دیوار کے ساتھ جا لگی۔۔۔۔۔

ہاں تو بتاؤ کیوں آیا تھا یہ ہمارے کمرے میں ؟؟ زوہان مہر کی بالوں کی لٹوں کو چھیڑ تا ہوا بولا۔

مہر کا سانس گلے میں اٹکا۔۔۔

کہیں تم دونوں مجھے دھوکہ دینے کے بارے میں تو نہیں سوچ رہے۔ زوہان کہتا ہوا مہر کے بالوں کی خوشبو کو اپنے اندر اُتارنے لگا۔

مطلب کہ سوچ رہی ہو۔۔۔۔ کوئی جواب نہ پا کر زوہان بولا۔۔۔۔

زوہان ایسا کچھ نہیں ہے۔۔ مہر زوہان کو پیچھے ہٹاتی ہوئی بولی۔۔۔

میں نے کتنی بار کہا ہے مجھے اگنور مت کیا کرو۔.. جب تمہارے ساتھ ہوتا ہوں ۔پاس ہوتا ہوں۔ تو اس طرح خود سے دور مت کیا کرو۔۔۔۔۔ زوہان نے ایک جھٹکے سے مہر کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔ مہر زوہان کے سینے سے جا لگی۔۔۔۔

زوہان نے مہر کے چہرے کو اوپر کیا۔۔۔۔۔ جہاں سے آنسو گر رہے تھے۔۔۔۔۔.

ان آنسوؤں کا اثر مجھ پہ نہیں ہو گا، مہر کو خود سے دُور کرتے ہوئے۔۔زوہان بیڈ پہ شوز پہنے ہی لیٹ گیا۔۔۔

کیا کہہ رہا تھا وہ تم سے۔۔جو تم یہاں بیٹھی ٹسوے بہا رہی تھی۔۔۔۔زوہان ماتھا مسلتا ہوا بولا۔۔۔۔!!!

مہر خاموش کھڑی رہی۔۔۔۔۔!!!!!

زبان نہیں ہے تمہارے منہ میں۔کچھ پوچھ رہا ہوں میں۔۔۔۔!!!!!زوہان چیختا ہوا بیڈ سے اُٹھا۔۔۔۔

مطلب تم نہیں بتاؤ گی۔۔۔۔ایسا کیا کہہ گیا ہے وہ جو تم مجھے نہیں بتانا چاہ رہی۔۔۔۔زوہان نے مہر کے دونوں کندھوں پہ ہاتھ رکھا۔۔۔۔۔

مہر پھر بھی چُپ رہی۔

زوہان دونوں ہاتھ سَر پہ پھیرتا ہوا اپنا فون اُٹھاتے ہوئے پھر مہر کے قریب آیا۔۔۔

ایک زور دار تھپڑ مہر کے چہرے پہ مارنے کے بعد وہ کمرے سے باہر نکل گیا۔

زوہان نے کال ملا کر فون کان کے ساتھ لگایا۔۔۔

اور اب وہ حمزہ کے روم کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔

دھڑام کی آواز سے دروازہ کھول کر وہ اندر آیا۔۔۔

حمزہ جو آرام کر رہا تھا۔۔۔

زوہان نے حمزہ کو کالر سے پکڑ کر بیڈ سے اُٹھایا۔۔۔

سمجھتا کیا ہو تم خود کو۔۔یہ سب کر کے تم مجھ سے مہر کو چھین لو گے۔۔

ہاں۔اُس سے پہلے ہی میں تمہاری جان لے لوں گا۔۔۔زوہان نے حمزہ کی گردن پہ اپنے دونوں ہاتھ مضبوطی سے رکھے۔۔۔۔

بھائی۔۔یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔حمزہ مشکل سے بول پایا۔۔

زوہان نے ایک جھٹکے میں حمزہ کی گردن سے اپنے ہاتھ ہٹائے اور اُسے فرش پہ دھکا دیا۔۔

آیندہ اگر تم مہر کے قریب بھی نظر آئے تو میں تمہیں کچھ نہیں کہوں گا۔بلکہ اُس مہر کو جان سے مار دوں گا۔۔۔۔زوہان دروازے پہ زور سے لات مارتا ہوا باہر نکل گیا۔۔۔۔

حمزہ نے خود کو مشکل سے سنبھالا۔۔۔اور الماری کی طرف بڑھا۔۔

جہاں سے اُس نے اپنا گٹار نکالا اور فرش پہ بیٹھ کر بجانے لگا۔۔۔

سانس لیتے ہیں جو زندگی کے لیئے۔۔

دل تو سارے پریشان ہیں۔۔

پورے ہوتے نہیں پھر بھی دیکھے بہت۔۔

خواب آنکھوں پہ حیران ہیں۔۔

اے زندگی یہ تو بتا۔۔

کیا ملا کیا کھو دیا۔۔۔

حمزہ کے آنسو تھمنے کا نام نہیں لے رہے تھے۔۔۔۔

زوہان کا غصہ کم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔کمرے کی ساری چیزیں تہس نہس کرنے کے بعد بھی اُسے سکون نہیں مل رہا تھا۔۔۔۔

مہر فوزیہ بیگم کے کمرے سے واپس اپنے کمرے میں آئی تو کمرے کی حالت دیکھ کر اُس کی سانس حلق میں اٹکی۔۔۔

زوہان فرش پہ۔بکھری ہوئی چیزوں کے پاس بیٹھا تھا۔

زوہان۔۔۔مہر چلتی ہوئی زوہان کے پاس گئی۔۔۔

مجھے تمہاری تسلیاں نہیں چاہیئے۔۔۔تم اور حمزہ کیا سمجھتے ہو۔۔۔۔مجھ سے جھوٹ بول کر۔۔دھوکہ دے کر۔۔۔تم دونوں پھر سے ایک ہو جاؤ گے۔۔۔۔ایسا میں کبھی ہونے نہیں دوں گا۔۔۔۔زوہان مہرو کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔

زوہان میں آپ کی بیوی ہوں۔۔۔تین بار قبول ہے کہہ کر میں نے اپنا سب کچھ آپ کے حوالے کر دیا تھا۔۔۔۔۔۔حمزہ سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے اب۔۔۔۔۔

بیوی میری ہو۔۔اور قریب جانے کے بہانے تم حمزہ کے لیے ڈھونڈتی ہو۔۔زوہان چیختا ہوا مہر کے پاس آیا۔۔۔۔

زوہان۔۔۔۔۔۔مہر کہتی ہوئی زوہان کے سینے سے جا لگی۔۔۔

زوہان میں صرف آپ سے محبت کرتی ہوں۔۔۔۔آپ میرے سب کچھ ہیں ۔۔۔۔۔مہر کے آنسو زوہان کی شرٹ پہ گرے۔۔۔۔

زوہان نے بھی مہر کے گرد اپنے حصار کو مضبوط کیا۔۔۔۔۔

مہر بہت چاہتا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔تم صرف میری ہو۔۔۔۔۔۔صرف میری۔۔۔۔۔زوہان مہر و کے بالوں پہ اُنگلیاں چلاتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔

میں آپ کی ہی ہو زوہان۔۔۔صرف آپ کی۔۔۔۔۔۔

زوہان نے مہر کو خود سے الگ کیا۔۔۔۔۔۔اور اُس کے چہرے پہ اپنے لب رکھے۔۔۔۔۔۔۔

کھانے کی میز پہ سب بیٹھے تھے کہ حمزہ بھی آہستہ آہستہ چل کر وہاں پہنچا۔

میرا بچہ۔۔۔۔بیٹھو۔۔۔فوزیہ بیگم خوشی سے بولیں۔۔۔۔۔

حمزہ نظریں نیچے کیۓ فریال کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔

سامنے مہر اور زوہان بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

میں اور مہر کل شام کی فلائیٹ سے لندن جارہے ہیں۔۔۔زوہان کی بات پر سب چونکے۔۔۔

مہر بھی کیونکہ اُسے خود نہیں معلوم تھا۔

اچھی بات ہے بیٹا ضرور جاؤ۔۔۔کتنے دنوں کے لیۓ جارہے ہو؟؟فوزیہ بیگم پانی پی کر بولیں۔

آپ سے کوئی اجازت نہیں لے رہا میں صرف بتارہا ہوں۔۔۔۔۔ تین چار ہفتے تو لگ ہی جائیں گے۔۔۔زوہان حمزہ کی طرف دیکھ کر بولا۔۔

بیٹا!!!مہر کو ایک بار اپنی ماں سے بھی ملوالاؤ۔۔۔۔۔

ہاں ابھی وہیں جارہے ہیں ہم۔۔۔۔۔۔مہر تم جاکر تیار ہو جاؤ۔۔۔۔۔پھر نکلیں گے ہم۔۔زوہان پیار بھری نگاہ مہر پہ ڈال کر بولا۔۔

حمزہ نے اپنی کرسی کھسکائی اور اُٹھ کر جانے لگا۔۔۔۔

ارے حمزہ بیٹا کھانا تو کھالو۔۔۔۔۔فوزیہ بیگم حمزہ کو جاتا دیکھ کر بولیں۔۔

میں کمرے میں جارہاہوں۔۔موحب ملنے آرہاہے کچھ دیر میں۔حمزہ کہتاہوا وہاں سے چلا گیا۔۔

مہر میں باہر گاڑی میں انتظار کررہاہوں۔تم جلدی سے آجانا۔۔۔۔

موحب حمزہ کے کمرے میں آیا۔۔۔۔۔

حمزہ گِٹار بجارہاتھا۔۔اور ساتھ ساتھ سگریٹ پی رہاتھا۔

ارے حمزہ میرے بھائی اس سب سے تھوڑی نا تیرے دل کی پیاس بجھے گی۔۔۔۔

موحب حمزہ کے پاس آتاہوا بولا۔

کیا مطلب ہے تمہارا؟

یہ دیکھ تیرے لئے کچھ لایا ہوں۔۔۔۔موحب نے اپنے بیگ سے ایک پیکٹ نکالا جس میں سفید رنگ کا کچھ تھا۔۔۔اور ساتھ میں کچھ پِلز اور انجیکشنز۔۔

کیا ہے یہ ؟؟حمزہ نے گِٹار سایڈ پہ رکھا۔۔۔

تو بچہ تھوڑی نا ہے جو میں ہر بات تجھے بتاؤں۔۔بس اسے لینے کے بعد تو اپنے سارے غم بھول جائے گا۔۔

تو پاگل ہو گیا ہے۔۔۔۔دوست ہے میرا کہ دشمن ہے۔۔۔۔جانتاہے تو یہ سب کتنا خطرناک ہوتا ہے صحت کے لیے۔۔

میری جان میں بھی تو لے رہا ہوں۔۔۔دیکھ مجھے تو کچھ نہیں ہوا۔۔۔بس روزمرہ کی پریشانیوں سے دُور رہتا ہوں۔۔۔۔ایک انجیکشن سے سارے مسائل حل۔۔۔۔

یہ سب تیرے لئے چھوڑ کر جا رہا ہوں۔۔۔اسے لے اور کل یونیورسٹی آ۔۔۔۔۔سمجھا۔۔۔۔۔اور ہاں سنبھال کر رکھنا کہیں تیرے گھر والے نا دیکھ لیں ۔۔۔

موحب نے کہتے ہوئے انجیکشن حمزہ کو پکڑایا۔۔۔چل شاباش۔۔۔خود لگا۔۔

یار یہ سب ٹھیک نہیں ہے۔۔

حمزہ تجھے مجھ پہ یقین نہیں ہے۔۔۔اپنے بچپن کے دوست پر۔۔چل جلدی کر۔۔۔

حمزہ کی آنکھوں کے سامنے وہ سب باتیں گھومیں۔۔جب مہر وُاس سے دُور ہوئی تھی۔۔۔۔

انجیکشن حمزہ نے اپنے بازُو پر لگا دیا۔۔۔۔موحب نے چہرے پہ شیطانی مسکراہٹ لائی۔۔۔

حمزہ کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا۔۔۔موحب نے اُسے سہارا دے کر بیڈ پہ لٹایا،بیگ میں ساری چیزیں واپس ڈالیں اور نکل گیا۔۔۔۔

حمزہ تجھے میری بے عزتی کا بدلہ تو دینا پڑے گا۔۔۔تیری زندگی جہنم بنا دوں گا۔۔۔۔موحب دل میں عہد کرنے لگا۔۔۔۔

زوہان اور مہر گاڑی سے اُترے۔۔۔۔۔۔۔مہر نے دروازہ بجایا۔۔۔

شازیہ بیگم نے تھوڑی دیر میں دروازہ کھولا۔۔۔

سامنے مہر اور زوہان کو دیکھ کر وہ خوشی سے چہک اُٹھیں۔۔۔۔۔۔

مہر میری بچی۔۔۔۔شازیہ بیگم نے مہر کو اپنے سینے سے لگایا۔۔۔

اماں کیسی ہیں آپ۔مہر آنکھیں صاف کرتی ہوئی بولی بولی۔

میں بلکل ٹھیک ہوں میری بچی۔۔۔۔۔۔۔اندر آؤ۔۔۔زوہان بیٹا۔آپ بھی اندر آئیں۔۔

زوہان بھی مہر کے ساتھ اندر آیا۔۔۔۔

شازیہ بیگم نے اُن دونوں کو بٹھایا۔۔۔۔

اور خود کچن میں چلی گئیں۔

زوہان آئیں میں آپ کو بابا سے ملواتی ہوں۔۔۔۔مہر نے زوہان کا ہاتھ پکڑا اور اُسے اندر لے گئی۔۔۔

جہاں شیخ محمد چارپائی پہ بے بسی کی حالت میں پڑا تھا۔

زوہان نے خود کو کمپوز کیا۔۔ورنہ اُس کا دل کر رہا تھا کہ وہ شیخ کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔

مہر و میری بیٹی۔۔۔بابا کی جان۔۔۔اتنے دنوں سے کہاں تھی۔ملنے بھی نہیں آئی ۔۔۔شیخ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔۔۔

مہر۔۔مہر میری بات سُننا زرا۔۔۔شازیہ بیگم نے کچن سے مہر کو آواز لگائی۔

مہر باہر نکل گئی۔۔

زوہان چلتا ہوا شیخ کے پاس گیا۔۔۔۔

پہچانا مجھے۔۔۔؟؟زوہان شیخ کے پاس بیٹھ کر بولا۔

ہاں بیٹا تم میری مہر کے شوہر۔۔اور فوزیہ آپا کے بڑے بیٹے ہو۔۔۔۔

زوہان نام ہے میرا۔۔۔۔کچھ یاد آیا۔۔شیخ۔۔۔۔

نہیں میں نہیں جانتا کسی زوہان کو۔۔۔شیخ کے پسینے چھوٹنے لگا۔

میں وہی زوہان ہوں۔۔ جس کا بچپن تم نے اپنی حوس کے نظر کر دیا۔۔

مہر میری ہی بیوی ہے۔۔۔ اب تم اپنی بیٹی کی زندگی کی خیر مناؤ۔۔۔ اب تمہارے گناہوں کی سزا تمہاری بیٹی ہی بھگتے گی۔۔۔

نہیں۔۔ میری بچی کا کوئی قصور نہیں ہے۔۔ اُسے کچھ مت کہنا۔۔ وہ معصوم ہے۔۔۔

اچھا میرا کیا قصور تھا۔۔ میں بھی تو معصوم تھا۔۔۔

تب ہی شازیہ بیگم اندر آئیں اور اُنہوں نے زوہان کو باہر بلوایا۔۔ پھر زوہان اور مہر چائے پی کر وہاں سے چلے گئے۔۔۔۔

حمزہ کی آنکھ کُھلی۔۔ سائیڈ ٹیبل سے فون اُٹھایا۔۔ ٹائم دیکھا تو شام کے چار بج رہے تھے۔۔۔

سَر شدید درد کر رہا تھا۔۔۔

موبائل پہ موحب کالنگ لکھا آرہا تھا۔

حمزہ نے فون اُٹھایا۔

یار! موحب تو کیا دے کر چلا گیا ہے۔ مجھے۔ میں اتنی دیر سو تا رہا وہ بھی دن میں ۔۔ میں دن میں کبھی سویا نہیں اور میرا دماغ درد سے پھٹ رہا ہے۔۔ حمزہ آنکھوں کو مشکل سے کھولنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔۔

فرسٹ ڈوز ہے میرے بھائی۔ آہستہ آہستہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔

تیرے لیٔے خاص قسم کے سگریٹ چھوڑ گیا ہوں۔۔۔ وہ پی تیرے سَر کا درد ختم ہو جائے گا۔۔۔

موحب نے جواب دیا۔۔

کہاں ہیں؟؟ حمزہ بیڈ سے اُٹھا اور ڈھونڈنے لگا۔۔۔

تیرے سایڈ ٹیبل کی دراز میں۔۔۔

حمزہ نے فوراً۔۔ دراز کھولا جہاں دو سگریٹ پڑی ہوئی تھیں۔۔۔

ہاں مل گئی ہیں مجھے۔۔۔ ٹھیک ہے کل یونیورسٹی میں ملاقات ہوتی ہے۔۔ حمزہ نے کہتے ہوئے فون بیڈ پہ اچھالا۔ اور سگریٹ سُلگا کر کھڑکی کے پاس کھڑا ہو گیا۔۔۔

کھڑکی کے باہر دیکھا تو وہاں اور مہر گاڑی سے اُترتے ہوئے دکھائی دی ئے۔۔۔

ہنستی ہوئی مہر۔۔ چمکتی ہوئی آنکھیں۔۔ان آنکھوں میں دیکھنے کا حق صرف میرا تھا۔۔۔ حمزہ نے ایک زوردار مکہ دیوار پہ مارا۔۔

فریال نے کئی بار ڈرائیور کو کال کی۔ پر ڈرائیور فون نہیں اُٹھا رہا تھا تو اُس نے سوچا کہ وہ خود ہی گھر چلی جائے۔ویسے بھی یونیورسٹی میں اُسے انتظار کرتے ہوئے کافی وقت ہو چکا تھا۔۔

سایڈ روڈ پہ کھڑی ہو کر ٹیکسی کا انتظار کرنے لگی۔۔ کہ اُس کے سامنے ایک گاڑی رُکی۔۔۔۔

ارے مِس افلاتون آپ یہاں؟؟ احسن گاڑی سے اُتر کر بولا۔۔

تم۔۔۔لوفر۔۔۔ فریال اُنگلی دکھاتی ہوئی بولی۔

آئیں میں آپ کو گھر چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔ویسے بھی اس روڈ سے ٹیکسی یا رکشہ ملنا مشکل ہے۔۔احسن کہتا ہوا فریال کی طرف بڑھا۔۔۔

میں اوبر بُک کروالوں گی۔۔اور تمہیں میری فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔۔۔فریال احسن کی طرف دیکھ کر بولی۔

میں اتنا بھی لوفر نہیں ہوں یقین کر سکتی ہیں آپ مجھ پہ۔۔۔۔احسن فریال کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔۔۔

فریال کی ہرٹ بیٹ مِس ہوئی۔۔۔

پیچھے دیکھو اپنے۔۔کچھ لوگ تمہارا پیچھا کرتے ہوئے یہاں تک آگ ئے ہیں ۔۔۔شُکر کرو کہ میں یہاں آگیا۔۔۔فوراً گاڑی میں بیٹھو۔۔۔

فریال نے پیچھے دیکھا تو سچ میں تین چار آدمی اُسے دیکھ کر ہنس رہے تھے۔۔۔

فریال نے حقارت سے اُن کو دیکھا۔۔۔

اور گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔۔۔

احسن بھی گاڑی میں بیٹھا اور گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔۔

پانی!!!احسن نے پانی کی بوتل فریال کو پکڑائی۔۔۔کیونکہ وہ فریال کو روتے ہوئے دیکھ چکا تھا۔۔۔

شکریہ!!فریال نے پانی پیا۔۔۔۔

ویسے آپ اس وقت یہاں کیا کر رہی تھیں؟؟

وہ میرا ڈرائیور نہیں آیا آج۔۔۔کافی دیر یونیورسٹی میں بیٹھ کر ویٹ کیا۔۔حمزہ بھائی کا نمبر بھی بند جا رہا تھا۔۔۔۔فریال دوپٹے کو سَر پہ لیتی ہوئی بولی۔۔۔

اچھا۔۔۔کوئی بات نہیں۔۔آیندہ دھیان کیجئے گا۔۔۔۔احسن کہتے ہوئے سامنے دیکھنے لگا۔۔۔۔

ویسے آپ اتنے بھی لوفر نہیں جتنا میں سمجھ رہی تھی۔۔۔مسٹر احسن۔فریال مسکرائی۔

شُکر ہے آپ کو یقین تو آیا۔۔۔آپ کا نام جاننے کی گُستاخی کر سکتا ہوں محترمہ۔۔۔۔احسن کی بات پر فریال ہنسنے لگی۔۔۔۔

اور احسن اس ہنسنے والی کے صدقے واری جا رہا تھا۔۔

فریال۔۔ فریال راجپوت۔۔۔نام ہے میرا۔۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔نام بھی بہت پیارا ہے۔۔۔۔

مہر رات کے کھانے کے بعد کچن میں کھڑی زوہان کے لیے کافی اور اپنے لیے چائے بنا رہی تھی۔۔

کہ حمزہ کچن میں آیا۔۔اور فریج سے پانی کی بوتل نکال کر مہر کے پاس شیلف پہ جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

یہ کیا طریقہ ہے حمزہ؟؟مہر اپنے اوپر پڑنے والی حمزہ کی نظروں کی تپش برداشت نہیں کر سکی۔۔۔

کیا مطلب پانی پی رہا ہوں میں۔۔۔حمزہ شیلف سے نیچے اُترا۔۔

اب تمہیں میرا دیکھنا بھی بُرا لگتا ہے۔۔۔۔حمزہ نے مہر کی بازُو کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔۔۔ہاں لگتا ہے۔۔کیونکہ مجھے دیکھنے کا حق صرف زَوہان کے پاس ہے۔۔ سمجھے تم۔۔۔مہر نے اپنی بازُو چُھڑائی۔۔۔

!!!!!تمہاری یہ باتیں مجھے تکلیف دے رہی ہیں مہر۔

تم کیا کر رہے ہو یہاں۔۔۔۔زوہان کی رعب دار آواز پر مہر سہم گئی۔۔

کچھ بات کر رہا تھا مہر و سے۔۔۔۔اور آپ کو ہر بات بتانا میں ضروری نہیں سمجھتا۔۔۔۔۔

حمزہ نے زوہان کو جواب دیا۔۔۔۔

زوہان حمزہ کے قریب آیا اور ایک زور دار تھپڑ اُس کے چہرے پہ مارا۔۔۔۔۔

مہر زوہان کے پیچھے جا کر کھڑی ہو گئی۔۔۔

میں جَان سے مار دوں گا آپ کو۔۔حمزہ نے کہتے ہوئے چھڑی اُٹھائی اور زوہان کی طرف بڑھا۔

فوزیہ بیگم بھی شور کی آواز سُن کر وہاں آئیں۔۔۔

میں ڈرتا نہیں ہوں تم سے۔۔۔زوہان نے حمزہ کے ہاتھ سے چھڑی لی۔۔اور فرش پہ پھینکی۔۔

فوزیہ بیگم نے حمزہ کو تھپڑ مارا۔۔۔

شرم نہیں آتی تمہیں۔اپنے بڑے بھائی سے بد تمیزی کرتے ہوئے۔۔۔

آج بھی آپ انہی کا ساتھ دیں گی۔۔۔میرا نہیں۔۔۔مہر کو بھی مجھ سے چھین کر آپ نے انہیں دے دیا۔۔۔حمزہ کی سُرخ ہوتی ہوئی آنکھوں سے آنسو گرے۔۔۔

ہاں دوں گی ساتھ زوہان کا جب تک میں زندہ ہوں اسی کا ساتھ دوں گی۔۔۔۔

حمزہ اپنے کمرے میں جا چکا تھا۔۔۔

زوہان حمزہ کی طرف سے میں معافی مانگتی ہوں۔۔۔

فوزیہ بیگم زوہان کی طرف دیکھ کر بولیں۔


https://winapster.com/urdu-novels/ https://www.facebook.com/winapster.novels

اپنے اس سائیکو بیٹے کا علاج کروائیں۔۔ ورنہ پاگلوں کی اس گھر میں کوئی جگہ نہیں ہے۔۔۔زوہان نے مہر کا ہاتھ پکڑا۔۔۔اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

یہ گھر ہے آپ کا۔۔۔احسن گاڑی گھر کے باہر روکتے ہوئے بولا۔۔۔۔

جی۔۔۔۔بہت شکریہ آپ کا۔۔ فریال چہرے پہ مُسکراہٹ لاتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔

ارے اس میں شکریہ کی کیا بات۔۔اب تو ویسے بھی آنا جانا لگا ہی رہے گا۔۔۔۔

مطلب ؟؟؟فریال نے بیگ اُٹھایا اور باہر نکل گئی۔۔۔۔

مطلب تو آپ کو تب پتا چلے گا جب آپ میری زوجہ محترمہ بنے گیں

احسن خوش ہو کر بولا۔۔۔۔۔

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

زوہان۔۔۔۔۔

مہر نے زوہان کے کندھے پہ سَر رکھا۔۔۔۔۔

حمزہ کی وجہ سے پریشان ہیں۔۔

تم بھی تو حمزہ سے محبت کرتی تھی۔۔میں تم دونوں کے درمیان میں آگیا۔۔

زوہان میں صرف آپ سے محبت کرتی ہوں۔۔۔

مہر نے کہتے ہوئے زوہان کی آنکھوں سے آنسو صاف کیئے۔۔۔

اچھا۔۔۔ابھی پتا چل جائے گا۔۔۔۔

زوہان نے کہتے ہوئے مہر کو اپنی گود میں اُٹھایا۔۔۔۔

مہر کی دھڑکنیں بے ترتیب ہوئیں۔۔۔

کیا ہوا شوہر ہوں تمہارا۔۔۔۔اتنا حق تو بنتا ہے۔۔۔

بارش کی ہلکی ہلکی آواز اس رات کو مزید خوبصورت بنا رہی تھی۔۔۔۔

حمزہ صبح اُٹھتے ساتھ ہی یونیورسٹی کے لیئے نکل گیا۔۔۔۔وہ بھی بغیر کسی کو بتائے۔۔۔

مہر کی آنکھ کھلی تو زوہان نے اُسے اپنے حصار میں لیا ہوا تھا۔۔۔

مہر نے اُٹھنا چاہا۔۔۔

کہاں جا رہی ہو۔۔۔جب تک میں نہیں اُٹھتا تم یہاں سے نہیں جا سکتی۔۔۔۔۔

زوہان نے مہر کو اپنے مزید قریب کیا۔۔۔۔۔

زوہان میں نے پیکنگ بھی کرنی ہے۔۔شام کو نکلنا بھی ہے۔۔۔۔۔

ہو جائے گی پیکنگ۔۔۔میں ہیلپ کروادوں گا۔۔۔۔

تب دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔۔۔

زوہان کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا ہے۔۔۔۔۔اب تو جانے دیں۔۔۔۔

یہیں سے پوچھو کون ہے۔۔۔۔زوہان چہرے پہ مسکراہٹ لاتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

زوہان پلیز نا جانے دیں۔۔۔۔

اچھا ایک شرط ہے۔۔۔زوہان اُٹھ کر بیٹھ گیا۔۔مہر کو تنگ کرتے ہوئے اُسے بہت مزہ آرہا تھا۔۔۔۔

کیا؟؟مہر بال باندھتے ہوئے بولی۔۔

اس سے پہلے زوہان شرط بتاتا۔۔

میری بھی ایک شرط ہے۔۔ آپ جو بھی شرط بتایئں گے آنکھیں بند کر کے۔۔۔

مہر جلدی سے بولی۔

منظور ہے۔۔۔

تو میری شرط یہ ہے کہ تمہیں مجھے۔۔ ابھی زوہان بول ہی رہا تھا کہ دروازہ بند ہونے کی آواز آئی۔۔

زوہان نے آنکھیں کھولیں تو۔۔ مہر میڈم واشروم میں جا چکی تھیں۔۔

مہر دِس از ناٹ فیر۔۔۔ زوہان نے اُٹھ کر شرٹ پہنی اور دروازہ کھولا۔۔۔۔

ملازمہ ناشتے پر بُلانے آئی تھی۔۔۔

موحب حمزہ کو یونیورسٹی سے کہیں اور لے گیا تھا۔۔ جہاں ہر طرف نوجوان نسل کو تباہ کرنے کا سامان موجود تھا۔۔

لڑکے تو تھے ہی۔۔ لڑکیاں بھی کثیر تعداد میں وہاں تھیں۔۔

حمزہ بھی وہیں کونے پر بیٹھا تھا۔۔ موحب اُس کی ڈر گز لینے میں مدد کر رہا تھا۔

حمزہ تو شادی کر لے۔۔۔

مطلب؟؟ تو جانتا ہے میں صرف مہر سے محبت کرتا ہوں۔۔ حمزہ نے مشکل سے جملہ مکمل کیا۔

تو وہ بھی تو تم سے ہی محبت کرتی ہے۔۔۔ بس

تجھے دکھانے کے لیے یہ سب کرتی ہے۔۔۔

تو بھی شادی کر لے۔۔۔ پھر دیکھ وہ کیسے جَل بُھن جائے گی۔۔۔۔

تو اس سے مجھے کیا فائدہ؟؟؟

میرے یار وہ اُسے چھوڑ کر تیرے پاس آجائے گی۔۔۔ اور اُس زوہان کا بھی کام کرتے ہیں۔۔

تب تک اُس زوہان کا بھی کچھ نہ کچھ کرتے ہیں۔۔۔اوپر پہنچادیں گے اُسے تو مہر سے شادی کرلینا۔۔۔جائیداد بھی تیری اور مہر بھی۔۔۔

زیادہ ڈوز لینے کی وجہ سے حمزہ کی طبیعت خراب ہوگئی۔موحب اُسے لے کر اپنے گھر آگیا۔۔۔

❦❦❦❦❦❦

مہر پیکنگ کرنے میں مصروف تھی۔کیونکہ انہیں آج شام کی فلائیٹ سے لندن جانا تھا۔

زوہان اندر آیا۔۔۔

اور وہ بھی مہر کی مدد کروانے لگا۔۔۔

سوری!!!!!

کس بات کے لیے؟؟؟زوہان مہر کو دیکھے بغیر بولا۔۔

صبح کی بات پہ۔۔۔مہر نے زوہان کے ہاتھ سے کپڑے لیئے اور سائیڈ پہ رکھے۔۔۔

ناراض نہیں ہوں۔۔۔۔میں۔۔۔

تو پھر؟؟ایسی شکل کیوں بنائی ہوئی ہے۔۔۔۔

اچھا تو میں نے شکل بنائی ہوئی ہے۔۔۔زوہان نے مہر کی آنکھوں کو اپنی محبت کے حصار میں لیا۔۔۔۔

ہمم!!نام کیا ہے تمہارا۔۔موحب ٹانگ پہ ٹانگ رکھتا ہوا بولا۔۔۔

دُعا۔۔۔سامنے کھڑی لڑکی ماتھے سے پسینہ صاف کرتی ہوئی بولی۔۔۔

تمہاری ماں کے علاج کے لیے تمہیں پیسے مل جائیں گے لیکن۔۔میرا کام ہونے کے بعد۔۔

موحب دُعا کے پاس آکر کھڑا ہو گیا۔۔

میں ہر کام کرنے کے لیے تیار ہوں بس میری ماں ٹھیک ہو جائیں۔۔دُعا موحب کے قدموں میں بیٹھ کر رونے لگی۔۔۔

میں بڑی آس اور اُمید لے کر آئیں ہوں آپ کے پاس۔۔۔۔

میرا دوست ہے حمزہ۔۔۔ تمہیں صرف اُس سے نکاح کرنا ہو گا۔۔۔باقی کا کام میں خود سنبھال لوں گا۔۔۔۔۔

دُعا موحب کی بات سُن کر اُٹھی۔۔۔۔۔

نکاح؟؟؟

ہاں سوچ لو۔۔۔۔اس کے بغیر تو تمہیں تمہاری ماں کے علاج کے لیۓ پیسے نہیں ملیں گے۔۔۔۔۔

حمزہ اس وقت موحب کے اپارٹمنٹ میں تھا۔۔۔۔

درد سے اُس کا جسم چُور تھا۔۔۔۔

مشکل سے اُٹھ کر بیٹھا۔۔۔اور ٹیک لگا کر موبائل فون اُٹھایا۔۔۔۔۔

شام کے پانچ بج رہے تھے۔۔۔۔۔

موحب کھانے کی ٹرے ہاتھ میں اُٹھاۓ اندر آیا۔

ارے اُٹھ گئے تم!!۔ موحب نے کھانے کی ٹرے سایڈ میز پہ رکھی۔۔

ہاں۔۔۔ گھر سے اتنی کالز آرہی ہیں۔۔ مجھے گھر جانا چاہیے اب۔۔۔ حمزہ بیڈ سے اُٹھتے ہوئے بولا۔۔

ابھی بیٹھو۔۔ تم سے کچھ بات کرنی ہے۔۔اور یہ گھر والوں کی فکر کرنا چھوڑ دو۔۔۔ آنٹی نے کون سا تیری پرواہ کی!!اب تو صرف اپنے بارے میں سوچ۔۔۔۔۔۔۔

موحب حمزہ کے کندھے پہ ہاتھ رکھتا ہوا بولا۔۔۔۔

کیا بات کرنی ہے۔۔۔ تمہیں؟؟حمزہ نے کھانے کی ٹرے اپنے سامنے رکھی اور کھانا کھانے لگا۔۔۔

نکاح ہے آج تیرا۔۔۔۔موحب حمزہ کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔۔

کیا بکواس کر رہے ہو تم۔۔۔ دماغ ٹھیک ہے تمہارا؟؟؟

حمزہ سوچ یار۔۔۔اگر تجھے مہر کو اور جائیداد کو پانا ہے تو تجھے یہ کرنا پڑے گا۔۔ویسے بھی زوہان اور مہر لندن جا رہے ہیں۔۔اُن کے آنے تک تو سب کچھ اپنے نام کروا لینا۔۔۔

اور کون سا تیرا اُس لڑکی سے کوئی تعلق ہو گا۔۔بس کنٹریکٹ ہو گا اور کچھ نہیں ۔۔۔۔

ایک لڑکی ہے اُسے پیسوں کی ضرورت تھی۔۔۔

موحب۔۔۔لڑکی کون ہے؟؟ کہاں سے لایا ہے۔۔۔۔۔

حمزہ موحب کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔۔

سفید پوش ہے۔۔باپ مر چکا ہے اور ماں کی بیماری نے اُسے بھیک مانگنے پر مجبور کر دیا ہے۔۔۔۔

دُعا نام ہے اس کا۔۔۔۔۔

مجھے اُس کے نام سے کوئی غرض نہیں ہے۔۔۔۔

اور اگر یہ سب کرنے کے بعد بھی مہر مجھے نہ ملی تو؟؟؟

حمزہ کے آنسو اُس کی آنکھوں کے گرد بنے ہوئے حلقوں پہ گرے۔۔۔۔۔

بھروسہ رکھ مجھ پہ۔۔۔۔ مہر تیری ہی ہے۔۔۔۔ بس جو میں کہہ رہا ہوں وہ مان۔۔۔۔ اور پھر دیکھ تیرا بھائی کیا کرتا ہے۔۔۔۔۔

موحب نے کہتے ہوئے سگریٹ نکالا اور حمزہ کے ہاتھ میں تھمایا۔۔۔

پر میری ایک شرط ہے۔۔ حمزہ نے چہرے سے آنسو صاف کی ئے۔۔۔

بول!!! تیری ہر شرط منظور ہے مجھے۔۔۔۔۔

وہ لڑکی اپنی ماں سے دوبارہ کبھی نہیں ملے گی۔۔ اور کام ہو جانے کے بعد اُس لڑکی کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہو گا۔۔۔۔۔

حمزہ اُٹھ کر کھڑا ہوا۔۔۔۔

تب تک تم اور وہ لڑکی بچو گے تو کچھ کرو گے۔۔ موحب دل میں سوچتا ہوا بولا۔۔۔۔

سب کچھ اُس کے پلان کے مطابق ہی تو ہو رہا تھا۔۔۔

ہاں میری جان سب باتیں منظور ہیں مجھے۔۔۔۔۔چل تو فریش ہو کر آ۔۔مولوی صاحب بھی کچھ دیر میں آتے ہوں گے۔۔۔موحب کہتا ہوا باہر نکل گیا۔۔۔۔۔

مہر اور زوہان ایر پورٹ کے لیے نکل گئے تھے۔۔۔

سارے پروسیس سے گزرنے کے بعد آخر کار وہ جہاز میں سوار ہوئے۔۔۔۔

جہاز نے اُڑان بھری۔۔۔۔۔مہر نے زوہان کے ہاتھ کو مضبوطی سے تھاما۔۔۔۔

زوہان نے مسکرا کر مہر کو دیکھا۔۔۔تو مہر آنکھیں بند کیے کلمہ پڑھ رہی تھی۔۔۔۔

زوہان نے مہر کے سَر کو اپنے کندھے پہ رکھا۔۔۔۔

مہر ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔تمہارے ساتھ ہی ہوں میں۔۔۔۔

مہر نے ہلکا سا سَر کو ہلایا۔۔۔اور زوہان کی شرٹ پہ اپنے ہاتھوں کی گرفت مضبوط کی۔۔۔۔۔

کبھی تشنگی، کبھی تیرگی، کبھی دُکھ ملا، تیرے نام پر

میری آبرو، میری جستجو، سب گیا تیرے نام پر

حمزہ فریش ہو کر باہر آیا۔۔۔تو موحب لاونج میں بیٹھا ہوا تھا۔۔۔۔

ساتھ میں اُس کے کچھ دوست۔۔۔۔

وہ لڑکی کہاں ہے؟؟؟؟۔۔۔۔حمزہ ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

وہ سامنے والے روم میں ہے۔۔۔۔۔موحب اشارہ کرتا ہوا بولا۔۔۔۔

حمزہ کمرے کی طرف بڑھا۔۔۔

دروازہ کُھلا تو دُعا ڈر کے مارے بیڈ سے اُٹھ کر کھڑی ہو گئی۔۔۔

حمزہ کی نظر دعا پہ پڑی۔۔۔پُرانے کپڑے۔۔۔جس پر بے تحاشا مٹی لگی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

پھٹے ہوئے جوتے۔۔۔۔

موحب نے سب بتا دیا ہو گا۔۔۔۔

میں صرف اتنا کہوں گا کہ میرے معاملات میں مداخلت کرنے کی کوشش مت کرنا

۔۔۔ورنہ اچھا نہیں ہو گا۔۔۔۔

حلیہ درست کرو اور باہر آؤ۔۔۔۔ حمزہ دُعا پہ ایک نظر ڈال کر چلا گیا۔۔۔

دُعا نے پاس پڑے ہوئے کپڑے اُٹھائے جو موحب اُسے دے کر گیا تھا۔۔۔

پھٹے ہوئے جوتے اُتارے۔۔۔اور نئے جوتے

پہن کر باہر آئی۔۔۔

مولوی صاحب نے نکاح پڑھانا شروع کیا۔۔۔۔

نکاح نامے پر حمزہ نے سائن کیئے۔۔۔اور اُٹھ کر چلا گیا۔۔۔۔

مہر اور زوہان لندن ایرپورٹ پہنچ چکے تھے۔۔۔رات کے دس بج رہے تھے

۔۔۔مہر کو ٹھنڈ محسوس ہوئی تو بیگ سے شال نکال کر اپنے ارد گرد اچھے سے

اوڑھی۔۔۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر وہ زوہان کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔

مہر نے فریال کو واٹس ایپ پہ میسج کیا کہ وہ پہنچ چکی ہے۔۔۔۔

سامنے سے زوہان آتا ہوا دکھائی دیا تو مہر نے فون کو سائیڈ پہ رکھا اور سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔۔۔

زوہان نے باقی کے بیگز گاڑی میں رکھے۔۔۔۔اور ڈرائیونگ سیٹ پہ بیٹھ کر گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔۔

فائیو سٹار ہوٹل کے سامنے گاڑی رُکی۔۔۔

ریسیپشن سے معلومات اور چابی لینے کے بعد وہ کمرے میں داخل ہوئے۔۔۔۔

کیسا لگا کمرہ؟؟؟؟زوہان مہر کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔

اچھا ہے۔۔۔۔بس ٹھنڈ بہت ہے یہاں۔۔۔۔

مہر نے بیگ سائیڈ پہ رکھا اور صوفے پہ ٹیک لگا کر بیٹھی۔۔۔

باقی کا سامان بھی ان کے روم میں پہنچا دیا گیا تھا۔۔۔

پریشان کیوں ہو؟؟میرے ساتھ اس طرح اکیلے آنا اچھا نہیں لگا تمہیں؟؟زوہان بھی مہر کے ساتھ جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

نہیں زوہان میں نے یہ تو نہیں کہا۔۔۔۔آپ ہر بات کا غلط مطلب نکال لیتے ہیں ۔۔۔مہر دونوں ہاتھ بالوں میں پھیرتی ہوئی بولی۔۔۔

غلط ہوں میں تو کیوں آئی ہو میرے ساتھ نہ آتی۔۔۔۔رہتی وہیں اُس حمزہ کے ساتھ۔۔۔۔زوہان نے پاس پڑے ہوئے بیگ میں سے اپنے کپڑے نکالے اور فریش ہونے چلا گیا.۔۔۔۔

اُف۔۔۔مہر بیڈ پہ جا کر لیٹی۔۔۔کمبل اوڑھا اور آنکھیں بند کر لیں۔۔۔۔۔

آنسو تو اُس کی زندگی کے ساتھی بن چکے تھے۔۔۔۔

حمزہ دُعا کو لے کر گھر روانہ ہوا۔۔۔

گھر میں سب کو ایسا لگنا چاہیے کہ میں نے تم سے پسند کی شادی کی ہے۔۔۔

سمجھی۔۔۔۔۔حمزہ گاڑی کی سپیڈ تیز کرتا ہوا بولا۔۔۔

دُعا نے سَر ہلایا۔۔۔۔

محض اٹھارہ سال کی عمر میں اُسے زندگی نے اس دُنیا کے ہر رنگ دکھائے۔۔۔

چھوٹی سی تھی جب باپ اس دُنیا سے چلا گیا۔۔۔پھر ماں نے اُسے زندگی کی دھوپ چھاؤں سے بچایا۔۔۔۔

اور اب وہ بھی ہسپتال میں زندگی اور موت کی جنگ لڑ رہی ہے۔۔۔

پہلے تو اس کی ماں گھروں کے کام کر کے زندگی کے سفر کو مشکل سے دھکا دے رہی تھی۔۔۔۔

ایک سال پہلے کینسر کی بیماری کا پتا چلا۔۔

پھر بھی اُس نے کام نہ چھوڑا۔۔۔۔

لیکن مہینہ پہلے اُس کی طبیعت زیادہ بگڑی تو ہسپتال منتقل کرنا پڑا۔۔۔۔

مالکوں نے نوکری سے بھی نکال دیا۔۔ دُعا کئی بار وہاں گئی کہ وہ اپنی ماں کی جگہ کام کر لے گی۔۔ لیکن کسی نے اُس کی نہ سُنی۔۔۔۔

کئی ہفتوں سے سڑکوں کی چھان خاک رہی تھی۔۔ تعلیم تو اُس کے پاس اتنی تھی نہیں کہ وہ کسی اور جگہ جا پاتی۔۔

بھیک مانگنا شروع کر دیا۔۔۔۔

اور اب اچانک وہ کسی کی بیوی بن کر یہاں آگئی ہے۔۔

گاڑی راجپوت ہاؤس کے باہر رُکی۔۔۔۔

دُعا گاڑی سے اُتری۔۔۔ اتنے خوبصورت گھر کو اُس نے خواب میں بھی نہیں دیکھا ہو گا۔۔۔۔

حمزہ نے دُعا کے ہاتھ کو پکڑا اور اندر لے جانے لگا۔۔

اندر جا کر سب کو ایسا لگنا چاہیے کہ ہماری پسند کی شادی ہے۔۔۔

حمزہ نے دُعا کی کلائی پر اپنی گرفت مضبوط کی۔۔

مما!!! مما!! حمزہ دروازے سے داخل ہوتے ساتھ ہی فوزیہ بیگم کو آوازیں لگانے لگا۔۔

دُعا کے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے۔۔۔ کہ اب کیا ہونے والا ہے۔

حمزہ آگ ئے تم۔۔ کب سے فریال تمہیں کالز کر رہی ہے۔۔۔

اور یہ لڑکی کون ہے۔ اور تم نے اس کا ہاتھ کیوں پکڑا ہوا ہے۔۔۔

فوزیہ بیگم حمزہ کے پاس چلتی ہوئی آئیں۔۔۔۔

یہ دُعا ہے میری بیوی۔۔ اور آپ کی بہو۔۔۔ حمزہ نے دُعا کی طرف مسکرا کر دیکھا۔۔۔

حمزہ یہ کیا مذاق ہے۔۔۔ کون ہے یہ سچ سچ بتاؤ۔۔۔ فوزیہ بیگم حمزہ کی طرف دیکھ کر بولیں

کہا نا میں نے بیوی ہے میری۔۔۔ اچھی لگتی تھی مجھے تو شادی کر لی۔۔ بس اتنی سی بات ہے

اتنابڑا فیصلہ تم نے مجھ سے پوچھے بغیر کر لیا۔۔ماں ہوں میں تمہاری۔۔ حق بنتا تھا میرا۔۔۔ کہ تم ایک بار مجھ سے اجازت لے لیتے۔۔ فوزیہ بیگم نے دُعا کی طرف دیکھا۔۔۔۔ جو کانپتے وجود کے ساتھ مشکل سے خود کو سنبھال رہی تھی۔۔۔۔

اچھا۔۔۔ ہو گیا آپ کا بھاشن۔۔ جاؤں اب۔۔۔

چلو دُعا۔۔ حمزہ نے دُعا کا ہاتھ پکڑا اور اپنے کمرے کی طرف لے جانے لگا۔۔۔۔

فوزیہ بیگم وہیں فرش پہ بیٹھ گئیں۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

فریال یونیورسٹی سے باہر نکل کر گاڑی میں بیٹھنے والی تھی کہ کسی نے اُس کا ہاتھ پکڑا۔۔۔ اور اپنی طرف کھینچا۔

ہاتھ چھوڑو میرا۔۔۔۔ فریال نے اپنا ہاتھ چھڑوایا۔۔۔۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرا ہاتھ پکڑنے کی۔۔۔۔ گاڑی سے ڈرائیور بھی باہر آیا۔

فریال یار کب تک اگنور کروگی مجھے۔۔دو سال سے ہم اکٹھے ایک ہی کلاس میں پڑھ رہے ہیں۔۔۔پیار کرتا ہوں تم سے۔کتنی بار کہہ چکا ہوں۔۔۔عامر فریال کے قریب ہوتا ہوا بولا۔۔

اوئے میڈم جب بات نہیں کرنا چاہ رہیں تو کیوں تنگ کر رہا ہے۔ڈرائیور نے عامر کو پیچھے دھکیلا۔۔۔

ایک منٹ تم دو ٹکے کے ڈرائیور جس کی میرے آگے کوئی اوقات نہیں۔۔وہ مجھے سبق سکھائے گا۔۔عامر نے کہتے ہوئے پستول اپنی جیب سے نکالی۔۔اور ڈرائیور کی ٹانگ پہ ماری۔۔۔۔

گولی کی آواز سُن کر ارد گرد کے لوگوں نے بھاگنا شروع کر دیا۔۔۔۔۔

عامر نے فریال کا ہاتھ پکڑا اور اُسے اپنی گاڑی کی طرف لے جانے لگا۔۔۔

بہت نخرے دکھا رہی تھی نا تم۔۔۔اب دیکھو سارے نخرے تمہارے نکالتا ہوں۔۔۔آج تم سے نکاح کر کے۔۔۔۔۔

عامر پلیز مجھے جانے دو۔۔ میں نہیں کرتی تم سے پیار۔۔۔اور نہ کبھی کروں گی۔۔۔۔۔کوئی ہے کوئی تو مدد کرو۔۔۔ فریال چیختے ہوئے بولی۔

لیکن ارد گرد کے کچھ لوگ صرف ویڈیوز اور تصاویر بنانے میں مصروف تھے۔

کہ اچانک فریال کا ہاتھ کسی نے عامر کی گرفت سے چھڑوایا۔۔

احسن کو دیکھ کر فریال کی جان میں جان آئی۔۔۔۔۔

کون ہو تم۔۔۔ لگتا ہے جان پیاری نہیں ہے تمہیں۔۔۔۔عامر نے کہتے ہوئے پستول کا رُخ احسن کی طرف موڑا۔

فریال میری منگیتر ہے۔۔۔اور جلد شادی کرنے والے ہیں ہم۔۔۔ آئندہ اس کے آس پاس دکھائی دیئے تو ٹانگیں توڑ کر ہاتھ میں دے دوں گا۔۔ احسن نے فریال کا ہاتھ پکڑا اور اُسے وہاں سے لے جانے لگا۔۔۔۔

دیکھتا ہوں کب تک تم اس کو اپنی منگیتر رکھو گے۔۔۔۔عامر نے پستول سے ہوائی فایر کیئے۔۔۔۔

احسن پولیس کو پہلے ہی کال کر چکا تھا۔۔۔۔

پولیس نے عامر کو گرفتار کیا۔۔۔۔لیکن ان جیسے بگڑے نواب زادے کتنی دیر جیل میں رہتے ہیں یہ سب آپ اچھے سے جانتے ہیں۔۔۔۔۔

فریال رونا بند کرو۔۔۔۔احسن غصے میں گاڑی کی سپیڈ تیز کرتا ہوا بولا۔۔

ڈرائیور انکل۔۔۔اُن کو تو ٹانگ پہ گولی لگ گئی تھی۔۔فریال روتے ہوئے بولی۔

فکر نہ کرو۔۔پولیس نے ایمبولینس کو کال کی تھی وہ لوگ لے گئے ہیں اُنہیں ہاسپٹل۔۔۔۔

آئندہ تم اکیلی یونیورسٹی نہیں جاؤ گی۔۔۔۔اور ہاں کل میں اپنی امی کو تمہارے گھر بھیجوں گا۔۔تمہارا ہاتھ مانگنے کے لیئے۔۔تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں ہے۔۔۔۔احسن نے گاڑی راجپوت ہاوس کے باہر روکی۔۔۔

نہیں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔۔۔فریال نے گاڑی کا دروازہ کھولا۔۔۔۔اور باہر نکل گئی۔۔۔

احسن نے گاڑی پولیس اسٹیشن کی طرف دوڑائی۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

مہر کی آنکھ کُھلی تو۔۔زوہان سامنے صوفے پر ہی لیٹا تھا۔۔۔آنکھیں بند کی ہوئے۔

مہر نے بالوں کی اونچا کر کے باندھا۔۔۔۔

بیڈ سے اُٹھ کر زوہان کی طرف بڑھی۔۔۔۔۔

مہر جیسے ہی زوہان کے قریب گئی۔۔۔زوہان جو مہر کے اُٹھنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔۔

مہر کا بازُو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔۔۔۔

مہر زوہان کے اوپر گِر گئی۔۔۔۔۔

ہاں تو رات کو میرے آنے سے پہلے تم سُو گئی تھی۔۔۔زوہان نے مہر کے ماتھے پہ اپنے لب رکھے۔۔۔۔

زوہان نے مہر کے بالوں کو کھولا۔۔۔۔۔

تمہیں پتا ہے۔۔میں ساری رات سُو نہیں سکا۔۔۔۔۔۔

مہر نے اُٹھنا چاہا۔۔۔ لیکن زوہان کی مضبوط گرفت سے وہ نکل نہیں سکی۔۔۔

زوہان آپ ہمیشہ مجھے ڈانٹ دیتے ہیں اور وہ بغیر کسی بات کے۔۔ مہر نے زوہان کو پیچھے دھکا دیا۔۔ اور اُٹھ کر بیٹھ گئی۔۔

اچھا ناسوری۔۔۔ ناراض مت ہو۔۔۔ زوہان نے مہر کے چہرے کا رُخ اپنی طرف کیا۔۔۔

زوہان مجھے آپ کی سائیکی کی سمجھ نہیں آتی۔۔۔

مہر اُٹھ کر جانے لگی۔۔

اتنا مشکل بھی نہیں ہے سمجھنا۔۔۔ اس پاگل کو۔۔۔ زوہان نے مہر کا بازو پکڑا۔۔

اچھَا وہ کیسے۔۔۔۔۔ اور میں نے پاگل نہیں کہا آپ کو۔۔. مہر منہ پھُولا کر بولی۔۔

وہ ایسے کہ اس پاگل کو تمہارے پیار محبت اور توجہ کی بہت ضرورت ہے۔۔۔ بس یہ ملتی رہیں تو اس پاگل کا پاگل پَن ختم ہو سکتا ہے۔۔ زوہان نے کہتے ہوئے مہر کو اپنی گود میں اُٹھایا۔۔۔

میری محبت، جذبات، احساسات سب آپ کے جُڑے ہیں زوہان۔۔۔

ہو تیرا ساتھ تاحیات میسر مجھے

میں خزاوں کو بھی باخدا بہار لکھوں

اور میری زندگی کی تمام خوشیاں تم سے جُڑی ہیں مہر۔۔۔میری جتنی بھی زندگی باقی ہے۔۔میں تمہارے ساتھ سکون سے گُزارنا چاہتا ہوں۔۔۔۔اور مجھے ان لمحوں میں کسی کی بھی مداخلت پسند نہیں۔

تمہاری بھی نہیں۔۔زوہان نے مہر کے کان کے قریب سرگوشی کی۔۔۔۔

ایک روح ہزاروں احساس اور تم

ایک میں ہزاروں قصے اور تم

ہزاروں لوگ لاکھوں چہرے اور تم

میرا عشق میری محبت میری جان صرف تم۔

فریال نے گھر جا کر ساری بات فوزیہ بیگم کو بتائی۔۔۔۔

ڈرائیور جس کو ٹانگ پہ گولی لگی تھی۔۔۔۔۔وہ بھی شام تک گھر آ چکا تھا۔۔اور پولیس والے گاڑی بھی گھر چھوڑ گئے تھے۔۔۔

احسن کے جانے سے پہلے ہی عامر ضمانت پہ رہا ہو کر واپس جا چُکا تھا۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ کمرے میں جا کر سُو گیا تھا پر دُعا وہیں دروازے کے ساتھ بیٹھ گئی۔

شام کے سات بج رہے تھے۔۔۔۔۔

حمزہ کا فون رِنگ ہوا۔۔۔حمزہ جو ہیوی ڈوز لے کر سویا تھا۔۔۔مشکل سے آنکھیں کھولتا ہوا اُٹھا۔۔۔۔۔۔

موحب کی کال دیکھ کر فوراً کال اُٹھائی۔۔۔۔۔۔

موحب نے اُسے صبح مِلنے کا کہا۔۔۔۔فون بند کر کے۔۔

سائیڈ پہ رکھا۔

توسامنے دروازے کے ساتھ چپک کر بیٹھی ہوئی دُعا پر نظر پڑی۔ دروازے سے ٹیک لگائے وہ سُورہی تھی۔۔

اب اس عذاب کو بھی برداشت کرنا پڑے گا۔۔ حمزہ کہتے ہوئے دُعا کی طرف بڑھا۔

اُٹھو لڑکی۔۔۔۔ حمزہ نے دُعا کو زور سے جھنجھوڑا۔۔۔۔۔

دُعا حمزہ کو دیکھ کر ایک دَم سے اُٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔۔

ج۔۔جی۔۔۔۔ دُعا کہتے ہوئے تھوڑا پیچھے ہوئی۔۔۔۔

ڈر کیوں رہی ہو۔۔۔ کھا نہیں جاؤں گا۔۔۔۔۔۔ اور ویسے بھی تم جیسی لڑکی جو میرے معیار کی ہی نہ ہو۔۔۔ اُسے دیکھنا تو دُور میں تھوکنا بھی پسند نہیں کرتا۔۔۔

الماری سے کپڑے نکال کر پریس کرو۔۔۔۔۔ جلدی سے اور خود بھی کچھ اور پہن لو۔۔۔ میں نہیں چاہتا کہ مما کو زرا سا بھی شک ہو۔۔ سمجھی۔۔۔۔۔

جی میں کر دیتی ہوں۔۔۔۔۔۔

حمزہ نے دُعا کو الماری سے کپڑے نکال کر دیئے اور خود واشروم چلا گیا۔۔۔۔۔

دُعا کپڑے پریس کرتے ہوئے اپنی ماں کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔کیونکہ موحب نے اُس سے وعدہ کیا تھا کہ وہ نکاح کے فوراً بعد اُسے اُس کی ماں سے ملوادے گا۔۔۔۔۔۔

حمزواشروم سے باہر آیا۔۔۔ٹاول سے بال خشک کرتے ہوئے وہ دُعا کی طرف بڑھا ۔۔۔

ہوگئے میرے کپڑے پریس؟؟؟حمزہ دُعا کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

جی ہوگئے ہیں۔دُعا نے حمزہ کو کپڑے پکڑائے۔۔۔۔

وہ مجھے میری امی سے ملنے ہسپتال جانا ہے۔۔دُعا سَر جھکائے بولی۔۔۔۔

تمہیں موحب نے بتایا نہیں شاید!!!حمزہ واپس پلٹ کر بولا۔۔۔

کیا؟؟کیا نہیں بتایا۔دیکھیں پلیز مجھے جانے دیں۔۔۔دُعا حمزہ کی طرف التجائی نظروں سے دیکھتی ہوئی بولی۔

ڈرامے بند کرواپنے۔۔ مَر چُکی ہے تمہاری ماں۔۔ جس دن تمہارا نکاح ہوا تھا اُسی دن۔ہاسپٹل والوں نے دفنا دیا تھا۔۔۔۔۔ حمزہ بے حسی سے بولا۔۔۔۔۔۔

نہیں ایسا نہیں ہو سکتا۔۔۔ میری ماں نہیں مَر سکتی۔۔ آپ جھوٹ بول رہے ہیں ۔۔دُعا زمین پر گھٹنوں سمیت بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ کوئی جواب دی ئے بغیر کپڑے چینج کرنے واشروم میں چلا گیا۔

امی مجھے آپ ایسے چھوڑ کر نہیں جاسکتیں۔آپ کے لی ئے تو میں نے یہ نکاح کیا تھا۔۔۔۔

میں کہاں جاؤں گی۔زمانے کی ٹھوکریں میرا پیچھا نہیں چھوڑیں گی۔۔۔۔دُعا نے سسکتے ہوئے جملہ مکمل کیا۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

ناشتہ کرلو پھر باہر جائیں گے۔زوہان مہر کو نوالے بنا کر کِھلا رہا تھا۔۔۔۔۔

سچ!!!

آگے کبھی میں نے تم سے جھوٹ بولا ہے۔۔زوہان بھنویں اُچکا کر بولا۔۔۔۔

نہیں میں نے ایسے ہی پوچھ لیا تھا۔۔۔مہر نے بات بدل لی کہ کہیں زوہان کا موڈ پھر نہ خراب ہو جائے۔۔

زوہان کا موبائل رِنگ ہوا۔۔۔زوہان نے ٹشو سے ہاتھ صاف کی ئے اور موبائل اُٹھایا۔۔۔

موبائل کی اسکرین پر حمزہ کا نمبر جگمگا رہا تھا۔۔۔۔۔

زوہان کے ماتھے پہ بَل پڑے۔۔۔۔۔

زوہان نے موبائل فون کو زُور سے دیوار پر مارا۔۔۔۔۔

مہر ڈر کر اُٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔۔

زوہان یہ کیا کیا آپ نے؟؟فون کیوں توڑا۔۔۔۔

تب مہر کا فون رِنگ کرنا شروع ہو گیا۔۔۔۔۔۔مہر نے فون ٹیبل سے اُٹھایا۔۔

حمزہ کی کال؟؟؟مہر موبائل ہاتھ میں پکڑے ہوئے بولی۔۔۔

کس کی کال ہے جو تم نہیں اُٹھا رہی؟؟ زوہان مہر کی طرف بڑھتا ہوا بولا۔۔۔

حمزہ کی کال ہے۔مجھے نہیں پتا وہ کیوں کال کر رہا ہے۔۔۔مہر زوہان کی طرف دیکھ کر بولی۔۔۔

فون اُٹھاؤ اور سپیکر پہ لگاو۔۔۔

مہر نے کال کو سپیکر پہ لگایا۔۔۔

مہر کہاں تھی تم کب سے کالز کر رہا ہوں۔۔۔اور زوہان فون کیوں نہیں اُٹھا رہا۔۔۔تم کیسی ہو۔۔پتا ابھی میں تمہاری برتھ ڈے کی تصویریں دیکھ رہا تھا۔۔۔ماشاءاللہ!! بہت خوبصورت لگ رہی تھی تم اُس دن۔۔میری لائی ہوئی فراک جو پہنی تھی تم نے۔۔۔۔اور جب میں نے تمہارے نازک ہاتھوں کو چُوما تھا۔۔۔اور تمہاری اُنگلی پہ اپنی محبت کی پہلی نشانی سجائی تھی۔۔۔

حمزہ کی باتوں کو سُن کر زوہان نے مہر کے ہاتھوں سے فون لیا اور بند کر کے بیڈ پہ پھینکا۔۔۔۔

مہر یہ سب سُن کر لگتا ہے کہ صرف تمہارا جسم میرے پاس ہے۔روح تو تم کب کی حمزہ کے پاس چھوڑ آئی ہو۔۔۔۔

نہیں زوہان ایسا نہیں ہے۔۔۔۔

میرے واپس آنے کا انتظار مت کرنا۔۔۔۔۔اور ہاں اگر بُور ہو جاؤ تو حمزہ سے بات کر لینا۔۔پُرانی محبت کی یادیں تازہ کر لینا۔۔۔۔

زوہان بس کر دیں۔۔۔۔یہ شک کرنا۔۔۔۔مجھے سمجھ نہیں آتی آپ کی۔۔آپ ہر سیکنڈ بعد بدل کیوں جاتے ہیں۔۔۔۔۔

میں جو کہہ رہی ہوں۔اُس بات کی کوئی ویلیو نہیں۔۔۔کہہ کہہ کر تھک چُکی ہوں کہ میرا اب حمزہ سے کوئی تعلق نہیں رہا۔۔۔۔

محبت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔۔تو یاد رکھیں محبت میں بار بار اپنے کردار کی صفائی نہیں پیش کی جاتی۔۔۔۔۔

لیکن مجھے ہر بار بار بار تمہارے منہ سے یہ سُننا پسند ہے کہ تمہارا اُس سے کوئی تعلق نہیں۔۔۔۔۔

یہ کہتا ہوا زوہان وہاں سے نکل گیا۔۔

پتا نہیں یہ آزمائش کب ختم ہو گی۔۔۔۔اللہ زوہان کا دل میری طرف سے صاف کر دیجئے۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

سب نَاشتے کی میز پر بیٹھے تھے۔۔۔حمزہ اور دُعا بھی وہاں موجود تھے۔۔۔

آج فریال کے رشتے کے لیے کچھ لوگ آ رہے ہیں۔۔فوزیہ بیگم حمزہ کی طرف دیکھ کر بولیں۔

!!!تم گھر پہ ہی رہنا

میرا کیا کام ہے یہاں۔۔۔۔آپ ہیں نا۔سب فیصلے کرنے والیں۔۔۔۔حمزہ نے چائے کا کپ زور سے میز پہ پٹکا۔۔

حمزہ ہو کیا گیا ہے تمہیں۔۔۔سمجھ نہیں آتی مجھے تمہاری۔۔فریال بہن ہے تمہاری

۔۔۔۔۔

او پلیز۔۔مجھے یہ فیملی ناٹک دیکھنے کا کوئی شوق نہیں ہے۔۔۔جس کی ڈور آپ کے ہاتھ میں ہو۔۔۔حمزہ کہتا ہوا چلا گیا۔۔۔۔۔

دُعا خود کو کمپوز کر کے بیٹھی تھی۔۔۔ماں کی موت کا سُن کر اُس کے آنسو تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔۔۔۔۔۔

وہ بھی اُٹھ کر جانے لگی۔۔۔۔

رُکو لڑکی۔۔۔کمرے سے باہر آنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

فوزیہ بیگم دُعا سے کہنے لگیں۔۔

جی۔۔دُعا کہتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف بڑھی۔

مما اس میں دُعا بھابھی کا کیا قصور ہے۔۔آپ اُن سے تو ٹھیک سے بات کریں ۔۔۔فریال جوس گلاس میں ڈالتی ہوئی بولی۔

میں چاہتی ہوں کہ فلحال یہ بات کسی کو پتا نہ چلے۔۔۔۔

مہر سے بات ہوئی تھی میری آج۔۔بتایا تھا میں نے تمہارے بارے میں بھی اور حمزہ کی شادی کے بارے میں بھی۔۔اُس سے کچھ نہیں چھپا سکتی میں۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

احسن کی فیملی کو فریال بہت پسند آئی۔۔۔رشتہ پکا کرنے کے ساتھ ساتھ وہ فریال کو انگوٹھی بھی پہنا گۓ۔۔۔۔اور منگنی کی تاریخ بھی رکھ دی۔۔۔۔

فوزیہ بیگم کو بھی احسن بہت پسند آیا۔۔۔۔۔

احسن کی نظر تو فریال سے ہٹ ہی نہیں رہی تھی۔۔۔بلیک کلر کے فراک میں وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

مہر نے فریال کو فون پہ مبارک باد دی۔فریال پہلے ہی اُسے احسن کے بارے میں بتا چکی تھی کہ اُس نے کیسے اُسے بچایا۔۔۔اُسے گھر چھوڑا۔۔۔اور وہ اُس سے شادی کا خواہش مند ہے۔۔۔۔

مہر بہت خوش تھی۔۔۔۔

حمزہ کی شادی کا سُن کر اچھا لگا۔۔

ہاں مجھے تو وہ لڑکی اچھی لگی۔۔۔ مما کی ساری بات مانتی ہے۔۔بس حمزہ بھائی کے سامنے چُپ رہتی ہے۔۔۔

خالہ تو بہت غصہ ہویں ہوں گی حمزہ پہ؟؟

ہاں پر اب کیا اب تو وہ شادی کر چکے ہیں۔۔۔۔۔

چلو اللہ خوش رکھے دونوں کو آمین۔۔مہر بیڈ پہ لیٹ گئی۔وہ کب سے زوہان کے انتظار میں ادھر سے اُدھر چکر کاٹ رہی تھی۔۔۔

اچھا میں فون رکھتی ہوں۔۔رات کو مما کال کریں گی۔۔۔زوہان بھائی سے لازمی بات کروا دینا۔۔تاکہ وہ ناراض نہ ہو جائیں۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔مہر نے فون سائیڈ پہ رکھا۔۔۔۔۔

آنکھیں بند کر کے وہ ایک لمبے خیال میں چلی گئی۔جب وہ حمزہ کی محبت پہ فخر کرتی تھی۔۔۔پھر زوہان کا اچانک اُس کی زندگی میں آنا۔۔۔۔

زوہان کا تلخ رویہ۔۔جو کبھی کبھار محبت میں تبدیل ہو جاتا۔۔۔۔

اسی دوران دروازہ کھٹکا۔۔۔۔مہر نے بھیگتی ہوئی آنکھوں کو کھولا۔۔۔

اسکارف سَر پہ لیا اور دروازہ کھولا۔۔۔

کب سے دروازہ نَاک کر رہا ہوں۔۔۔زوہان اندر آیا۔۔۔

وہ میری آنکھ لگ گئی تھی۔۔۔۔

ہمم۔۔۔۔تیار ہو جاؤ۔۔۔کچھ دیر میں جانا ہے ہمیں۔۔۔زوہان نے نئے موبائل فون کا باکس کھولا۔۔۔اور اُس کی سیٹنگ وغیرہ کرنے کے بعد اُس میں سِم ڈالی۔۔۔

جی۔۔۔۔

یہ ڈریس لے جاؤ۔۔۔۔آج یہ پہنو گی۔۔۔تم۔۔میرے لیے۔۔۔زوہان نے ڈریس مہر کے ہاتھ میں تھمایا۔۔۔۔

یہ ڈریس نہیں ہے یہ ساڑھی ہے۔۔۔۔

جو بھی ہے مجھے پسند آئی میں نے خرید لی۔۔۔بیس منٹ ہیں تمہارے پاس

۔۔۔۔تب تک میں بھی چینج کر لوں۔۔۔۔۔۔

زوہان چینج کر کے آیا اور شیشے کے سامنے کھڑا ہو کر بال بنانے لگا۔۔۔۔

مہر نے مشکل سے ہی ساڑھی باندھی۔۔۔فُل ریڈ کلر کی ساڑھی جس پہ ہلکے ہلکے

موتیوں کا دلفریب کام ہوا تھا۔۔۔

مہر چینجینگ روم سے باہر آئی۔۔۔۔

زوہان صوفے پہ بیٹھا موبائل-فون میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

مہر مشکل سے چلتی ہوئی ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے آئی۔۔۔۔

اور ہلکا ہلکا میک اپ کرنے لگی۔۔۔۔

ریڈ لپ اسٹک لگائی۔۔ڈائمنڈ کا خوبصورت نیکلس جو اُسے زوہان نے گفٹ کیا تھا پہننے

لگی لیکن لاک اُس سے بند نہیں ہو رہا تھا۔

زوہان کی نظر مہر پہ پڑی۔جو نیکلس کا لاک بند کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔

زوہان ہلکا سا مسکرایا۔۔۔اور اُٹھ کر مہر کی طرف بڑھا۔

میں ہیلپ کر سکتا ہوں۔زوہان نے کہتے ہوئے مہر کے نیکلس کالاک بند کیا۔

زوہان نے اپنے دونوں بازوں مہر کے کمر کے گرد حائل کی ئے۔۔

ناراض ہو۔۔۔مہر میں اپنے روّیے سے خود بھی پریشان ہو جاتا ہوں۔۔۔۔مجھے تم پہ خود سے زیادہ یقین ہے۔۔۔۔بھروسہ ہے اعتبار ہے۔۔۔۔

لیکن جب تمہارا ماضی کسی نہ کسی طرح سے میرے سامنے آتا ہے۔۔۔۔تو میں خود پر قابو نہیں رکھ سکتا۔۔۔

زوہان۔۔۔میرا ماضی،حال اور مستقبل آپ کے ساتھ ہے۔۔

چلیں اب!!!زوہان نے اپنے ہونٹ مہر کی گردن پہ رکھے۔۔۔۔

بس یہ جھمکے رہ گئے ہیں۔۔۔۔

اتنا سنوارو گی خود کو تو۔۔۔میں کنٹرول نہیں کر سکوں گا۔زوہان نے مہر کے ہاتھوں سے جھمکے لی ئے اور مہر کو پہنائے۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ رات کے 1 بجے گھر آیا۔۔دن کو زوہان کے آفس بھی گیا تاکہ سارے معاملات کو دیکھ سکے اور وہاں کا کنٹرول اپنے ہاتھوں میں لے سکے۔۔

تھوڑی دیر وہاں رہنے کے بعد وہ موحب کی طرف چلا گیا۔۔۔۔

لڑکھڑاتے قدم جن پر وہ ٹھیک سے کھڑا نہیں ہو پا رہا تھا۔۔۔۔ مشکل سے اپنے کمرے تک پہنچا۔۔۔۔

دُعا۔۔۔جو دیوار کے ساتھ چپکی ہوئی رو رہی تھی۔۔۔

مہر تم!!! حمزہ کہتے ہوئے دُعا کی طرف بڑھا۔

مجھے پتا تھا تم واپس ضرور آؤ گی۔۔۔۔حمزہ بھی دُعا کے ساتھ فرش پہ بیٹھ گیا۔۔

حمزہ!!

ششششش!!! تم کچھ نہیں بولو گی۔۔۔حمزہ نے دُعا کے ہونٹوں پہ اپنی اُنگلی رکھی۔

حمزہ دُعا کے قریب ہوا۔۔۔اُسے اپنی گود میں اُٹھایا اور بیڈ کی طرف لے جانے لگا۔۔۔

زوہان نے گاڑی کو ایک سایڈ پہ روکا۔۔۔۔۔مہر کا دل دھڑک رہا تھا۔۔زوہان کے ہر روز کے بدلتے ہوئے رویے سے وہ کافی پریشان تھی۔۔

زوہان گاڑی سے اُترا اور دوسری سایڈ سے بھی گاڑی کا دروازہ کھولا۔۔

مہر کا ہاتھ پکڑ کر اُسے باہر لے کر آیا۔۔۔رات کے اس وقت سردی بھی اپنے جنون پر تھی۔

مہر نے شال کو اپنے کندھوں پر اوڑھا ہوا تھا۔۔۔

زوہان نے مہر کی آنکھوں پر پٹی باندھی۔۔۔۔

زوہان کہاں جا رہے ہیں ہم۔کچھ تو بتائیں۔۔۔۔زوہان نے مہر کے ہاتھ کو مضبوطی سے تھاما۔۔۔

تم کچھ دیر کے لئیے خاموش رہو گی۔۔۔

بیچ کی طرف جا رہے ہیں ہم۔۔زوہان نے گاڑی سمندر سے کافی پیچھے کھڑی کی تھی۔۔۔

اس وقت۔۔۔زوہان مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔مہر نے اپنے قدم روکے اور زوہان کی شرٹ کو مضبوطی سے پکڑا۔۔۔

مطلب تم چاہتی ہو کہ میں تمہیں اُٹھا کے لے کر جاؤں۔۔۔ہاؤ رومینٹک ۔۔۔۔زوہان نے مہر کو اپنی گود میں لیا۔۔۔۔

یہ پٹی اُتار دوں۔ آپ نے بتا تو دیا کہ ہم سمندر کی طرف جا رہے ہیں۔۔۔۔

نہیں بلکل نہیں۔۔۔۔۔۔زوہان نے مہر کو نیچے اُتارا۔۔وہ اپنی منزل پر پہنچ چکے تھے ۔۔۔۔

زوہان نے مہر کی آنکھوں سے پٹی اُتاری۔۔۔۔سامنے کا منظر دیکھ کر مہر کی آنکھیں چمک اُٹھیں۔۔

ایک چھوٹی سی اوپن ہٹ جو جھونپڑی کی طرح بنی ہوئی تھی۔۔دونوں اطراف سے کھُلی ہوئی۔

ہَٹ کے ارد گرد جگمگاتی ہوئی لائیٹز۔۔مہر نے نیچے دیکھا تو گلاب کے پھولوں کی پتیاں بچھی ہوئی تھیں۔۔

زوہان یہ سب آپ نے میرے لیے کیا۔۔۔۔

ہاں بس میری طرف سے چھوٹا سا تحفہ۔زوہان نے مہر کا ہاتھ تھَاما۔اب وہ دونوں ہَٹ کے اندر جارہے تھے۔۔۔

اندر ہر جگہ مہر کی تصویروں کو لائیٹز کی مدد سے لٹکایا ہوا تھا۔

زوہان یہ تو میری بچپن کی تصویریں ہیں آپ کے پاس کیسے آئیں۔مہر تصویروں کو غور سے دیکھ کر بولی۔۔

جن سے جنون کی حد تک عشق ہو۔۔اُن کی ہر چیز کو سنبھال کر رکھنا پڑتا ہے۔۔۔

زوہان نے مہر کی کمر کے گرد اپنے بازو حائل کیئے۔۔۔

تو آج میں اپنی مہر کے ساتھ تھوڑا سا ڈانس کرنا چاہوں گا۔۔۔اجازت ملے گی۔۔

مہر نے ہلکے سے گردن کو ہلایا۔۔۔۔

رومینٹک بیٹ کی دُھن فضا میں گونجی۔۔۔

مہر اس وقت ایک نئے زوہان کو اپنے سامنے دیکھ رہی تھی۔۔۔

زوہان مہر کو ٹیبل کی طرف لے کر آیا جہاں ہر چیز اُس کی پسند کی تھی۔۔۔۔

مہر۔۔۔ تم ناراض تو نہیں ہو مجھ سے۔۔۔۔ زوہان مہرو کی طرف دیکھ کر بولا۔

نہیں زوہان۔۔ بس آپ جو اچانک سے بدل جاتے ہیں۔۔ وہ مجھے بلکل نہیں پسند۔۔۔

اچھا تو پھر کیسا پسند ہوں میں تمہیں؟؟؟ زوہان کی آنکھیں مہر کے گھبرائے ہوئے چہرے کا طواف کر رہی تھیں۔۔۔۔۔

ابھی جیسے آپ ہیں ویسے۔۔

سوچ لو ایسا میں ہمیشہ کے لیے ہو گیا تو تمہیں ہی مسئلہ ہو گا۔۔۔۔ زوہان اپنی ہنسی چھپاتا ہوا بولا۔۔

مطلب؟؟ مجھے کیا مسئلہ ہو گا۔۔۔

بھئی ابھی تم خود کو تو سنبھال نہیں سکتی بچے کیسے سنبھالو گی۔۔۔۔

بچے!!! کس کے؟؟ مہر کا چہرہ بَلش کرنے لگا۔

پڑوسیوں کے۔۔۔ ارے ہمارے بچے اور کس کے۔۔۔۔۔ کیوں بچے نہیں اچھے لگتے تمہیں؟؟

ایسی بات نہیں ہے۔۔۔ مہر کو اتنی سردی میں بھی پسینے آرہے تھے۔

تو مطلب تمہیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔ تو میرے خیال سے تو بچے دو ہی اچھے۔۔۔ زوہان کی بات سُن کر مہر نے جلدی سے پانی کا گلاس اُٹھایا اور پینے لگی۔۔۔۔

نہیں میں تو پوری کرکٹ ٹیم بنانے کا سوچ رہی تھی۔۔ مہر آہستہ سے بولی۔۔

کیا کچھ کہا تم نے۔۔۔۔

میں کہہ رہی تھی کھانا بہت اچھا ہے۔۔۔۔ مہر مسکرا کر بولی۔۔۔

کھانا کھانے کے بعد۔۔۔۔ زوہان اور مہر نے ایک ساتھ ڈھیر ساری تصویریں لیں۔۔۔۔۔

پھر وہ اس یادگار لمحے کو گُزارنے کے بعد گھر کی طرف روانہ ہوگئے۔۔۔

مہر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی ہو کر جھمکے اُتار رہی تھی۔۔۔۔

رُکو ابھی مجھے صدقہ تو اُتارنے دو۔۔۔۔۔زوہان نے شوز اُتار کر سائیڈ پہ رکھے

۔۔۔۔اور مہر کی طرف بڑھا۔۔۔

زوہان نے مہر کے ماتھے پہ اپنے لب رکھے۔۔۔۔اپنی قسمت پر فخر محسوس کرتا ہوں

جب تمہیں اپنے لیٔے سجا سنورا دیکھتا ہوں۔۔۔۔

مہر کی آنکھوں کو اپنے لبوں سے چھوا۔۔۔۔

زَوہان نے مہر کی گردن سے نیکلس کو اُتارا۔۔۔۔آج تم لگ رہی ہو زوہان کی مہر

۔۔۔۔

❤ کسی اور کی جگہ باقی نہیں ہے مجھ میں

❤ میں تم سے شروع ہو کر تم پہ ہی ختم ہوتا ہوں

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ کی آنکھ کُھلی۔۔۔تو دُعا کے خوبصورت بال اُس کے چہرے پر بکھرے ہوئے تھے۔۔

اوہیلو۔۔۔ حمزہ نے دُعا کو زور سے جھنجھوڑا۔۔۔۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی میرے قریب آنے کی اور اس بیڈ پہ سونے کی۔۔۔ حمزہ چلایا۔۔

دُعا ڈر کے اُٹھی۔۔۔ حمزہ وہ!!!

کیا وہ۔۔ تم جتنی بھی کوشش کر لو تمہاری حیثیت میرے لیئے ایک خریدی ہوئی غلام جیسی ہے۔۔۔۔اس سے زیادہ کا سوچا بھی تو اس گھر سے بے گھر کرتے ہوئے مجھے دیر نہیں لگے گی۔۔۔۔ حمزہ نے دُعا کے منہ کو دبوچا۔۔۔

دفعہ ہو جاؤ یہاں سے۔۔۔اور اس بیڈ شیٹ کو فوراً چینج کرو مجھے تمہارے گندے وجود کی بُو اپنے ارد گرد نہیں چاہیئے۔۔۔۔ حمزہ کہتے ہوئے وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔۔

یہ میرے سے کیا ہو گیا۔۔۔میں کیسے اُس کے اتنے قریب چلا گیا۔۔۔میں اپنا مقصد کیسے بھول سکتا ہوں۔۔۔حمزہ لان میں ٹہل رہا تھا۔۔۔یہ سوچتے ہوئے ہی اُس نے فون اپنی جیب سے نکالا۔۔۔

تو مہر نے اپنی اور زوہان کی تصویریں فیسبک پر ڈالی ہوئی تھیں۔۔

کچھ دن اچھے سے انجوائے کر لو تم زوہان۔۔پھر مہر صرف میری ہو گی۔۔۔

ناشتے کی میز پر سب موجود تھے۔۔۔

حمزہ نے چائے کا سِپ لیا۔۔۔

دُعا!!دُعا حمزہ کے اس طرح چلانے پر دُعا کچن سے باہر آئی۔۔

جی!!

ادھر آؤ۔۔۔دُعا حمزہ کے قریب آئی تو حمزہ نے ایک زوردار تھپڑ اُس کے چہرے پہ مارا۔۔۔

حمزہ یہ کیا طریقہ ہے۔۔۔فوزیہ بیگم اپنی کرسی سے کھڑی ہو گئیں۔۔

ابھی تک چائے بنانی نہیں آئی تمہیں۔۔۔ حمزہ نے کہتے ہوئے کپ زمین پر پٹکا۔۔۔

زوہان بس کرو۔۔۔اُس نے نہیں بنائی چائے ملازمہ نے بنائی ہے۔۔۔ فوزیہ بیگم نے حمزہ کو دھکا دے کر پیچھے ہٹایا۔۔۔

آپ کو کوئی حق نہیں ہے کہ آپ میرے معاملات میں دخل اندازی کریں۔۔۔اور تم۔ تمہیں تو میں آکر سیدھا کروں گا۔۔۔ حمزہ دُعا کی طرف اشارہ کر کے وہاں سے چلا گیا۔۔۔

بیٹھو بیٹا یہاں۔۔ اس حمزہ کا دماغ میں خود درست کروں گی۔۔ تم ناشتہ کرو۔۔۔ فوزیہ بیگم نے دُعا کے آگے پلیٹ رکھی اُس میں آملیٹ ڈالا۔۔

اُسے اپنے ہاتھوں سے کھلانے لگیں۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

شازیہ بیگم صندوق سے مہر کی تصویر نکال کر رو رہی تھیں۔ مہر اُن کو روز کال کرتی ہے۔۔ لیکن آج شاید اُنہیں وہ زیادہ یاد آرہی تھی۔۔۔

مہر کی بچپن کی تصویر میں کوئی اور بچی بھی اُس کے ساتھ تھی۔۔۔

مہر اور سحر۔۔۔پتا نہیں سحر کہاں ہو گی۔۔۔مجھے معاف کر دینا سحر تیرے باپ کی لالچ نے تجھے ہم سے دُور کر دیا۔۔۔

مہر تین سال کی تھی جب تم اس دنیا میں آئی۔۔۔تو میں نے تیرا نام سحر رکھا۔۔۔

ایک دن اچانک تیرا باپ تجھے اپنے فائدے کے لیے بیچ آیا۔۔۔تب وہ بھی یہ گھر چھوڑ کر چلا گیا۔۔۔

آج تک تیری ماں تیری جدائی کے غم میں تڑپتی رہتی ہے۔۔۔۔۔۔

آج آپا کی طرف بھی جاؤں گی۔۔۔۔مہر سے ویڈیو کال پہ بات کروں تب ہی میرا دل سکون میں آئے گا۔۔

شازیہ بیگم نے اپنے آنسو صاف کیے۔۔۔تصویر واپس صندوق میں ڈالی۔۔۔اور صندوق کو تالا لگایا۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

مہر کی آنکھ کُھلی۔۔وہ زوہان کی بازو پر سوئی ہوئی تھی۔۔۔۔

کھڑوس۔۔۔ کڑوے کریلے۔۔۔ سوتے ہوئے بھی ہنسنا حرام ہے ان پہ۔۔۔۔ مہر نے کہتے ہوئے زوہان کی داڑھی پہ ہاتھ پھیرا۔۔

ویسے اتنے بھی بُرے نہیں ہیں آپ۔۔ بس تھوڑے سڑیل ہیں۔۔۔

مہر۔۔۔ تم صرف میری ہو۔۔۔ ہاہاہا۔۔ مہر زوہان کی نقل اُتارتے ہوئے ہنس پڑی ۔۔۔۔

پتا ہے زوہان جب آپ یہ کہتے ہیں تو میرا دل دو سو کی سپیڈ سے دوڑنے لگتا ہے۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔ اور کیا کہتا ہے تمہارا دل۔۔۔ زوہان کی آواز پر مہر نے بیڈ سے اُٹھ کر دوڑ لگائی۔۔۔۔

زوہان بھی مہر کے پیچھے بھاگا۔۔۔۔۔ ایک جھٹکے سے مہر کا ہاتھ پکڑ کر اُسے دیوار کے ساتھ لگایا۔۔۔

تو میں کھڑوس ہوں۔۔ کریلا ہوں۔۔ سڑیل بھی ہوں۔۔۔

زوہان نے مہر کے ہونٹوں پہ اپنی محبت کی مُہر ثبت کی۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

احسن اور فریال اس وقت ریسٹورنٹ میں موجود تھے۔۔۔

احسن مجھے بہت خوشی ہوئی کہ آنٹی نے مما کو ساری حقیقت خود بتائی۔۔ کہ وہ تمہاری سوتیلی ماں ہیں۔

اُنہوں نے دوسری شادی کی تو کوئی جرم نہیں کیا۔۔ حق بنتا تھا اُن کا۔۔۔

مما نے مجھے اتنا پیار دیا ہے کہ میں نے اس سوتیلے لفظ کو اپنی زندگی سے نکال دیا ہے۔۔۔۔

ہاں مما کو اس بات کا بہت افسوس ہے کہ وہ اپنے بیٹے کو نہیں ڈھونڈ سکیں۔۔۔

لیکن میں اور ڈیڈ ہمیشہ انہیں حوصلہ دیتے ہیں۔۔۔

ڈیڈ بھی ڈاکٹر تھے۔۔۔۔ تو مما اُن کو ہاسپٹل سے ملیں اُن کی حالت بہت بُری تھی۔۔ ڈیڈ اُن کو اپنے ساتھ اپنے گھر لے آئے۔۔ تب میں بھی چھوٹا تھا۔۔۔

پھر ڈیڈ نے اُن سے شادی کی۔۔ ہمارے گھر میں جیسے خوشیاں واپس آگئی ہوں ۔۔۔ پھر ہماری زندگی میں علیشباہ آئی۔۔۔ میری چھوٹی سی گڑیا۔۔۔

اور اب تم۔۔۔ احسن نے فریال کے ہاتھ کو چُوما۔۔۔۔

میری زندگی تو جنت بننے جا رہی ہے۔۔۔۔

تمہارے زوہان بھائی کب واپس آ رہے ہیں۔۔۔

بس ہماری منگنی سے ایک دن پہلے۔۔۔۔ فریال شرماتی ہوئی بولی۔

اسلام وعلیکم !! آپا۔۔ شازیہ بیگم راجپوت مینشن میں داخل ہوئیں۔۔۔

تو سامنے لاونج میں ہی فوزیہ بیگم بیٹھی ہوئی تھیں۔۔۔ گھر کے ملازمین لائن میں کھڑے تھے۔۔۔ تنخواہ لینے کے لیئے۔۔۔۔ باری باری سب کو تنخواہ دے کر فارغ ہوئیں۔۔۔

وعلیکم السلام !! کیسی ہو شازیہ۔۔ تم تو راستہ ہی بھول گئی۔ اس گھر کا۔۔۔

نہیں آپا بس وقت ہی نہیں ملا۔۔ فریال کی بات پکی کر دی آپ نے۔۔ بہت بہت مبارک ہو۔۔شازیہ بیگم صوفے پہ بیٹھتی ہوئی بولیں۔۔۔۔۔

خیر مبارک۔۔ زوہان اور مہر کے آنے کا انتظار ہے بس۔ جیسے ہی وہ آئیں گے اُس کے اگلے دن منگنی کی تقریب رکھ لیں گے۔۔۔۔۔

اور حمزہ نے کیا بچگانہ حرکت کی ہے۔۔۔ راہ چلتی لڑکی کو گھر اُٹھا کر لے آیا۔۔شازیہ بیگم فوزیہ بیگم کی طرف دیکھ کر بولیں۔

ہاں۔۔ حمزہ کا رویہ دن بہ دن بدلتا جا رہا ہے۔۔ عجیب اور تلخ قسم کا رویہ ہے اُس کا ہم سب کے ساتھ۔۔۔۔ سارا دن گھر سے غائب رہتا ہے۔۔ پریشان کر کے رکھا ہوا اس لڑکے نے۔۔ فوزیہ بیگم غم زدہ ہوئیں۔

بیوی کے کہنے پہ کرتا ہو گا سب۔۔۔ ویسے کہاں ہے وہ نظر نہیں آ رہی۔شازیہ بیگم نظر دوڑاتے ہوئے بولیں۔۔

ارے نہیں شازیہ وہ ایسی نہیں ہے۔بڑی ہی پیاری بچی ہے۔۔شروع شروع میں ۔میں نے بھی یہی سمجھا۔۔لیکن اُس معصوم کے منہ میں تو جیسے زبان ہی نہیں ہے۔۔۔۔بلکل مہر کی طرح۔۔۔۔

سامنے کمرے سے دُعا نکلتی ہوئی دکھائی دی۔۔۔۔

دُعا بیٹا یہاں آو۔ان سے ملو یہ میری چھوٹی بہن اور میری بہو مہر کی والدہ ہیں ۔۔۔فوزیہ بیگم نے تعارف کروایا۔۔

اسلام وعلیکم آنٹی۔۔دُعا نے سلام کیا۔۔

شازیہ بیگم کی تو نظر دُعا پہ ٹھہر سی گئی۔۔۔

بیٹا ملازمہ سے کہہ کر کھانے کا انتظام کرواؤ۔۔۔فوزیہ بیگم نے دُعا سے کہا۔۔۔

جی آنٹی۔۔۔اور وہ خود بھی کچن کی طرف چلی گئی۔۔

اس کو دیکھ کر مجھے میری سحر کی یاد آگئی آپا۔۔وہ ہوتی تو بلکل اس جیسی ہوتی۔۔شازیہ بیگم کی آنکھوں میں آنسو آگ ئے۔

شازیہ اللہ کے کاموں میں کوئی نہ کوئی مصلحت چھپی ہوتی ہے تم فکر نہ کرو۔ انشاء اللہ اللہ نے چاہا تو سحر بھی ضرور مل جائے گی۔ فوزیہ بیگم نے شازیہ بیگم کو حوصلہ دیا۔۔

آپا ذرا میری مہر سے تو فون پہ بات کروا دیں۔۔ وہ ویڈیو میں جس میں تصویر بھی نظر آتی ہے۔۔ شازیہ بیگم نے اپنے آنسو پونچھے۔۔۔

ہاں ہاں کیوں نہیں۔۔۔ فوزیہ بیگم نے مہر کو کال کی۔ شازیہ بیگم نے کافی دیر مہر سے بات کی۔۔۔ اور اب اُن کا دل سکون میں تھا۔۔۔۔

دُعا کھانا لگا رہی تھی۔۔۔ شازیہ بیگم اور فوزیہ بیگم بھی آ کر بیٹھیں۔

دُعا کی بازو پہ نشان کو دیکھ کر شازیہ بیگم کو کچھ یاد آ گیا۔ سحر کے بازو پہ بھی تو ایسا ہی نشان تھا۔۔

بیٹا یہ بازو پہ نشان کیسا ہے؟؟ شازیہ بیگم اشارہ کرتی ہوئی بولیں۔۔۔۔

یہ۔ یہ پیدائشی نشان ہے۔۔۔ دُعا بھی کرسی کھسکا کر بیٹھ گئی۔۔۔

تمہارے ماں باپ کہاں ہیں۔۔۔۔ شازیہ بیگم نے پھر سے سوال کیا۔۔

جی اُن کا انتقال ہو چکا ہے۔۔

اور کوئی والی وارث بھی نہیں ہے۔۔۔

شازیہ بس کرو کیوں اپنے سوالوں سے بچی کو پریشان کر رہی ہو۔۔

نہیں آپا میں تو بس ایسے ہی۔۔۔ تم کھانا کھاؤ بیٹا۔۔ شازیہ بیگم شرمندگی سے بولیں۔

نہیں آنٹی مجھے اچھا لگا۔۔۔ ان کا سوال کرنا۔ چلو کسی نے تو مجھ سے میری پہچان پوچھی۔۔۔ دُعا کے آنسو حلق میں اٹک گئے۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ نے سارے کاغذات تیار کروالیے تھے جس سے وہ ساری جائیداد کا اکیلا مالک بننے والا تھا۔۔

بس اس پر فوزیہ بیگم کے دستخط چاہیے تھے اور زوہان کے نقلی دستخط وہ کسی پروفیشنل بندے سے کرواچکا تھا۔۔۔

حمزہ کے آفس آنے کے بارے میں زوہان کا خاص مینجر تھا۔۔اُس نے زوہان کو کئی بار کال کی لیکن زوہان کا نمبر بند جا رہا تھا۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

زوہان فریال کے رشتے سے آپ خوش ہیں۔۔۔۔مہر زوہان کے کندھے پہ سَر رکھ کے لیٹی ہوئی تھی۔

میرا اُن سے کوئی تعلق نہیں ہے۔۔جو مرضی کریں۔

زوہان وہ آپ کی بہن ہے۔۔۔۔جب وہ آپ کو اپنا بھائی مانتی ہے تو آپ کیوں نہیں؟

زوہان پلیز ختم کر دیں یہ نفرت۔۔۔۔

مہر مجھے بحث نہیں کرنی۔۔۔.زوہان اُٹھ کر جانے لگا۔۔۔

زوہان آپ کو میری بات سُننی پڑے گی۔۔۔آپ خالہ کو ذمہ دار سمجھتے ہیں کہ اُن کی وجہ سے آپ کی ماں کو انکل نے گھر سے نکال دیا۔۔۔تو ایسا کچھ نہیں ہے۔۔۔آپ کی ماں کی اپنی حرکتوں کی وجہ سے انکل نے انہیں گھر سے نکال دیا تھا۔۔۔

مہر آئی سیڈ سٹاپ اٹ۔۔۔۔زوہان چیخا۔۔

آپ کی ماں سارا سارا دن گھر سے باہر رہتی تھیں۔۔۔۔نہ آپ کو ٹائم دیتی تھیں نہ گھر کو۔۔۔

زوہان کے دماغ میں وہ بچپن کی تلخ یادیں گردش کرنے لگیں۔۔۔۔۔جب وہ چیخ چیخ کر اپنی ماں کو بُلاتا تھا۔۔۔روتا روتا وہیں سُو جاتا تھا۔۔۔۔

ہاں میں ذمہ دار سمجھتا ہوں اُنہی کو۔۔۔اور اُن سے جُڑے کسی رشتے سے میرا کوئی سروکار نہیں۔

اچھا تو میں بھی تو اُنہی کی بھانجی ہوں۔۔۔۔میرے سے بھی کوئی رشتہ نہیں رکھیں گے آپ۔۔۔

مہر اپنی بکواس بند کرو۔۔۔تم ان باتوں کو نہیں سمجھو گی۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔مہر غصے سے بولی۔۔۔کپڑے الماری سے نکالے اور چینج کرنے چلی گئی۔۔۔کیونکہ اُس کا اور زوہان نے شاپنگ پر جانا تھا۔۔

مہر تم کبھی میری اذیت کو نہیں سمجھ سکو گی۔۔۔۔۔کبھی نہیں۔۔۔۔۔زوہان نے سائیڈ ٹیبل سے مہر کا فون اُٹھایا۔۔۔۔

وہ دیکھنا چاہتا تھا کہ کیا آج بھی مہر نے پُرانی یادوں کو سنبھال کر رکھا ہوا ہے یا نہیں۔۔

گیلری کھول کر سب سے آخر میں مہر اور حمزہ کی کچھ تصاویر تھیں جس میں مہر حمزہ کے بہت قریب تھی۔۔۔۔

زوہان نے فون سائیڈ پہ رکھا اور آنکھیں موند کر لیٹ گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد مہر چینج کر کے باہر آئی۔۔۔۔اور جلدی سے بال بنانے لگی۔۔۔

زوہان آپ بھی چینج کر لیں۔۔ورنہ ہم لیٹ ہو جائیں گے۔۔۔

میں کہیں نہیں جا رہا۔۔۔ تمہیں جانا ہے تو حمزہ کو کال کر کے بُلا لو۔۔زوہان نے مہر کا فون اُٹھایا۔۔اور مہر کی طرف چلتا ہوا آیا۔۔

کیا مطلب ہے آپ کا۔زوہان آپ کا یہ رویہ مجھے پاگل کر دے گا۔۔۔

اچھا۔تم اور حمزہ جو مجھے مل کر پاگل بنا رہے ہو۔۔۔تمہارے فون کی گیلری میں آج بھی اُس کی تصویریں اس بات کا ثبوت ہیں کہ تم آج بھی اُس سے پیار کرتی ہو۔۔۔نہیں بھول پائی ہو تم اُسے۔۔. زوہان نے فون مہر کے ہاتھ میں تھمایا۔

زوہان میں کیسے یہ شک دُور کروں۔بتائیں مجھے۔۔آپ ایک کام کریں مجھے جان سے مار دیں۔۔۔مہر رو پڑی۔۔۔

مرنا تو مجھے چاہیے۔۔خوامخواہ میں تم دونوں کے درمیان ایک بے معنی رشتے کی ڈور میں لٹک رہا ہوں۔۔۔

آپ کو ہمارا رشتہ بے معنی لگتا ہے۔۔۔مہر نے زوہان کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیا ۔۔۔

میری طرف دیکھیں زوہان۔۔۔آپ کو کیا لگتا ہے میں اب بھی حمزہ کے ساتھ انوالو ہوں۔۔۔۔زوہان نے چہرے کا رُخ بدلا۔۔۔۔

تمہارے ماضی کی محبت اس رشتے کی راہ میں رکاوٹ ہے۔۔۔اور ہمیشہ رہے گی۔۔۔زوہان نے مہر کو خود سے دُور کیا۔۔

مہر بھی بھاگ کر واشروم میں چلی گئی اور چیخ چیخ کر رونے لگی۔۔۔۔

زوہان بالکونی میں جا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

میں بار بار اپنے اس رویے سے مہر کو تکلیف پہنچاتا ہوں۔۔۔مجھے مہر پہ اعتماد بھروسہ بھی ہے۔۔ لیکن مہر کا ماضی مختلف رنگوں میں میرے سامنے آجاتا ہے۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

عفت بیگم جو نماز پڑھ کر فارغ ہوئیں۔۔۔ نماز سائیڈ پہ رکھی۔۔۔۔

الماری کی طرف بڑھیں۔۔ دراز کھول کر ایک باکس کھولا اُس میں سے اپنی اور زوہان کی تصویر نکالی۔۔۔۔یہ ایک تصویر ہی تو تھی اُن کے پاس۔۔۔جو گھر سے جاتے ہوئے اُن کے بیگ میں تھی۔۔۔۔

زوہان میرے بیٹے۔اپنی گناہگار ماں کو معاف کر دینا۔۔۔۔تمہارے لائق نہیں تھی میں۔۔۔تمہارے باپ نے جو کیا ٹھیک کیا۔۔۔میں گھر سے بے گھر ہوئی تو مجھے عقل آئی۔کہ میں نے اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو کس طرح لات ماری ہے۔۔۔جس کی سزا آج بھی میں بھگت رہی ہوں۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

مہر جب کافی دیر سے باہر نہ آئی۔اُس کے رونے کی آواز بھی آنا بند ہوئی

زوہان نے دروازہ کھٹکھٹایا۔۔۔

مہر تم سُن رہی ہو مجھے۔پلیز دروازہ کھولو۔۔۔میں تمہاری ہر بات ماننے کو تیار ہوں

۔۔۔مہر۔۔.زوہان نے زُور سے دروازے کو لات ماری۔

چابی سے واشروم کا دروازہ کھولا۔۔۔۔

تو مہر بے ہوش پڑی تھی ۔۔زوہان کے ہاتھ پیر پُھول گ ۓ۔

زوہان نے مہر کو اُٹھایا۔۔۔۔اور بیڈ پہ لٹایا۔۔ جلدی سے ڈاکٹر کو کال کی۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ کمرے میں داخل ہوا تو۔۔۔دُعا نماز پڑھ رہی تھی ۔۔۔۔

حمزہ بیڈ پہ شوز سمیت ہی لیٹ گیا۔۔۔۔۔

اُس کے سَر میں شدید درد ہو رہا تھا۔۔۔۔اچانک اُس کے ہاتھ پیر کانپنا شروع ہو گ ۓ۔۔۔ جلدی سے دراز سے اپنی مطلوبہ چیز نکالی۔۔

اور واشروم میں چلا گیا۔۔۔چہرے پہ پانی کے چھینٹے مارنے لگا۔۔۔۔۔پھر اُس نے اُس زہریلی سوئی کو اپنے اندر اُتارا۔۔۔

دیکھو نامہر تمہارے لیے مجھے کیا کچھ کرنا پڑ رہا ہے۔۔۔شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر اپنے چہرے کو غور سے دیکھنے لگا۔۔۔۔

سچ میں محبت انسان کو اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے۔۔۔مل جائے تو زندگی جنت بن جاتی ہے نا ملے تو جیتے جی مار دیتی ہے۔۔۔۔اور میں بھی تو مَر چکا ہوں۔۔بس اس دُنیا کے لیے زندہ ہوں۔حمزہ اپنی حالت پہ ہنسا۔۔۔

باہر آکر بیڈ پہ لیٹ گیا۔۔۔۔

آپ کے لیے کھانا لاؤں۔دُعا آہستہ سے بولی۔

میری ماں بننے کی ضرورت نہیں ہے۔اپنا کام کرو۔۔حمزہ نے کہہ کر کروٹ بدلی۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

سوری احسن لیٹ ہو گئی۔فریال گاڑی میں بیٹھتے ہوئے بولی۔

وہ آج احسن کے ساتھ منگنی کا ڈریس لینے جا رہی تھی۔۔۔۔

تھک ہار کر فریال نے اپنے لیے ایک فراک پسند کیا۔لائیٹ پنک کلر جس میں گولڈن موتیوں کا کام ہوا تھا۔

پھر وہ دونوں فوڈ کارنر کی طرف بڑھے۔

یہ دیکھو احسن یہ ہم بہن بھائیوں کی بچپن کی تصویر۔۔ کتنی کیوٹ تھی نہ میں۔فریال نے موبائل احسن کی طرف بڑھایا۔

یہ کون ہیں ؟ احسن کی نگاہیں زوہان کی تصویر پر ٹھہر سی گئیں۔۔۔کیونکہ اس بچے کو وہ پہلے دیکھ چکا تھا۔یہ وہی بچہ ہے جس کی تصویر کو اُس کی ماں سینے سے لگا کر روز روتی ہے۔۔۔۔

.یہ زوہان بھائی ہیں۔۔۔

تمہارے سوتیلے بھائی۔۔۔

احسن ہم نے کبھی بھائی کو سوتیلا نہیں سمجھا۔۔۔بس بھائی ہی ہمیں سوتیلا سمجھتے ہیں ۔۔۔ تھوڑے الگ نیچر کے مالک ہیں۔۔۔۔

اچھا۔۔ مطلب زوہان ہی مما کا بیٹا ہے۔ احسن دل ہی دل میں خوش ہوا۔۔۔

.ڈاکٹر مہر ٹھیک تو ہے نا؟؟زوہان فکر مند ہوتا ہوا بولا۔۔۔

جی زیادہ سٹریس لینے کی وجہ سے یہ بے ہوش ہوگئی تھیں۔۔۔ لیکن پریشانی کی بات نہیں ہے۔۔۔میں نے انجیکشن لگا دیا ہے۔۔۔اور یہ کچھ دوائیاں ہیں جو انہیں وقت پر لینی ہیں۔۔۔۔ڈاکٹر پرچی زوہان کی طرف بڑھاتا ہوا بولا۔

جی!! تھینکس ڈاکٹر۔۔۔زوہان ڈاکٹر کی طرف دیکھ کر بولا۔

ڈاکٹر کے جانے کے بعد۔۔۔زوہان مہر کی طرف بڑھا۔۔

مہر آئی ایم سوری۔ میں جان کر نہیں کرتا یہ سب بس میں یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ تم اُس حمزہ کے بارے میں سوچو۔ یا اُس کے گھر والوں سے متعلق کوئی بات کرو۔۔۔اُس سے جُڑے کسی بھی رشتے سے میں اپنا تعلق نہیں رکھنا چاہتا۔۔۔۔

پر تمہارے لیئے میں فریال کی منگنی میں شامل ہونے کے لیئے تیار ہوں

۔۔۔۔زوہان مہر کے ہاتھوں پہ اپنے لب رکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔

تم میری دُنیا ہو مہر۔۔۔۔سب کچھ ہو میرا۔۔۔۔مجھ سے کبھی بدگمان نہ ہونا۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

دُعا حمزہ کو بتائے بغیر اپنی ماں کے گھر گئی۔جہاں سے اُس نے اپنی بچپن کی کچھ تصاویر

۔اپنی ماں کی تصویریں لیں۔۔۔گھر کیا تھا صرف ایک کمرہ تھا جس میں وہ اپنی ماں کے ساتھ رہتی تھی۔۔۔۔۔

ابھی وہ جا رہی تھی کہ دروازے سے ایک بوڑھی عورت اندر آئی۔۔۔جو ساتھ ہی چھونپڑی میں رہتی تھیں

اور دُعا کے ہاتھ میں ایک خط تھمایا۔۔۔۔

یہ تمہاری ماں نے مجھے ہسپتال بلوایا تھا۔۔۔جب تم اپنی ماں کے علاج کے لیئے پیسے اکٹھے کرنے کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہی تھی۔۔۔۔

یہ خط بہت پہلے ہی وہ لکھ چکی تھی۔۔۔کچھ بتانا چاہتی تھی وہ تمہیں۔۔۔ایک سچ جو شاید تمہاری زندگی بدل دے۔۔

کیسا سچ اماں؟؟دُعانے جلدی سے خط پڑھنا شروع کیا۔۔چہرے کے تاثرات آہستہ آہستہ بدلتے گ ئے۔۔۔۔

تم ساجدہ کی بیٹی نہیں ہو۔۔۔۔تم ساجدہ کو سڑک سے زخمی حالت میں ملی تھی۔۔۔۔ایک سال کی تھی تب تم۔۔۔۔

بس اماں میری ماں وہی تھی جس نے مجھے زندگی کی دھوپ چھاؤں سے بچایا۔۔۔۔میرا خیال رکھا۔۔۔

دُعا کہتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔۔۔

پیدل چلتے چلتے وہ کہاں پہنچ گئی اُسے معلوم ہی نہیں ہوا۔۔۔۔

میں کون ہوں۔۔کیوں میرے والدین مجھے لاوارثوں کی طرح چھوڑ گ ئے۔۔۔میری کوئی شناخت نہیں ہے۔۔۔۔بے مقصد ہی میں اس زندگی کے جھمیلوں میں جھول رہی ہوں۔

حمزہ بھی مجھے اپنا مقصد پورا کرنے کے بعد چھوڑ دیں گے۔۔۔پھر کہاں جاؤں گی میں ۔۔۔۔ماں کے بغیر اُس گھر میں اکیلی کیسے رہوں گی۔اسی کشمکش میں وہ روڈ کراس کر رہی تھی۔۔ہاتھ میں تصویریں لیے۔۔۔۔

کہ اچانک سامنے سے آتی ہوئی گاڑی اُس سے ٹکرانے ہی والی تھی کہ کسی نے اُس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔۔۔

دُعا بیٹا۔۔۔دیکھ کر۔۔۔اور تم اکیلی حمزہ کہاں ہے؟شازیہ بیگم دُعا کو روڈ کی سائیڈ پر لے کر آئیں۔

وہ میں اپنی دوست سے ملنے آئی تھی۔۔۔۔

اچھا آؤ میرے ساتھ چلو قریب میں ہی میرا گھر ہے۔۔۔پھر حمزہ کو کال کرنا وہ تمہیں وہاں سے لے جائے گا۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

مہر کو ہوش آیا تو زوہان سامنے صوفے پہ سویا ہوا تھا۔شاید ابھی کچھ دیر پہلے ہی وہ سویا تھا۔

مہر بیڈ سے اُٹھی۔۔۔۔الماری سے سوٹ کیس نکالا اور کپڑے ڈالنے لگی۔۔۔۔

زوہان آنکھیں مَلتے مَلتے اُٹھا۔۔۔

مہر کیا کر رہی ہو۔۔یہ کپڑے کیوں ڈال رہی ہو ابھی تین دن ہیں ہمارے یہاں پر ۔۔۔زوہان نے مہر کو اپنے حصار میں لیا۔۔۔

زوہان پلیز پیچھے ہٹیں۔۔۔مجھے اب مزید نہیں رہنا۔۔میں جا رہی ہوں۔۔سڑک پہ رہ لوں گی۔۔لیکن آپ کے ساتھ نہیں۔۔مہر بے رُخی دکھاتے ہوئے بولی۔

مہر اتنا ناراض ہو مجھ سے۔۔۔سوری لاسٹ چانس دے دو۔۔اُس کے بعد کوئی شکایت تمہیں مجھ سے ہوئی تو بے شک چلی جانا کہیں بھی کسی کے پاس بھی۔روکوں گا نہیں۔

زوہان آپ کی باتیں میرے دل کو تکلیف دیتی ہیں۔۔۔

مہر نا چاہتے ہوئے بھی زوہان کے سینے سے لگ کر رونے لگی۔

کب تک ہرٹ کریں گے مجھے۔۔۔میرے ماضی کو کُرید کُرید کر میرے سامنے لائیں گے۔۔۔

وعدہ کرتا ہوں۔اب ایسا کچھ نہیں کہوں گا جس سے تمہیں تکلیف ہو۔۔۔

زوہان بھی اپنے آنسو روک نہیں سکا۔۔۔

اچھا اب رونا بند کرو اور جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔شاپنگ پر جانے کے لئے۔فریال کی اینگیجمنٹ ہے تو اُس کے لیے بھی کوئی تحفہ لے لینا۔۔۔

اور مما کے لیے بھی۔۔۔زوہان مسکراتا ہوا بولا۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

تمہارے ہاتھ میں کیا ہے۔؟؟شازیہ بیگم نے دُعا کو کمرے میں بٹھایا۔اور حمزہ کو بھی کال کر کے بتایا کہ مہر میرے گھر ہے۔۔دُعا کے پاس تو فون تھا نہیں

یہ میری بچپن کی کچھ تصویریں ہیں۔۔.دُعا پانی پیتے ہوئے بولی۔

دکھاؤ مجھے۔۔شازیہ بیگم نے وہ تصویریں دُعا کے ہاتھ سے لیں۔۔۔

میں اپنے گھر گئی تھی۔ آپ پلیز حمزہ کو یہ بات مت بتائیے گا۔۔۔

یہ تم ہو؟؟ شازیہ بیگم کے آنسو چھلک پڑے۔

جی یہ میں ہوں۔

سحر میری بچی۔۔۔ کہاں تھی تم۔۔ شازیہ بیگم دُعا کو پاگلوں کی طرح چومنا شروع ہو گئیں۔

آنٹی میں دُعا ہوں۔۔۔

نہیں تم میری سحر ہو۔ ایک منٹ۔ شازیہ بیگم نے صندوق سے سحر اور مہر کی بچپن کی تصویریں نکالیں۔۔۔

یہ دیکھو!! تم میری سحر ہو۔۔۔ شازیہ بیگم نے تصویر دُعا کو دکھائی۔

سڑک پہ پھینکتے ہوئے آپ کو اپنی سحر کا خیال نہیں آیا۔۔

نہیں بیٹا۔ میں نے ایسا کچھ نہیں کیا تھا۔۔ پھر شازیہ بیگم نے ساری بات دُعا کو بتائی۔۔۔۔

کہ کیسے اُس کا باپ اُسے بیچ آیا تھا۔۔۔۔

شیخ محمد سحر کو لے کر جب مطلوبہ جگہ پہنچا تو وہاں پولیس کی ریڈ پڑ چکی تھی۔ تو شیخ نے سحر کو وہیں قریب ہی پھینکا۔۔ اور خوف بھاگ گیا۔

ماں۔۔۔۔ سحر شازیہ بیگم کے سینے سے لگی۔۔۔۔۔۔

پھر شازیہ بیگم اُسے شیخ محمد کے کمرے کی طرف لے کر جارہی تھیں۔۔۔

دیکھو شیخ۔ سحر آگئی ہے۔۔۔ دیکھو آج ماں کی ممتا جیت گئی ہے۔ اللہ نے میری سسکیاں سُن لیں ہیں۔۔۔ میری سحر واپس آگئی ہے۔۔۔۔ شازیہ بیگم نے شیخ کو جھنجوڑا۔ لیکن شیخ دَم توڑ چکا تھا۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

شیخ کی موت کی خبر جب زوہان کو ملی تو۔ اُس نے مہر کو نہیں بتایا۔۔۔

دونوں اس وقت شاپنگ کر رہے تھے۔۔۔۔

ہوٹل پہنچ کر مہر نے کوٹ اُتار کر سائیڈ پہ رکھا۔۔۔

اور شاپنگ بیگز صوفے پر پھینکے۔۔۔۔

زوہان بھی کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

مہر تمہیں کچھ بتانا ہے۔۔۔شاپنگ مال میں فریال کی کال آئی تھی۔۔۔۔

انکل کی ڈیتھ ہو گئی ہے۔۔۔زوہان عزت سے شیخ کا نام لینے تو نہیں والا تھا لیکن مہر کا سوچ کر اُسے رحم آ گیا۔

کیا؟؟زوہان آپ ہوش میں تو ہیں کل میری امی سے بات ہوئی تھی۔۔.ابا بلکل ٹھیک تھے۔۔۔زوہان اگر یہ مذاق ہے تو بہت بُرا مذاق ہے۔۔

مذاق نہیں ہے مہرو۔۔۔سچ کہہ رہا ہوں۔زوہان نے مہر کو اپنے سینے سے لگایا۔

ایسا نہیں ہو سکتا زوہان۔۔مہر چیخنے لگی۔۔۔

مہر صبر کرو۔۔۔اُن کی بخشش کی دُعا کرو۔۔۔۔۔ساری رات روتے ہوئے گُزر گئی

---

صبح زوہان نے واپسی کی ٹکٹیں کروائیں۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

شیخ محمد کو دفنا دیا گیا تھا۔۔۔راجپوت مینشن میں سب کو معلوم ہو گیا تھا کہ دُعا ہی سحر ہے۔

فوزیہ بیگم بہت خوش تھیں کہ اُن کی دونوں بھانجیاں اُن کے گھر کی بہویں ہیں۔۔

مہر اور زوہان بھی پاکستان واپس آ چکے تھے۔۔۔۔زوہان سید ھا مہر کو قبرستان لے کر گیا۔۔

وہ جیسا بھی تھا مہر کا باپ تھا۔۔مہر اپنے باپ کی قبر کے ساتھ بیٹھ کر خوب روئی۔۔۔۔

سحر نے فوزیہ بیگم کو اپنے اور حمزہ کی شادی کی ساری حقیقت بتا دی۔۔۔

حمزہ جو کہ دو دن سے گھر ہی نہیں آیا تھا۔۔۔نہ ہی وہ شیخ کے جنازے میں شرکت کر سکا۔

شازیہ بیگم اپنے گھر میں تھیں۔وہ عدت میں تھیں۔مہر اُن سے خود ملنے آئی۔۔سحر بھی شازیہ بیگم کے ساتھ تھی۔۔۔

مہر میری بچی۔۔ آگئی تم۔۔۔ مہر بھاگ کر شازیہ بیگم کے سینے سے جا لگی۔۔۔

بیٹا۔۔بس چُپ ہو جاو۔۔۔

یہ سحر ہے۔۔۔۔ہماری سحر۔۔۔۔ تمہاری چھوٹی بہن۔۔۔۔شازیہ بیگم مہرو کی طرف دیکھ کر بولیں۔۔۔۔

مہرو کو پہلے ہی فوزیہ بیگم بتا چُکی تھیں۔۔۔ کہ حمزہ کی بیوی دُعا ہی اُس کی بہن سحر ہے ۔

اور سحر یہ مہرو ہے تمہاری بڑی بہن۔۔زوہان کی بیوی۔۔۔

سحر نے غور سے مہر کو دیکھا۔۔ حمزہ کی ساری باتیں اُس کے ذہن میں گھومیں۔۔۔

میں صرف مہر سے محبت کرتا ہوں۔۔۔ سحر کی آنکھیں بھر آئیں۔

سحر۔۔اپنی بہن سے ملو گی نہیں۔۔ مہر سحر کی طرف بڑھی۔۔۔۔

آپی۔۔۔ سحر کو ایک ساتھ اتنے رشتے مل گ ئے تھے۔۔۔۔

آپی کی جان۔۔۔امی یہ تو بلکل میرے جیسی ہے۔۔۔

تم دونوں باتیں کرو۔۔میں کچھ کھانے کے لیٔے لے کر آتی ہوں

حمزہ کے ساتھ خوش ہو۔۔۔۔

جی۔۔۔

سحر یہ میری بات کا جواب نہیں ہے۔۔۔خالہ بتا رہی تھیں کہ حمزہ تین دن سے گھر نہیں آیا۔۔۔

خالہ مجھے تمہارے اور حمزہ کی شادی کی ساری حقیقت بتا چکی ہیں۔۔۔

آپی انہوں نے مجھ سے شادی صرف آپکو دِکھانے کے لئے کی ہے۔۔۔۔اُن کا کہنا ہے کہ آپ آج بھی اُن سے محبت کرتی ہیں۔۔۔

پاگل ہے وہ۔زوہان سے میری شادی جس طرح بھی ہوئی تھی۔۔ لیکن میں اب بہت خوش ہوں اُن کے ساتھ۔۔۔

اور تم فکر نہ کرو تمہارا گھر میں کسی قیمت پر بھی برباد نہیں ہونے دوں گی۔۔۔۔مہر نے سحر کو حوصلہ دیا۔۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ بس کر یار اس طرح سے مَر جائے گا توں۔ موحب حمزہ کو اوور ڈوز لیتا دیکھ کر بولا۔۔۔

سخت جان ہوں میں اتنی آسانی سے نہیں مروں گا۔۔۔۔

پلان فائنل کرنا ہے مجھے جلد ہی۔۔ حمزہ موحب کی طرف دیکھ کر بولا۔

کیا کرنا چاہتے ہو تم؟؟؟؟

مہر کو اغواء۔۔ فریال کی منگنی کی تقریب میں جب سب بزی ہوں گے۔۔

مہر اور زوہان واپس آگئے۔۔۔؟؟

ہاں آگئے ہیں گھر کے گارڈ نے کال کی تھی۔۔۔

میں خود حمزہ سے بات کروں گی۔ وہ تمہارے ساتھ ایسا رویہ نہیں رکھ سکتا۔ بیوی ہو تم اُس کی۔ کوئی زر خرید غلام نہیں۔۔۔ مہر غصے سے بولی۔

نہیں آپی آپ رہنے دیں۔۔ کہیں حمزہ مجھے طلاق ہی نہ دے دیں۔۔۔ میں خوش ہوں مجھے اپنے رشتے واپس مل گ ئے۔۔۔ حمزہ مجھے جس بھی حال میں رکھیں ۔۔۔مجھے کوئی اعتراض نہیں۔۔ سحر کے گالوں پہ آنسو موتیوں کی طرح گرے۔۔۔

پر مجھے اعتراض ہے۔۔۔۔ آج ہی میں بات کروں گی۔۔ بہن ہو تم میری۔۔ میں تمہیں اس حال میں نہیں دیکھ سکتی۔۔۔۔ تم گھر جاؤ شام کو فریال کی منگنی کی تقریب ہے۔۔۔ ڈرائیور باہر انتظار کر رہا ہے۔۔۔۔ مہر نے سحر کو گاڑی میں بٹھایا۔۔

خود زوہان کو کال کی کہ وہ تھوڑا لیٹ گھر آئے گی۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

راجپوت مینشن رنگ برنگی روشنیوں سے چمک رہا تھا۔۔۔

سحر گھر میں داخل ہوئی۔۔۔۔ سامنے سے زوہان آ رہا تھا۔۔۔

اسلام و علیکم!! زوہان بھائی۔۔۔ کیسے ہیں آپ۔۔ سحر خوشدلی سے بولی۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔ کیسی ہو سحر۔۔ تم سے ملاقات نہیں ہو سکی۔شازیہ آنٹی کیسی ہیں ۔۔۔

جی امی ٹھیک ہیں۔۔۔

حمزہ کہاں ہے۔۔ دو دن سے میں آیا ہوں میں نے اُسے نہیں دیکھا۔۔

وہ تین دن سے گھر نہیں آئے۔۔۔ فریال نے کئی بار فون ٹرائے کیا۔۔۔ پر حمزہ کال نہیں اُٹھا رہے۔۔۔۔

ہممم۔۔ فکر نہیں کرو۔ آجائے گا۔۔۔۔ زوہان نے سحر کے سَر پہ ہاتھ رکھا۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

حمزہ کہاں ہو مجھے تم سے ملنا ہے۔۔ مہر کی کال حمزہ نے پہلی رِنگ میں ہی اُٹھالی۔۔۔۔

زہے نصیب۔۔۔ آج کیسے یاد کرلیا۔۔۔

بکواس بند کرو۔۔۔۔

اچھا اچھا ناراض مت ہو۔۔ ایڈریس بھیج رہا ہوں۔۔۔

حمزہ نے کہتے ہوئے فون رکھا۔۔۔۔

وہ مجھ سے ملنے آرہی ہے۔ حمزہ خوشی سے موحب کے گلے لگا۔۔

دیکھا میں نے کہا تھانا۔۔وہ صرف تمہاری ہے۔۔اب آگے کا پَلان سُنو۔۔۔

موحب حمزہ کو آگے کا منصوبہ سمجھانے لگا۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

زوہان آفس میں داخل ہوا۔۔سب لوگ ڈر کر کھڑے ہو گئے۔

زوہان نے مینیجر کو اندر بلایا۔۔

ویلکم بیک سَر۔۔۔مینیجر اندر داخل ہوتا ہوا بولا۔۔۔

میرے پیچھے کیا کیا ہو تا رہا مجھے اُس کی ساری ڈیٹیل چاہیے۔۔۔زوہان فائلز کھول کر پڑھنے لگا۔

سَر آپ کے جانے کے بعد حمزہ سَر یہاں آتے رہے ہیں۔۔۔وہ کہہ رہے تھے کہ آپ نے اُنہیں آفس آنے کی اجازت دی ہے۔میں نے تسلی کے لیے آپ کو کئی بار کال کی۔لیکن فون بند جا رہا تھا۔۔۔مینیجر نے گزشتہ دو ہفتے ہونے والی تمام میٹینگز کی تفصیل دیں۔

ٹھیک ہے تم جاؤ۔۔۔۔ حمزہ یہاں کسی مقصد کے تحت ہی آیا ہو گا۔۔۔۔۔ کیا مقصد ہو سکتا ہے اُس کا۔ ابھی زوہان سوچ ہی رہا تھا کہ فوزیہ بیگم کی کال آئی۔۔۔۔

کہ اُسے احسن کے کپڑے پہنچانے ہیں جو اُس نے آج تقریب پہ پہننے ہیں۔۔

زوہان اُٹھا۔۔اور گھر سے کپڑے اور دیگر سامان لیا اور احسن کے گھر کی طرف روانہ ہوا۔ احسن کے گھر کا ایڈریس وہ احسن سے لے چُکا تھا۔ احسن نے آسانی کے لئے واٹس ایپ پہ لوکیشن بھی بھیج دی تھی۔۔۔

احسن کو جب زوہان کے آنے کا معلوم ہوا تو وہ خود گھر سے چلا گیا تاکہ عفت بیگم اور زوہان کی ملاقات اچھے سے ہو سکے۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

مہر حمزہ کی بتائی ہوئی جگہ پر پہنچی۔۔یہ ایک اوپن بلڈنگ تھی۔۔ جس کی تیاری میں ابھی کافی وقت تھا۔۔۔

سیڑھیاں چڑھ کر وہ اوپر کی طرف گئی۔۔۔

حمزہ حمزہ کہاں ہو۔۔ موبائل نکال کر حمزہ کی بھیجی ہوئی لوکیشن دیکھنے لگی۔۔۔ کہ وہ ٹھیک پتے پر پہنچی ہے کہ نہیں۔۔۔

ایڈریس تو ٹھیک ہے۔۔۔ وہ جانے ہی لگی تھی کہ کسی نے اُس کے منہ پہ رومال رکھ کر اُسے بے ہوش کر دیا۔۔۔

مہر تم صرف میری ہو۔۔ صرف میری۔۔ حمزہ مہر کے چہرے پہ نرمی سے ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔۔۔

یہ سب کرنا نہیں چاہتا تھا میں۔۔ لیکن تمہارے دل میں زوہان کے لیے پیار دیکھ کر مجھ سے رہا نہیں گیا۔۔۔

مہر کے ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے تھے۔۔۔۔

فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ اُس زوہان کو بھی یہیں لا کر تمہارے سامنے ختم کروں گا۔۔۔ آزاد کر دوں گا۔۔ تمہارے دل کو اُس کی محبت سے۔۔ اور ویسے بھی محبت جان مانگتی ہے۔۔۔ محبت کرتا ہے زوہان تم سے۔۔ تو اتنی قربانی تو دینی پڑے گی۔۔ مہر بے ہوش تھی۔۔۔۔

حمزہ نے مہر کے چہرے کو اپنے قریب کیا۔۔۔۔۔

آج اتنی مدت بعد تمہیں ایسے دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔۔حمزہ نے اپنا سَر مہر کی گود میں رکھا۔۔

مہر میں بہت تڑپا ہوں۔۔ تمہاری قربت کے لیے۔۔اس محبت کے لیے۔۔۔دیکھو نا مجھے دیوانہ بن گیا ہوں۔۔۔

تمہارا دیوانہ۔۔۔۔

کچھ دیر میں موحب آیا۔۔۔۔حمزہ نے لال آنکھوں سے آتا ہوا پانی صاف کیا۔۔۔

یہ فون پکڑ اور زوہان کو کال کر۔۔۔۔اور اُسے یہاں بُلا۔۔۔۔

حمزہ نے فون پکڑا اور زوہان کو کال ملائی۔

✿✿✿✿✿✿

زوہان گھر میں داخل ہوا۔۔سامان اُس سے ملازم نے پہلے ہی لے لیا تھا۔۔

احسن کہاں ہے۔اور باقی سب لوگ۔۔زوہان صوفے پہ بیٹھتا ہوا بولا۔

جی احسن صاحب اوپر کمرے میں ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ بھی وہیں آجائیں ۔۔ملازم نے احسن کے پلان کے مطابق ہی جھوٹ بولا۔

اوکے ۔۔زوہان کہتا ہوا سیڑھیاں چڑھنے لگا۔۔۔کمرے کا دروازہ کھول کر۔۔۔وہ جیسے ہی اندر گیا۔۔۔

عفت بیگم جو سامنے ہی کُرسی پہ بیٹھی کتاب پڑھ رہی تھیں۔۔۔زوہان کے قدم وہیں ٹھہر سے گئے۔

آپ۔۔۔آپ کی ہمت کیسے ہوئی میری زندگی میں واپس آنے کی۔۔۔۔زرا خیال نہیں آیا آپ کو میرا بابا کا۔۔۔۔

زوہان میرے بچے۔۔۔عفت بیگم بھی زوہان کی باتوں سے اُسے پہچان گئیں۔۔۔۔

نہیں ہوں میں آپ کا بیٹا۔۔۔آپ کا بیٹا اُسی دن مر گیا تھا جب آپ اُسے چھوڑ کر گئی تھیں۔۔۔گیم کھیل رہیں آپ میرے ساتھ۔۔فریال کا رشتہ احسن سے کر کے۔۔مجھے پھر سے اکیلا کرنا چاہتی ہیں آپ۔۔۔زوہان چلایا۔۔۔

زوہان بھائی ایسا نہیں ہے۔۔۔۔احسن بھی کمرے میں آیا۔۔

مما ہر وقت آپ کی یاد میں روتی رہتی تھیں۔۔۔انہیں اپنی غلطی کا احساس ہو چکا ہے ۔۔اتنی سزا کافی ہے اُن کے لیے۔۔۔

سزا تو مجھے ملی ہے جب ان کو اپنی پارٹیوں سے فرصت نہیں ملتی تھی۔۔۔جب میں اندھیری راتوں میں اکیلا ہوتا تھا۔۔۔چیختا تھا چلاتا تھا۔۔۔۔جب میری معصومیت کو روندا جاتا تھا۔۔۔۔سزا میں نے کاٹی ہے۔۔۔میں نے۔۔۔۔

زوہان اپنی ماں کو معاف کر دو۔۔۔آخری بار۔۔۔عفت بیگم زوہان کے پیروں میں بیٹھ گئیں۔

مما یہ کیا کر رہی ہیں آپ اُٹھیں۔۔احسن عفت بیگم کو سہارا دے کر اُٹھانے لگا۔

مجھے میرا بچپن واپس کر سکتی ہیں آپ وہ وقت واپس کر سکتی ہیں جس میں مجھے آپ کی سب سے زیادہ ضرورت تھی۔۔۔۔زوہان نے عفت بیگم کو زمین سے اُٹھایا۔۔۔۔

نہیں۔۔لیکن میں اپنی باقی زندگی تمہارے ساتھ گزارنا چاہتی ہوں۔۔۔اپنی غلطیوں کا کفارہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔۔۔آخری موقع دے دو۔۔۔۔

زوہان نے عفت بیگم کو اپنے سینے سے لگایا۔۔۔۔ماں کی ممتا کو تھوڑا سا سکون ملا۔

ماما۔۔۔زوہان نے عفت بیگم کے ہاتھ چومے۔۔۔۔۔

ماما میں نے بھی آپ کو بہت یاد کیا۔۔۔ آپ کی ایک تصویر آج بھی میرے والٹ میں موجود ہے۔۔۔۔

کیوں گئیں آپ مجھے چھوڑ کر کیوں۔ آپ کے جانے کے بعد بابا نے فوزیہ آنٹی سے شادی کرلی۔۔ ہم ایک نئے گھر میں شفٹ ہوئے۔۔۔۔ پھر بابا بھی مجھے چھوڑ کر چلے گئے۔۔۔۔

زوہان عفت بیگم سے لپٹ کر رو رہا تھا۔۔۔۔۔۔ پھر عفت بیگم نے اُسے بتایا کہ وہ یہاں کیسے آئیں۔

✿✿✿✿✿✿✿✿

اچھا اب میں چلتا ہوں۔۔۔شام میں ملاقات ہوتی ہے۔۔۔۔زوہان نے عفت بیگم کے ماتھے کو چوما۔۔۔

اللہ حافظ ماما۔۔۔۔

اللہ حافظ شام کو آؤں گی تمہیں اور اپنی بہو کو لینے۔۔۔اب یہ تمہارا گھر ہے۔۔۔

جی ضرور۔۔زوہان کہتا ہوا وہاں سے نکل گیا۔۔۔ آج اُس کا فوزیہ بیگم سے بھی معافی مانگنے کا ارادہ تھا وہ اتنا خوش تھا۔۔۔

فون نکالا تو حمزہ کی ڈھیر ساری مِسڈ کالز دیکھیں فوراً کال بیک کیا۔۔۔

زوہان بھائی حمزہ کی طبیعت اچانک خراب ہو گئی ہے۔۔ آپ جلدی سے آئیں اور سحر کو بھی لیتے آیئے گا۔ موحب نے کہتے ہوئے فون بند کیا۔

زَوہان نے دوبارہ کئی بار اُس نمبر پہ ٹرائے کیا لیکن فون بند جا رہا تھا۔

بس اُس کو ایڈریس ایس ایم ایس کر دیا تھا۔۔۔

زوہان اب اس پریشانی میں تھا کہ وہ سحر کو کیا بتائے۔۔۔ کیسے اُسے ساتھ لے کر جائے۔۔ کیونکہ شام کو منگنی کی تقریب بھی تھی۔۔۔

زوہان نے گاڑی گھر کی طرف موڑی۔۔ سحر کو اپنے ساتھ لیا۔۔۔ گھر والوں کو بتائے بغیر۔۔۔۔

زوہان بھائی کہاں لے کر جا رہے ہیں آپ مجھے ؟؟؟ سحر گاڑی میں بیٹھ کر بولی۔

حمزہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اُس کے دوست کی کال آئی تھی کہ تمہیں لازمی ساتھ لے کر آؤں۔۔۔

!!!کیا۔۔حمزہ ٹھیک تو ہیں نا

پتا نہیں یہ تو اب وہاں جا کر معلوم ہو گا۔۔زوہان نے گاڑی کی اسپیڈ تیز کی۔۔۔

مہر کو حمزہ اور موحب فلیٹ میں لے آئے تھے۔۔۔۔

اور زوہان اور سحر کو بھی وہیں آنے کا کہا تھا۔۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

فلیٹ میں زوہان اور سحر پہنچ چکے تھے۔۔۔دروازہ بھی کُھلا تھا۔

سحر فلیٹ کو پہچان چکی تھی۔۔۔یہیں تو اُس کا نکاح ہوا تھا۔۔۔۔

کہ اچانک موحب نے زوہان کے سَر پہ ڈنڈا مارا۔۔۔۔سحر زور سے چیخی۔

حمزہ نے سحر کے ہاتھ پاؤں کو باندھا۔اور اندر کمرے میں لا کر پھینکا۔جہاں مہر کو پہلے سے بے ہوش دیکھ کر سحر رونا شروع ہو گئی۔

زوہان کو گھسیٹ کر اُسے بھی اُسی کمرے میں لے گ ئے۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

راجپوت ہاؤس میں مہمان آنا شروع ہو گ ئے تھے۔۔۔ لیکن فوزیہ بیگم مہر، زوہان اور سحر کو نہ دیکھ کر پریشان ہوئیں۔۔

شازیہ بیگم سے فون کر کے معلوم کیا تو انھوں نے بتایا کہ مہر تو کافی دیر کی نکلی ہوئی ہے۔۔۔

سحر کو تو کچھ دیر پہلے دیکھا تھا وہ بھی اب گھر نہیں ہے۔۔۔ یا اللہ میرے بچوں کی حفاظت کرنا۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿✿

زوہان کو ہوش آیا تھا خود کو رسیوں میں جکڑا ہوا پایا۔۔

مہر ابھی بھی بے ہوش تھی۔۔ اُسے ہوش آیا تھا لیکن حمزہ نے اُسے دوبارہ بے ہوشی کا انجیکشن دے دیا تھا۔۔۔

زوہان بھائی آپ ٹھیک ہیں۔ آپی کو ہوش آیا تھا۔ لیکن حمزہ نے پھر سے انہیں انجیکشن لگا دیا۔ میری غلطی ہے مجھے آپی کو حمزہ کے پاس نہیں بھیجنا چاہیئے تھا۔۔

حمزہ کیوں کر رہا ہے یہ سب۔۔۔۔زوہان مہر کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔جس کی رنگت کچھ گھنٹوں میں ہی پیلی پڑ گئی تھی۔

تب ہی حمزہ اور موحب اندر داخل ہوئے۔ حمزہ کے ہاتھ میں کچھ کاغذات بھی تھے۔

حمزہ یہ کیا طریقہ ہے ہاتھ کھولو میرے۔زوہان چیخا۔

کیوں پسند نہیں آیا آپ کو۔۔۔۔ چلیں ان کاغذات پہ سائن کریں۔۔۔اس پہ سائن کرنے کے بعد مہر میری ہو جائے گی۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی میں ایسا کچھ نہیں کروں گا۔۔۔

موحب نے باہر جا کر کسی کو کال کی۔۔

کرنا تو پڑے گا۔اپ کو۔۔ورنہ مہر آپ کو بھی نہیں ملے گی۔۔۔۔

حمزہ مہر میری بیوی ہے۔۔۔۔اور تم بھی کسی کے شوہر ہو۔۔۔کچھ تو عقل سے کام لو۔۔۔۔

زبردستی بنایا تھا آپ نے اسے بیوی میری محبت تھی۔۔۔۔میری حمزہ چلاتا ہوا بولا،

اور آپ میری بیوی کی فکر نہ کریں اس کو بھی آپ کے ساتھ یہیں ختم کروں گا۔۔آپ ختم تو قصہ ختم۔۔۔

حمزہ۔۔۔میں جانتا ہوں کہ پاور آف آٹرنی تم اپنے نام کروا چکے ہو۔۔۔۔مجھے جائیداد دولت نہیں چاہیئے۔۔۔۔تم رکھو اسے اپنے پاس۔۔۔۔بس مہرو کو جانے دو۔۔۔ مجھے بھی اس پیسے سے کوئی مطلب نہیں ہے۔۔۔۔مجھے مہر چاہیئے۔۔یہ جائیداد تو موحب کو چاہیئے تھی جس نے میرا مشکل وقت میں ساتھ دیا۔۔۔اور میں جلد ہی اُس کے نام یہ سب کردوں گا۔۔۔۔حمزہ مہر کے گالوں کو چھوتا ہوا بولا۔

اوو تو یہ سارا آئیڈیا موحب کا تھا۔۔پاگل ہو گئے ہو تم۔ایک انجان شخص کے نام تم یہ پراپرٹی کروگے۔۔۔

موحب اندر آیا اُس کے ساتھ سات آٹھ بندے اور بھی تھے۔۔یہ لے حمزہ یہ پی اور پیپرز پر اپنے سائن کر تا کہ میں تو جاؤں یہاں سے۔

موحب نے حمزہ کو سگریٹ پکڑائی۔۔۔

حمزہ نے پیپرز پہ سائن کر دی ئے۔زوہان کے چیخنے چلانے کے باوجود۔۔۔

موحب نے شیطانی مسکراہٹ کے ساتھ اپنے ساتھیوں کی طرف دیکھا جنھیں حمزہ بھی پہلی بار دیکھ رہا تھا۔

اور پھر موحب نے اپنے ساتھیوں کو اشارہ کیا۔۔

ایک اشارے پر ہی انہوں نے حمزہ کو مارنا شروع کر دیا۔۔۔

زوہان اور سحر کے منہ پر ٹیپ لگا دی گئی تا کہ وہ شور نہ کر سکیں۔

بہت ہی بیوقوف انسان ہے تو حمزہ۔۔۔اپنے سگے رشتوں کو چھوڑ کر تو نے مجھ پہ بھروسہ کیا۔

ارے میں تو تجھ سے اپنی بے عزتی کا بدلہ لے رہا تھا۔۔۔

موحب نے حمزہ کا سَر زور سے دیوار پر مارا۔۔ جس سے وہ زمین پر گر گیا۔۔ چہرہ خون سے بھر چکا تھا۔۔۔

اُٹھاؤ اسے گاڑی میں ڈالو۔۔ اور ان لوگوں کو بھی۔۔۔

آج راجپوت ہاؤس میں ہماری دعوت ہے۔۔ موحب نے زور سے قہقہہ لگایا۔۔۔

سحر کی آنکھیں رو رو کر سوجھ چکی تھیں۔۔ سب کو گھسیٹ کر گاڑی میں بٹھایا گیا۔۔۔ اب گاڑی راجپوت ہاؤس کی طرف گامزن تھی۔

سب لوگ انتظار میں تھے کہ کب زوہان، مہر اور سحر آئیں گے اور منگنی کی رسم شروع کی جائے گی۔

فریال بھی ضد میں بیٹھی تھی کہ جب تک یہ لوگ نہیں آئیں گے وہ انگوٹھی نہیں پہنے گی۔۔

مہمان بھی آدھے سے زیادہ جا چکے تھے۔۔ کچھ خفا ہو کر اور کچھ تھک کر۔۔۔


https://winapster.com/urdu-novels/ https://www.facebook.com/winapster.novels

احسن بھی پریشانی میں ادھر اُدھر ٹہل رہا تھا۔۔۔ تھانے بھی وہ کال کر چکا تھا۔۔۔اور گمشدگی کی رپورٹ لکھوا چکا تھا۔۔۔

کہ اچانک فائرنگ کی آواز سنائی دی۔۔۔ موحب ہنستا ہوا داخل ہوا۔۔۔ حمزہ کو دھکا دے کر فرش پہ پھینکا۔۔۔۔

فوزیہ بیگم اپنے بیٹے کو اس حال میں دیکھ کر دوڑتی ہوئی اُس کے پاس آئیں۔

ان سب کو بھی باندھ دو۔۔۔۔ موحب غصے سے بولا۔۔۔۔

اور خود صوفے پہ جا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔

مہر کو بھی ہوش آ چکا تھا۔۔ اُسے تو کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔

مہر اور زوہان کے ہاتھ پاؤں کھولے گئے۔ زوہان کے منہ سے ٹیپ ہٹائی گئی،

تمہیں جو چاہیے تم لے جاؤ لیکن میرے گھر والوں کو چھوڑ دو۔۔۔۔ زوہان نم آنکھوں سے بولا۔

سب سے پہلے حمزہ کا کام تمام کرنا چاہوں گا۔۔موحب چلتا ہوا حمزہ کے پاس آیا، حمزہ جو مار کھانے کی وجہ سے بے ہوش تھا۔۔

موحب نے اُسے بالوں سے پکڑ کر کھڑا کیا۔۔۔

موحب حمزہ کو چھوڑ دو۔۔ تم میری جان لے لو۔۔زوہان چیختے ہوئے بولا۔۔

مہر زمین میں گھٹنوں کے بَل بیٹھ کر رونے لگی۔۔

گھر کے سب افراد چیخنے اور رونے لگے۔۔

موحب کے آدمیوں نے حمزہ کو پکڑ کر کھڑا کیا۔۔موحب خود دُور کھڑا ہو کر نشانہ باندھنے لگا۔۔

موحب کی پستول سے تین فائر ہوئے۔گولیوں کی آواز راجپوت ہاؤس میں گونجی۔۔۔

زوہان بھاگتے ہوئے گیا۔۔حمزہ کو زور سے دھکا دے کر پیچھے کیا۔۔۔

تینوں گولیاں زوہان کے سینے کو چیر گئیں۔۔۔

زوہان۔مہر زور سے چیخی۔۔۔گرتے سنبھلتے زوہان تک پہنچی۔۔۔

زوہان آنکھیں کھولیں پلیز۔

عفت بیگم زوہان کو اس طرح دیکھ کر چلانے لگیں۔۔۔اتنے سالوں بعد تو انہیں زوہان ملا تھا۔۔۔

پولیس جس کو احسن نے کال کر کے رپورٹ درج کروائی تھی۔۔وہ لوگ تفتیش کے لیے پہنچے۔۔

موحب سمیت سب کو گرفتار کر لیا گیا۔۔۔زوہان اور حمزہ کو ہسپتال پہنچایا گیا۔۔۔۔

✿✿✿✿✿✿

حمزہ کو تو ہوش آ گیا تھا، سحر حمزہ کے پاس ہی بیٹھی تھی۔۔۔

رو کیوں رہی ہو۔۔ مجھ جیسے انسان کے لیے آنسو بہا رہی ہو۔۔ حمزہ آہستہ سے بولا۔

حمزہ آپ کو ہوش آ گیا۔۔ اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے۔۔

تب سحر نے ساری کہانی حمزہ کو سنائی کہ کیسے زوہان نے اُسے بچایا۔۔۔

دُعا مجھے معاف کر دو۔۔ میں جانتا ہوں میں معافی مانگنے کے بھی قابل نہیں رہا۔۔

زوہان کے سینے سے گولیاں نکال لی گئیں تھیں۔۔۔ایک دن بعد اُسے بھی ہوش آگیا تھا۔۔۔

حمزہ نے تمام گھر والوں سے معافی مانگی۔مہر سے زوہان سے۔۔۔

مہر نے زوہان کے کہنے پر اُسے معاف کر دیا۔۔زوہان نے سب کو بتایا کہ عفت بیگم ہی اُس کی ماں ہیں۔۔جو اپنے کی ئے پر شرمندہ ہیں۔اور وہ انہیں سچے دل سے معاف کر چکا ہے۔۔

حمزہ کو بحالی ادارے یعنی rehabilitating centre بھیج دیا گیا تھا تاکہ وہ ڈرگز جیسی گندی عادت کو چھوڑ سکے۔۔۔۔

کچھ مہینے بعد۔۔۔

مہرو۔۔۔یار میری گھڑی کہاں رکھ دی ہے۔زوہان جو کب سے اپنی گھڑی ڈھونڈ رہا تھا۔۔

مہر آہستہ آہستہ قدم جماتی اندر آئی۔۔کیونکہ وہ اور زوہان جلد ہی والدین کے رُتبے پر فائز ہونے والے تھے۔

زوہان آپ نے سائیڈ ڈرار میں دیکھی۔۔مہر نے کہتے ہوئے سائیڈ ڈرار کھولا تو گھڑی سامنے ہی پڑی ہوئی تھی۔

یہ کیا ہے؟مہر گھڑی زوہان کی طرف بڑھاتی ہوئی بولی۔

او سوری جلدی میں دیکھنا بھول گیا وہ کیا ہے نا آج حمزہ گھر آرہا ہے۔تو خوشی میں کچھ سمجھ ہی نہیں آرہا۔

زوہان نے مہر کو اپنے سینے سے لگایا۔

مہر تم نے اس دوران گھر کو بہت اچھے سے سنبھالا ہے۔۔ماما کو فریال کو۔۔اور خاص طور پر سحر کو۔

مجھے فخر ہے تم پر۔۔زوہان نے مہر کے چہرے کو اپنے لبوں سے چھوا۔۔

اور مجھے آپ کو بیوی ہونے پر۔۔۔مہر مسکراتے ہوئے بولی۔

حمزہ بلکل تندرست ہو کر واپس آگیا تھا۔سب گھر والے بہت خوش تھے۔

رات کے کھانے سے فارغ کو ہو کر حمزہ روم میں گیا تو سحر نماز ادا کر رہی تھی۔

حمزہ بھی پاس جا کر بیٹھ گیا۔۔اور غور سے سحر کے چہرے کو دیکھنے لگا۔

سحر نے سلام پھیرا۔۔۔حمزہ نے اپنا سَر سحر کی گود میں رکھا۔۔۔

دُعا مانگ کر چہرے پہ ہاتھ پھیرا تو حمزہ کو دیکھ کر شرما گئی۔

کیا مانگا؟؟حمزہ نے سحر کے ہاتھ چومے۔

ہمارے رشتے کی سلامتی۔۔

تو کیا آپ کو اپنی زندگی میں یہ بے تُکا سا شخص قبول ہے۔حمزہ کی بات پر سحر ہنسی۔

جی۔دل و جان سے قبول ہے۔۔

فریال اور احسن کے ولیمے کی تقریب تھی۔

مہر شیشے میں کھڑی ہو کر۔جُھمکے پہن رہی تھی۔۔۔

تبھی ایک بچہ بھاگتا ہوا اندر آیا۔۔۔

ماما مجھے بھی تیار کرو۔۔۔ایسے ہی۔۔۔تین سالہ رامین توتلی زبان میں بولی۔

بیٹا ابھی آپ چھوٹے ہو جب بڑے ہو گے تو یہ سب پہن لینا۔۔۔

زوہان بھی اندر آیا اور رامین کو اپنی گود میں اُٹھایا۔۔۔

بابا کی پرنسز۔۔۔۔۔ چلو آپ کو دادی کے پاس چھوڑ کر آتے ہیں۔۔۔ عفت بیگم زوہان اور مہر کے اصرار پر اسی گھر میں رہائش پذیر تھیں۔۔۔۔

ہفتے میں ایک بار وہ اپنے گھر بھی چلی جاتیں۔

زوہان رامین کو دادی کے پاس چھوڑ کر دوبارہ اندر آیا۔۔۔

اور مہر کی کمر کے گرد بازو حائل کیے۔۔۔

کتنا تیار ہونا ہے۔۔۔ زوہان مہر کی گردن پہ اپنی محبت کی نشانی چھوڑتا ہوا بولا۔

بس تھوڑی دیر۔۔ مہر گھبراہٹ میں بولی۔۔۔

میں ویٹ کر رہا ہوں جلدی آنا۔۔۔ زوہان کہتا ہوا باہر نکل گیا۔

احسن اور فریال ایک ساتھ سٹیج پہ بیٹھے بہت اچھے لگ رہے تھے۔۔۔۔

سب کی ایک ساتھ فیملی فوٹو لی گئی۔۔۔ جس میں سب اپنی زندگی میں مطمئین دکھائی دے رہے تھے۔۔۔،

ختم شد۔۔۔